دوئ پاتې کړی نه دی خو ما ته به منسټر صاحب نن په دې هاؤس کښې وائی چې کوم نوے کار دې حکومت کړے دے چې نن ئے دا ټول هاؤس هم واؤری او دا ټوله صوبه ئے هم واؤری۔ سپیکر صاحب! دلته پرون خبره وشوه د ټریننګ، دا ټریننګ چې دے، دلته پراونشل انسټی ټیوټ آف ټیچرز ایجوکیشن چې دے دا خو نه زمونږ حکومت جوړ کړے دے او نه د دوئ حکومت جوړ کړے دے، دا اداره دلته موجود ده، زه ځکه نن د دې خبرې سره اختلاف کوم چې پرون منسټر صاحب دلته خبره وکړه چې په اولنی ځل باندې، زه ورته دا خبره کوم چې د الله په فضل سره په دې پینځه کاله کښې چې په ایجوکیشن کښې څومره اصلاحات راغلی دی، څومره اصلاحات دا که په ګورننس کښې راغلی دی، دا که په ټیچرز سائډ باندې راغلی دی، دا که په سټوډنټ سائډ باندې راغلی دی، دا زه نن چیلنج کوم، دا موجوده حکومت زه په دې خبره چیلنج کوم چې دا اوس په دې نه کیږی چې School based appointment د پاره تاسو رولز ریګولیشنز نه دی جوړ کړی، تاسو قانون سازی نه ده کړې او نن تاسو لګیایئ د NTS په ذریعه باندې استاذان بهرتی کوئ، صوبائی خود مختاری تاسو پامال کړه، دلته ETEA موجود نه وه؟ نن به منسټر صاحب ما له دا جواب هم راکوی چې آیا د ETEA په موجودګئ کښې د NTS دلته د راتګ کوم ضرورت وو؟ نن دلته زما میډیکل ته او انجینئرنګ ته چې کوم ماشومان بچی بچیان ځی، آیا هغوی د NTS د لاندې ځی او که هغوی د ETEA د لاندې ځی؟ زه به دا ګڼړم بلکه دلته دې باندې خو دا ټوله صوبه نن سوالیه نشان شوه چې په خپله اداره باندې اعتماد نه کول او د مرکز نه ته اداره راولې NTS، نن پکار دا ده چې مونږ ته دا جواب ملاؤ شی، دا خو ښکاره په خپله اداره باندې عدم اعتماد دے چې تاسو خامخا Testing کولو چې نه وو پکار، زه وایم چې نه وو پکار، ولې نه وو پکار؟ سپیکر صاحب، تاسو سوچ وکړئ چې نن یو جینئ یا یو هلک لس جماعت پاس کړی، دا ټیسټ دے، ایف اے/ ایف ایس سی پاس کړی، دا ټیسټ دے، بی اے/ بی ایس سی پاس کړی، دا ټیسټ دے، ایم اے ایم/ ایس سی پاس کړی، دا ټیسټ دے، ایم فل وکړی، پی ایچ ډی وکړی او بیا ټیچنګ کورس وکړی، دا که پی ایس ټی ده، دا که سی ټی ده، دا که ډی ایم دے، دا که هر کورس دے، تاسو

سوچ وکړئ سپیکر صاحب! چې ټیچنګ ته یو Applicant چې دے ، چې کله هغه Applicable وی، هغه درخواست ورکولے شی، هغه د یوولسو مرحلو نه تیر شوے وی، د یوولسو مرحلو نه، نن زه د دې حکومت نه تپوس کوم چې دا د دې د پاره وه چې پیسې راغونډې شی۔ یو Candidate به پینځه سکولونو ته Apply کوله او درې سوه روپئ چې دی، دا به یو Candidate جمع کولے او یو لاکھ خلقو Apply کړې وه، یو لاکھ خلق، ما ته خو لګی داسې چې دا خو NTS یو اداره ده، NTS او هغې ته کروړونه روپئ ورجمع کول وو، د هغې نه علاوه خو ما ته څه نه ښکاری۔ بیا پکار دا وه چې خامخا که تاسو ټیسټنګ ادارې ته پیسې ورکولې، که تاسو ETEA له دا پیسې ورکړې وې، په خپله صوبه کښې خو به پاتې شوې وې کنه۔ سپیکر صاحب! د روزګار په حواله باندې کلسټر سسټم، ما ته سراج الحق صاحب اووئیل چې مونږ کلسټر سسټم شروع کړو، که زه غلطیږم نه مونږ په هری پور کښې ابتداء کړې وه، دلته د هری پور ایم پی اے صاحب خو نن ګوهر نواز هم نشته او دغه هم نشته چې دا هم ستاسو په یاد کښې راولم چې دا هم زمونږ د حکومت Initiative وه او مونږ هلته شروع کړې وه۔ ما ته یو څیز داسې ښکاره نشو او ما وختی خبره وکړه، دلته سپیکر صاحب! که مونږ بې روزګارئ له راشو، روزګار چې دے هغه د تعمیر سره تړلے دے ، په دې ټول کال کښې د تعمیر کار په دې وجه ونشو چې حکومت وئیل مونږ Consultants hire کوؤ او اوس خبر شوم چې هغه بله ورځ نوټیفیکیشن شوے دے چې د درې کروړو روپو پورې به کنسلټنټ کار نه کوی او د درې کروړو نه به اخوا کنسلټنټ کار کوی، نه پوهیږو چې دا نوټیفیکیشن به کله Denotify کیږی؟ بې روزګاری چې ده، هغه دومره سیوا شوه چې نن هم مونږ دلته ناست یو، د دې اسمبلئ د ګیټ مخې ته خلق په احتجاج باندې دے د روزانه په بنیاد باندې، اوس ما ته میسج راغے چې په بهبود آبادئ کښې په بونیر کښې څوارلس کسان چې دی، هغه د روزګار نه اوویستې شو۔ دلته ورکرز ویلفیئر بورډ خلق د روزګار نه اوویستلې شول، د ټول ډیپارټمنټ نه او زمونږ انفارمیشن منسټر صاحب دا خبره ډیر په دعوې سره کوی چې مونږ ډاؤن سائزنګ کوؤ او بیا فنانس منسټر صاحب دا خبره کوی چې زمونږ 71% بجټ چې دے ، دا په تنخواګانو کښې ځی۔ مونږ حکومت ته دا خبره

کوؤ چې دا تنخواګانې خو څه د هندوستان خلقو له نه ورکوئ او نه ئے د ایران خلقو له ورکوئ او نه ئے د بل ملک خلقو له ورکوئ، دا خو د دې صوبې خلقو له ورکوئ، د ریاست او د حکومت ذمه واری دا وی چې خلقو له روزګار ورکړی، نن دا خو ډیره زیاته عجیبه خبره ده چې 71% بجټ چې دے، دا تاسو په تنخواګانو ورکوئ، اوس لګیدلی یئ خلق د نوکرو نه اوباسئ۔ سپیکر صاحب، د دې حکومت خو د خلقو سره او بیا خاصکر د زلمو سره او زلمی خو دومره خوشحاله وو، مونږ به د Election campaign دوران کښې کتل، ما په اولنی ځل باندې لیدلی دی چې زلمو هلکانو، زلمو جینکو په مخونو باندې جهنډې جوړې کړې وې، جهنډې او دوئ ورسره وعدې کړې وې چې مونږ به درله روزګار درکوؤ، پکار دا ده چې نن دا حکومت خلق د روزګار نه نه اوباسی، د روزګار نوې موقعې چې دی، هغه خلقو له ورکړی چې کوم خلق په روزګار دے هغه په روزګار اوساتئ، که کوم خلق په روزګار مستقل نه دے، هغه خلق په روزګار مستقل کړئ، لوئے لوئے موقعې د ریونیو ځان له جنریټ کړئ چې د هر ځائې نه ئے جنریټ کوئ، دا ستاسو ذمه واری ده او مونږ ته خو وئیلې شوی دا وو سپیکر صاحب! وزیر اعلیٰ صاحب وئیلی وو چې دلته به دومره سرمایه کار راځی چې دومره سرمایه کار چې مونږ به ئے ځایولې نشو۔ ما چې بجټ وکتو Foreign aid چې35 بلین دا به په دې 14-2013 کښې مونږ ته راتګ وو، د هغې مونږ ته به دا پیسې راتلې، نن پکار دا ده چې حکومت مونږ له دا جواب هم راکړی چې دا اوولس اربه روپئ په دیکښې کمے راغے، د هغې وجوهات څه وو؟ آیا په تاسو باندې بیرونی دنیا عدم اعتماد وکړو او که نه تاسو پخپله دغه امداد له لته ورکړه؟ او بیا زه حیران په دې یم چې Estimated 35 billion مونږ ته راتګ وو، دې صوبې ته، هغه مونږ ته رانغلې او په دې 15-2014 کښې دا حکومت په دې خوش فهمئ کښې دے چې مونږ ته به 39 اربه روپئ راځی نو بیا به غواړم دا چې فنانس منسټر صاحب دا هم د ځان سره ولیکی چې په خپل سپیچ کښې مونږ ته دا خبره وکړی چې آیا د دې 39 ارب روپو د راتګ کوم داسې لارې دی چې دوئ ورته جوړې کړې دی چې هغه به مونږ ته راځی؟ سپیکر صاحب! سراج الحق صاحب په خپل اولنی سپیچ کښې چې ما سره ئے هغه اولنے

سپیچ چې دے ، هغه هم دا دے ما سره پروت دے ، وئیل ئے مونږ به دلته دومره بجلی پیدا کوؤ چې د پاکستان ضرورت به برابروؤ او بهر به بجلی خرڅوؤ او بیا چې عمران خان صاحب راغے او د درې نیم سوؤ ډیمونو اعلان ئے وکړو، زه ډیر زیات خوشحاله شوم، ما وئیل څه شکر دے چې دا د لوډشیډنګ مسئله چې ده، دا ډیرو حکومتونو نه ده حل کړې خو عمران خان صاحب راغے ، درې نیم سوه ډیمونه چې دی، هغه هغه اعلان کړل او چې کله مې د بجټ دا کاپی وکتله، درې اربه روپئ چې دی، درې اربه روپئ د ډیمونو د پاره مختص دی او 36 منصوبې چې دی، دا دوئ Identify کړی دی۔ زه نن د سراج الحق صاحب نه تپوس کوم چې ملاکنډ تهری د دوئ په وخت کښې شروع شوے وو، څه د پاسه شپږ اربه روپئ پرې هغه وخت کښې لګیدلې وې چې زما یقین دے داسې یو کروړ روپئ د دوئ حکومت، د مولانا صاحب دوئ حکومت ورکړې وې او بیا باقی خو ظاهره خبره ده حکومت به هغه پیسې ورکولې، 81 میګاواټ بجلی نن د هغې ځائې نه پیدا کیږی، دوه اربه روپئ د هغې سالانه آمدن دے۔ سراج الحق صاحب! یو خو د درې نیمو سوؤ ډیمونو اعلان شوے دے ، تاسو د 36 منصوبو دلته وعده کړې ده او د هغې د پاره تاسو درې اربه روپئ ایښې دی نو ما چې بیګا کیلکولیشن کولو، ما وئیل چې په دې حساب باندې چې دوئ 36 ډیمونه جوړوی نو د دې صوبې خلق د واؤری چې په دې باندې به که خدائے پاک مې نه غلطوی نو شپیته کاله به پرې لګی، شپیته کاله به په دې 36 ډیمونو باندې لګی چې دا دلته جوړ شی۔ *(تالیاں)* آیا دا مذاق نه دے ، آیا دا توقې نه دی، توقې؟ دا خو د دې قام سره دوئ توقې کوی، پکار دا ده چې د یو ډیم اعلان ئے کړے وے ، هغه Fully funded وے ، په یو کال کښې به ئے تیار کړے وو، په یو نیم کال کښې به ئے تیار کړے وو، په دوه کاله کښې به ئے تیار کړے وو، که اویا میګاواټه بجلی راتلله، که پنځوس میګاواټه بجلی راتلله، دا بجلی به ترینه راغلې وه۔ سپیکر صاحب، زه په دې خبره خوشحاله شوم۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> بابک صاحب! لږ ټائم۔۔۔۔

<u>جناب سردار حسین:</u> چې په دیر کښې د یونیورسټئ اعلان شوے دے ، غالباً که زه غلطیږم نه، زه ډیر زیات خوشحاله شوم۔ په نوښار کښې د میډیکل کالج اعلان

شوے دے ، زہ ډیر زیات خوشحاله شوم۔ وزیر اعلیٰ صاحب به ما له لږه توجه راکوی، د وزیر اعلیٰ صاحب توجه به غواړم، زمونږ حکومت چې په پینځه کاله کښې څومره یونیورسټۍ جوړې کړې دی او څومره میډیکل کالجونه ئے جوړ کړی دی او څومره د یونیورسټو کیمپسې ئے جوړې کړی دی، وزیر اعلیٰ صاحب ته به مې دا خواست وی چې تاسو زمونږ نه ډیر زیات ښه یئ، تاسو سره ټیم هم ډیر زیات دے ، ستاسو پارټی هم غټه ده، دا به مې ورته خواست وی چې دلته به مونږ ته اعلان کوی چې د پیپلز پارټۍ او د عوامی نیشنل پارټۍ په حکومت کښې څومره یونیورسټۍ او څومره میډیکل کالجونه او څومره کیمپسونه جوړ شوی دی؟ د هغې نه به د تحریک انصاف او دا اتحادی جماعت سیوا یونیورسټۍ او سیوا میډیکل کالجونه او کمپسونه په دې صوبه کښې جوړوی او د دې اعلان په انتظار یم ان شاء الله که خیر وی۔ (تالیاں) سپیکر صاحب، د Tourism په حواله باندې۔۔۔۔

جناب سپیکر: سردار حسین صاحب! ټائم به لږ۔۔۔۔

جناب سردار حسین: او زما دا خواهش وو چې که د اپر دیر ذکر ونکړم، د اپر دیر او زه وایم دا د په ریکارډ وساتلے شی چې د دنیا په بهترینو ځایونو کښې د اپر دیر چې دے ، په بهترینو ځایونو کښې د Tourism د پاره دے ، د Tourism د پاره۔ (تالیاں) پکار دا وه چې دا حکومت انقلابی کارونه کوی چې نن مونږ وئیلی وے چې دوئ Innovation کوی Innovation ، هغه Creative خلق وو، دا داسې خلق دے چې د دوئ سره داسې داسې منصوبې دی چې لکه اوس د سونامی دا نوم چې دے ، دا مونږه هډو اؤریدلے نه وو، ما وئیل چې په اپر دیر کښې هم یو سونامی راغلې وه او داسې حیثیت ئے ورله ورکړے وو لکه څنګه چې مری ته ملاؤ دے یا څنګه چې دلته په دې وطن کښې د Tourism نورو ځایونو ته ملاؤ دے ، خدائے شته چې اولنې سړے به زه ووم چې ما به دا حکومت Appreciate کولو خو زه به غواړم، زه دا منم سراج الحق صاحب هم د دیر دے ، د دوئ په ذهن کښې به دا خبره وی خو زه دا ګنړم چې د دې صوبې د آمدن د ټولو نه لویه ذریعه، غټه ذریعه دا به جوړیږی، پکار دا ده چې دا حکومت As a non ADP

scheme د اپر دیر هغه کمراټ او هغه ټولې علاقې چې دی، شاید چې زه ئے نومونو کښې غلطیږم خو بهرحال د اپر دیر هغه علاقې چې هغه د Tourism د پاره یو لوئې ځائې اوګرځوی، زه ورته دا مبارکی ورکوم چې ان شاء الله دا به د Tourism د پاره یو ډیر لوئې مقام ګرځی سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب! ما سره خبرې ډیرې دی خو چونکه هغه فګرز ټول، فګرز ټول سکندر خان اوویل نو ما ځکه وئیل زه هغه طرف ته لا نړم، هغه کتاب مې بالکل بند وو او دا تاسو کتلے شئ چې هغه مې بند پاتې کړے دے-----

<u>جناب سپیکر:</u> هم دغه مسئله وی چې کوم مخکښې تقریر وکړی نو هغه شا ته ځائې نه پریږدی۔

<u>جناب سردار حسین:</u> بند مې پاتې کړے دے خو بهرحال د حکومت نه به مې دا خواست وی، د حکوت نه چې اوس د هم په دې باندې نظرثانی وکړی ځکه سپیکر صاحب، که زه وګورم دا، دا اوګورئ تاسو جی دا په دې باندې لیکلی دی، دا Proposed دے Proposed، دپاسه پرې سټیکر دے سټیکر او چې کله دلته د Passing Stage راشی نو ما ته پته ده دې کتاب کښې هیڅ بدلون نه راځی، اګرچه سراج الحق صاحب وائی چې ما له هیڅ چا تجویزونه رانکړل خو سراج الحق صاحب به بیا دا وکړی چې خپل ډیپارټمنټ ته به اووائی چې دا Proposed sticker چې دے، دا ترینه لرې کړه او بیا دا کاپی چې ده، دا به مونږ ته په ډسک باندې پاتې شی، د دې نه علاوه زیات زه څه وئیلې شم۔ (قہقہہ) ډیره زیاته مهربانی او ډیره مننه۔

<u>جناب سپیکر:</u> مهربانی جی، مهربانی، مهربانی۔ عاطف خان چونکه څه کوئسچن چې هغه سردار حسین داسې کول چې عاطف خان د جواب ورکړی۔ عاطف خان ته خواست کوم چې خبره وکړی۔

<u>جناب محمد عاطف (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم):</u> بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ سب سے پہلے تو آپ کا شکریہ سپیکر صاحب، ممبر صاحب نے تقریر کی اور ماشاءاللہ، ماشاءاللہ باتوں میں ان کا مقابلہ نہیں کر سکتا لیکن کام میں ان شاءاللہ مقابلہ کرکے دکھاؤنگا۔ (تالیاں) پانچ سال گزر گئے اور سارے سٹینڈرز

آپ کے سامنے ہیں جو میں نہیں کہونگا، جو International surveys ہوئے ہیں اور ان شاءاللہ تعالیٰ اگر اللہ نے موقع دیا اور پانچ سال گزرینگے تو اس کے بعد بھی ان شاءاللہ تعالیٰ جو Surveys ہونگے، وہ میں آپ کو دکھاؤنگا کہ اس میں اور اس میں کیا فرق ہے؟ ان شاءاللہ تعالیٰ یہ مجھے یقین ہے۔ (تالیاں) یہ کہتے ہیں کہ جی، مجھے کوئی نئی چیز نظر نہیں آرہی، ابھی اگر میں کہوں کہ جی مجھے یہ طرف نظر نہیں آرہی ہے، یہ طرف مجھے نظر آرہی ہے تو پھر میرے دیکھنے میں یا میری ڈائریکشن میں ہو سکتا ہے کوئی پرابلم ہو۔ 760 سکولز جو پچھلے زلزلے میں، دس سال تقریباً ہونے کو آئے ہیں جو کہ ہزارہ میں، بالاکوٹ میں، اس ایریا میں تھے، یہ کہہ رہے ہیں کوئی نئی چیز نہیں ہے، نو دس سال سے وہ سکولز نہیں بنے تھے، کوئی پروگرام نہیں تھا ان کے بننے کا، ابھی اس بجٹ میں ان کے بننے کا ہے تو یہ میرے خیال میں اگر ان کو نظر نہیں آرہا تو پھر یہ آپ دیکھیں قصور کس کا ہے؟ (تالیاں) پانچ کروڑ روپے، پانچ کروڑ روپے پہلی دفعہ ٹیچرز کیلئے، پرنسپلز کیلئے، Good performing Teachers اور پرنسپلز کیلئے یہ رکھے گئے ہیں کہ جو اچھا کام کرے، ان ٹیچرز کو آپ کوئی Incentives دیں، ان کو Motivation دیں، ان پرنسپلز کو کہ جی وہ اچھا کام کر رہے ہیں، تو میرے خیال میں اگر یہ ان کو نظر نہیں آرہا ہے اور یہ مجھے بتا دیں کہ ہم نے کتنے کروڑ روپے اپنے دور میں ٹیچرز کو اور پرنسپلز کو Good performance کے طور پر دیئے ہیں تو میں گناہگار ہوں، یہ مجھے بتائیں کہ جی 80 کروڑ روپے، 80 کروڑ روپے ہم نے ٹیچرز ٹریننگ کیلئے رکھے ہیں۔ مسئلہ یہ ہے کہ آپ نے دیکھا ہوگا عموماً بات آتی ہے کہ جی پرائیویٹ سکول کا ٹیچر، اس سرکاری سکول کے ٹیچر سے برا نہیں ہے لیکن ان کو ٹریننگ کی ضرورت ہوتی ہے، میں نہیں کہتا کہ ان کو ٹریننگ نہیں دی جاتی تھی لیکن این جی اوز کے ذریعے اور ٹیچرز ٹریننگ سنٹر تھا، میں پھر یہ دہراتا ہوں کہ سسٹم سارا ہے، گاڑی ہے، ایک کروڑ روپے کی گاڑی ہے، اس میں تیل ڈالنے کیلئے آپ کے پاس ایک ہزار روپے نہیں ہیں، کیا آپ اپنی منزل کو پہنچ سکتے ہیں؟ ہم نے یہ نہیں کیا، ہم نے سٹرکچرز بڑے بڑے نہیں بنائیں لیکن جو سسٹم ہے، اس کو بحال کرنے کی کوشش کر رہے ہیں، 80 کروڑ روپے ہم نے اس دفعہ ٹیچرز ٹریننگ کیلئے رکھے ہیں کہ جو موجودہ ٹیچرز ہیں، ان شاءاللہ تعالیٰ ان کو بہترین ٹریننگ دی جائے اور ٹریننگ بھی ایسی جو عام ٹریننگ ہوتی ہے وہ نہیں، ہم Outsource کر کے جو اچھی ٹریننگ دینگے، جو اچھی ٹریننگ دینگے Outsource کر کے، ان شاء

اللہ تعالیٰ ان کو اچھی ٹریننگ دینگے۔اس کے علاوہ School based recruitment ہے، مجھے یہ سمجھ نہیں کہ یہ کہہ رہے ہیں کہ پوری دنیا میں، پوری دنیا میں School based recruitment ہوتی ہے، ٹیچرز سکول سے Belong کرتے ہیں، یہ نہیں کہ کبھی یہاں بھیج دیا، کبھی وہاں بھیج دیا اور Political basis پہ ابھی جو سسٹم ہے، مجھے پتہ ہے کہ ابھی بھی لوگوں کو، میں نے بہت کوشش کی ہے لیکن ابھی بھی لوگوں کو گلہ ہوگا، میں نے کل بھی ذکر کیا تھا کہ Political basis پہ ٹیچر کو ٹرانسفر کیا جاتا ہے، جس کی حکومت آتی ہے، وہ اگلی پارٹی والے کو ادھر پہاڑوں پہ پہنچا دیتے ہیں، 80 میل دور وہ بیچارہ پھر تین گھنٹے ایک طرف سے، تین گھنٹے دوسری طرف سے، پھر وہ کیا پڑھائی کرے گا، کیا کروائے گا؟ اس چیز کو ختم کرنے کیلئے ہم نے School based recruitment شروع کی ہے تاکہ Political victimization ختم ہو اور نمبر دو کہ یہ Own کریں سکول کو کہ اسی سکول میں وہ رہے، اسی سکول میں پروموشن ہو، اس سے پوچھ گچھ کی جائے، یہ نہیں کہ آپ کسی سے پوچھیں اور وہ کہے کہ جی میں تو چھ مہینے پہلے فلاں جگہ تھا، ابھی آیا ہوں تو مجھے نہیں پتہ یہ میرے خیال میں نئی چیز ہے، یہ بھی اگر کسی کو نہیں نظر آرہا تو اس میں میرا قصور نہیں ہے۔ جو فرنیچر کے حوالے سے اکثر لوگ یہاں پہ گلہ کرتے ہیں کہ جی سکولوں میں فرنیچر نہیں ہے، جو وہ بنتا تھا، نیا سکول بنتا تھا تو اس کیلئے فرنیچر کی الاٹمنٹ ہوتی تھی، پھر پورے سال میں 40 لاکھ بچوں کے فرنیچر کیلئے ہو سکتا ہے کہ کوئی دو کروڑ یا تین کروڑ Repair کیلئے پیسے ہوتے تھے، اس دفعہ ہم نے ڈھائی ارب روپے صرف سکولوں کے فرنیچر کیلئے رکھے ہیں، میرے خیال میں اگر یہ کسی کو نظر نہیں آرہا، (تالیاں) اس کے علاوہ Non salary budget جو ہے، وہ ہم نے پچھلے سال چار ارب سے بڑھا کے آٹھ ارب تک کر دیا، آٹھ ارب کا، جس کا یہ تقریباً increase 92% ہے، اس میں ہم کریں گے کیا؟ جو ڈی اوز ہیں جو مختلف ایجوکیشن سسٹم، میں بار بار کہہ رہا ہوں کہ سسٹم ہے لیکن اس کو چلانا چاہیئے، ان کو 1992 کے بعد گاڑیاں نہیں دی گئیں اور اس میں ہم نے پہلی دفعہ Provision رکھی ہے کہ جو ڈی اوز ہونگے یا جو Entitled ہیں، نئے لوگ نہیں جو Entitled ہیں، جن کو موٹر سائیکل ملنی چاہیئے، ان کو موٹر سائیکل ملے گی، جن کو گاڑی ملنی چاہیئے ان کو گاڑی ملے گی تاکہ اگر آپ پندرہ سو، دو ہزار سکولز، ایک آدمی سے توقع کرتے ہیں کہ جو اس کو Manage کرے، اس کو آپ گاڑی نہ دیں، اس کو موٹر سائیکل نہ دیں، اس کو آفس

میں کمپیوٹر نہ دیں،اس کو فیکس نہ دیں اوراس سے توقع کریں کہ تم سب کچھ ٹھیک کرو، کیسے کرے گا؟ہم ان شاءاللہ تعالیٰ ان ڈی اوز آفسز کو،اس سسٹم کوEquipped کریں گے،اس کیلئے ہم نے چار ارب سے بڑھا کے آٹھ ارب روپے پر ہم لیکر گئے ہیں، میرے خیال میں یہ اگر کسی کو نظر نہیں آرہا تو پھر ان شاء اللہ تعالیٰ اگلے سال تک ان کو نظر آجائیگا۔اس کے علاوہ مانیٹرنگ سسٹم ہے، یہ بولا گیا کہ جی ہم نے ایک سوچا تھا یا خواب دیکھا تھا کہ جی مانیٹرنگ سسٹم ہونا چاہیئے، وہ تو میرے خیال میں سب کہتے ہیں جی کہ مانیٹرنگ سسٹم ہونا چاہیئے تواب جو یہ کہتا ہے کہ جی میں نے سوچا ہے کہ اگر آخری بال پہ میں چھکا لگاؤں تو تعریف اس کی ہو گی یا جو آخری بال پہ چھکا لگالیتا ہے، تعریف اس کی ہو گی؟ انہوں نے تو صرف سوچا تھا، ہم نے Practically کرکے دکھایا ہے (تالیاں) اوراس سے یہ مانیٹرنگ سسٹم کا، میرے خیال میں آپ کسی کو لے آئیں، میں نہیں Claim کرتا، آپ کسی کو لے آئیں پوری دنیا سے اوراگر یہ نہ کہیں کہ جی سکولوں میں ٹیچرز کی حاضری بہتر ہوئی ہے کہ نہیں ہوئی؟ آپ اپنے ایمان سے بولیں، یہ نہیں کہ میں نے کیا ہے لیکن آپ اپوزیشن والوں سے بولیں، میں نہیں کہتا کہ 100% ٹھیک ہوا ہو گا لیکن بہتری آئی ہے اسی مانیٹرنگ سسٹم کی وجہ سے،اسی سسٹم کی وجہ سے جو کہ پاکستان میں پہلے کبھی نہیں ہوا، ابھی بھی نہیں ہوا، Even پنجاب میں، سندھ میں بھی نہیں ہوا۔اس کے علاوہ جو یہ Redressal System ہم نے بنایا ہے، جو Complaint Redressal System جو ان شاءاللہ تعالیٰ کچھ دنوں میں Launch ہو جائے گا، اس سسٹم میں Automatic ایک طریقہ ہے کہ اگر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ سے کسی کو شکایت ہے تو وہ اس پہ شکایت کرے گا ای میل کے ذریعے، ایس ایم ایس کے ذریعے، فون کے ذریعے، اگر اس کی شکایت کا ازالہ نہ ہو تو Automatically ڈسٹرکٹ لیول سے وہ اوپر آکے ڈائریکٹوریٹ لیول پہ آئے گا، ڈائریکٹوریٹ لیول سے وہ سیکرٹری لیول پہ آئے گا، اگر وہ مسئلہ اس کا حل نہ ہو اور اگر اس کا مسئلہ حل ہو جائے پھر تو ٹھیک ہے لیکن اگر حل نہ ہو، وہ Automatically اوپر آتا جائے گا، یہ نہیں کہ اس کے اوپر کسی کو شکایت آئی ڈی او کو اور وہ اس کے اوپر بیٹھ گیا کہ جی میں نے کچھ کرنا بھی نہیں اور اوپر بھی نہیں جانا ہے، وہ Automatically اوپر جائے گا، یہ پہلی دفعہ نہیں ہوا تو یہ میرے خیال میں اگر کسی کو نہیں نظر آرہا تو اس میں پھر ہمارا قصور نہیں ہے، دیکھنے والے کا قصور ہو سکتا ہے۔اس کے علاوہ جو یونیفارم سسٹم کی بات کی گئی،

چونکہ مطلب میں دوبارہ سے یہ موقع لے رہا ہوں پھر ہیلتھ والے بھی بات کریں گے لیکن آخری بات یونیفارم سسٹم کی، ہم نے پہلے بھی یہ کہا ہے، اب دوبارہ یہ کہہ رہا ہوں کہ ہمیں اپنی زبانیں، ہمیں اپنی مادری زبانیں عزیز ہیں، چاہے وہ پشتو ہو، چاہے وہ ہندکو ہو، چاہے جو بھی زبان اس صوبے میں بولی جاتی ہے یا ملک میں بولی جاتی ہے لیکن مجھے یہ بتایا جائے جو بشمول یہاں پہ بیٹھے ہوئے ہیں اور یا یہ گیلری میں ادھر بھی بیٹھے ہوئے ہیں، یہ سب مجھے بتادیں کہ کونسے ایسے لوگ ہیں جو یہ کہتے ہیں کہ ہمیں اپنی زبان میں، دوبارہ سے دہرا رہا ہوں، ہم پشتو کی اپنی As زبان ہم قدر کرتے ہیں اور اس کو ہم پروموٹ بھی کریں گے لیکن As medium of instructions یہ کتنے لوگ یہاں پہ موجود ہیں جو اپنے بچوں کو پشتو میں تعلیم دلاتے ہیں؟ یہاں پہ جو بیٹھے ہوئے ہیں، میں چیلنج کرتا ہوں، مجھے کوئی بتادیں (تالیاں) اور غریب کے بچے کو کہتے ہیں کہ جی تم پشتو میں پڑھو اور اپنے بچے کو انگریزی میں پڑھا رہے ہوتے ہیں، اپنے بچے کو اردو میں پڑھا رہے ہوتے ہیں، اب یہ میری سمجھ میں نہیں آتی کہ جب ہم اسمبلی میں کھڑے ہو کر بولتے ہیں، جب ہم جلسے میں بولتے ہیں، اب یہ سارے تجربے ہم غریب کے بچے پہ کریں گے، اپنے بچے کیلئے انگریزی بہتر ہے، (تالیاں) خود کہتے ہیں کہ (تالیاں) خود مرغی کھاتا ہے اور غریب کو کہتے ہیں کہ تم دال کھاؤ، اس میں پتہ نہیں پروٹین زیادہ ہے، یہ زیادہ ہے وہ زیادہ ہے تو یہ میرے خیال میں ناجائز ہے، یہ منافقت ہے، یہ نہیں کرنا چاہیئے۔ ہمیں جو حقیقت ہے، وہ بولنا چاہیئے کہ ان شاءاللہ تعالیٰ ہم، میں دوبارہ سے بولتا ہوں کہ کوئی زبان، میں یہ مانتا ہوں کہ کسی زبان میں کوئی کمال نہیں ہے، اگر سٹی سکول سے، بیکن ہاؤس سے، لوگ اچھے سکولوں سے پڑھ کے انجینئرنگ اور میڈیکل میں جاسکتے ہیں تو یہ صرف زبان کا کمال نہیں ہے، اس میں ٹھیک ہے کہ ان کو ایک Edge ہوتا ہے لیکن صرف زبان کا کمال نہیں ہے، گورننس کا ہے، ٹیچر ٹریننگ کا ہے، ان سے پوچھ گچھ ہوتی ہے، جس طریقے سے ٹیچر Train کیا جاتا ہے، جس طریقے سے ٹیچر Recruit کیا جاتا ہے، سفارش پہ نہیں Recruit کیا جاتا، پوچھ گچھ ہوتی ہے، تو ان شاءاللہ تعالیٰ جب یہ ساری چیزیں ہونگی، ایک سے مسئلہ حل نہیں ہوگا، ٹیچرز ٹریننگ بھی ہوگی، بہترین ٹیچرز بھرتی بھی ہونگے، سفارشیں نہیں ہونگی تو ان شاءاللہ تعالیٰ یہ آپ دیکھیں گے کہ اس میں پرائیویٹ سکول میں اور سرکاری سکول میں فرق آئے گا اور یہ سسٹم بہتر ہوگا، ان شاءاللہ تعالیٰ۔ بہت شکریہ۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: سردار اورنگزیب نلوٹھا،اس کے بعد آپ بات کرلیں۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: شکریہ جناب سپیکر صاحب! میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے مجھے 15-2014 بجٹ کے اوپر بات کرنے کا موقع فراہم کیا۔ جناب سپیکر صاحب، یقیناً یہ موجودہ حکومت کا دوسرا بجٹ ہے اور حکومت کے آنے سے پہلے بجٹ تیار ہو گیا تھا تو حکومت یہ کہتی تھی کہ چونکہ یہ بجٹ ہم نے تیار نہیں کیا تو اس دفعہ یہ سارا بجٹ تیار کرنے کا خود سراج الحق صاحب کو اور حکومت کو موقع فراہم ہوا۔ چونکہ وائٹ پیپر کی وضاحت سکندر شیر پاؤ صاحب نے کر دی اور اے ڈی پی کی وضاحت سید جعفر شاہ اور سردار حسین بابک صاحب نے کی، میں صرف یہ جو بجٹ تقریر تیار کرکے سراج الحق صاحب کو دی گئی اور انہوں نے اسمبلی میں ہمیں پڑھ کر سنائی اور خود بھی ہم نے پڑھی، میں صرف اس کے اوپر بات کرنا چاہوں گا کہ سراج الحق صاحب نے یہ جو تقریر پڑھی ہے، اس میں انہوں نے کہا ہے کہ "ہماری حکومت جمہوریت پر یقین رکھتی ہے۔ ہم نے اقتدار میں مدینہ منورہ کی اسلامی ریاست اور نبی مہربان ﷺ اور خلفائے راشدین کے عہد زرین کو اعلیٰ ترین نمونے کے طور پر سامنے رکھا ہے۔ ہم آج اس عہد کی تجدید کرتے ہیں کہ ہم اپنے ملک اور بالخصوص صوبہ خیبر پختونخوا کو سیاسی، معاشی اور معاشرتی استحصال سے پاک معاشرے میں تبدیل کریں گے"، تو میں سمجھتا ہوں کہ سراج الحق صاحب نے یہ جو اپنی تقریر میں وضاحت کی ہے، اللہ کرے کہ اس کے اوپر انہیں عملدرآمد کرنے کی بھی اللہ تعالیٰ توفیق عطا فرمائے اور یہ ہے کہ انتہائی مذہبی جماعت۔۔۔۔۔

ایک رکن: آمین۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: مذہبی جماعت کے (مداخلت) مذہبی جماعت کے سربراہ بھی ہیں اور یقیناً اس حکومت کے بھی۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ مہربانی کریں، ہاؤس کے ڈیکورم کا خیال رکھیں۔ مطلب، نہیں آپ کی نہیں، Must be care آپ کی بات نہیں، آپ اپنی بات جاری رکھیں۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: اس حکومت کے بھی ذمہ دار عہدے پر فائز ہیں۔ان سے میں خصوصی طور پر یہ توقع رکھتا ہوں کہ جو تقریر انہوں نے کی ہے، بڑی خوبصورتی سے تقریر کی ہے اور پھر پتہ نہیں اس محکمے نے ان کو پھنسانے کیلئے یہ تقریر انہیں لکھ کر دیدی ہے جس طرح ابھی سکندر خان شیر پاؤ صاحب فرما رہے تھے کہ اگر ان کے ان وعدوں کے اوپر عملدرآمد نہ ہوا تو میں الیکشن کمشنر کے پاس جاؤں گا اور 62, 63 کا مطالبہ کروں گا، اللہ تعالیٰ انہیں اس سے محفوظ رکھے اور جناب سپیکر صاحب، میں آپ کی وساطت سے سینیئر وزیر صاحب، وزیر خزانہ صاحب سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ یہ جو بجٹ تیار ہوا ہے، یہ اس پورے صوبے کے وسائل سے تیار ہوا ہے اور اس میں پورے صوبے کے عوام کے ٹیکسز شامل ہیں اور اس کی تقسیم پورے صوبے کیلئے ہونی چاہیئے یا چند علاقوں کیلئے ہونی چاہیئے؟ اگر یہ پورے صوبے کا بجٹ ہے تو میں نے پہلے کہا ہے کہ میں جو چیزیں ہو گئی ہیں، جو باتیں ڈسکس ہو گئی ہیں، اس کے اوپر نہیں جاؤں گا، اگر یہ پورے صوبے کے وسائل ہیں تو ان کی تقسیم، میں مطالبہ کرتا ہوں حکومت سے کہ ڈویژن وائز برابری کی سطح پر اس کی تقسیم ہونی چاہیئے اور جناب سپیکر صاحب، بالکل اس بات کے اوپر کوئی اعتراض نہیں ہے مجھے کہ نوشہرہ کے اندر اور صوابی کے اندر یا تیمرگرہ کے اندر، لوئر دیر کے اندر وہاں تو بالکل ان لوگوں کا حق تھا کہ انہیں یہ فنڈ دیا گیا ہے لیکن میں جناب سپیکر صاحب، سراج الحق صاحب سے پوچھنا چاہوں گا کہ اور یہ اضلاع بالکل اس صوبے کا حصہ تھے، کیا ہزارہ ڈویژن بھی اس صوبے کا حصہ ہے یا نہیں ہے؟ چترال بھی اس صوبے کا حصہ ہے یا نہیں ہے؟ جنوبی اضلاع بھی اس صوبے کا حصہ ہیں یا نہیں ہیں؟ ملاکنڈ بھی اس صوبے کا حصہ ہے یا نہیں ہے؟ اور ان وسائل کی تقسیم آیا برابری کی سطح پر ڈویژن وائز ہو جائیگی یا نہیں ہو جائیگی اور جس استحصال کی آپ نے بات کی ہے اپنی تقریر کے اندر، آیا اس سے صوبے کے تمام عوام مستفید ہو سکیں گے یا نہیں ہو سکیں گے؟ جناب سپیکر صاحب، میں اس کے اوپر بھی کوئی اعتراض نہیں کرتا ہوں کہ میڈیکل کالج نوشہرہ میں حکومت بنانے جا رہی ہے اور تیمرگرہ میں بنانے جا رہی ہے، بننا چاہیئے لیکن جناب سپیکر صاحب، کیا ہزارہ کے عوام کے بھی حقوق ہیں یا نہیں ہیں؟ وہاں پہ ایک میڈیکل کالج جو ایک عرصے سے بنا ہوا ہے اور پورے ہزارہ ڈویژن کا اس کے اوپر لوڈ ہے، میں حکومت سے مطالبہ کرتا ہوں، سراج الحق صاحب سے مطالبہ کرتا ہوں کہ ہزارہ ڈویژن کیلئے بھی ایک نئے میڈیکل کالج کے قیام کا اعلان کیا جائے بلکہ منظوری دی

جائے خواہ وہ مانسہرہ میں بنے، خواہ وہ کوہستان میں بنے تاکہ ایوب میڈیکل کمپلیکس کے اوپر یہ بوجھ کم کیا جائے۔ جناب سپیکر صاحب، ان شاءاللہ سراج الحق صاحب اس صوبے کے عوام کا استحصال نہیں کریں گے جس طرح انہوں نے اپنی تقریر میں عہد کیا ہے اور عہد کی تجدید کی ہے۔ تو جناب سپیکر صاحب، اس طرف بیٹھے ہوئے اپوزیشن کے تقریباً 54 ممبران ہیں جو اس صوبے کے نصف سے تھوڑا کم ہیں، میں قطعاً یہ مطالبہ نہیں کرتا حکومت سے کہ ترقیاتی کاموں کا Fifty percent بجٹ اپوزیشن کے ممبران کو دیا جائے لیکن Forty percent جو ہمارا حق ہے، جو اپوزیشن کے ممبران کا حق ہے، Forty percent ترقیاتی بجٹ اپوزیشن کے ممبران کو دیا جائے جو ان کا حق ہے، یہ ہم مطالبہ کرتے ہیں حکومت سے۔ (تالیاں)

جناب سپیکر صاحب، سراج الحق صاحب نے ایک اور بات کا اعلان کیا، انہوں نے کہا کہ مجھے یہ بیان کرتے ہوئے مسرت ہو رہی ہے کہ آئندہ مالی سال کے بجٹ میں خیبر پختونخوا کے عوام جو انتہائی غریب اور کسمپرسی کی زندگی گزار رہے ہیں، جو دہشتگردی کے مارے ہوئے ہیں، جو لوڈشیڈنگ کے مارے ہوئے ہیں، جو مہنگائی کے مارے ہوئے ہیں، انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا کے عوام کے اوپر کوئی نیا ٹیکس نہیں لگایا جائے گا، آپ کی بڑی مہربانی جناب وزیر خزانہ صاحب، تو جناب سپیکر صاحب! میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں ان سے کہ آپ نے جو ایگریکلچر کے اوپر ٹیکس لگایا ہے، کیا وہ صوبہ خیبر پختونخوا کے عوام نہیں ہیں؟ آپ نے جو ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کے اندر اور دوسرے بہت سے درجنوں محکموں کے اندر آپ نے جو ٹیکسز لگائے ہیں، کیا وہ غریب عوام اس سے متاثر نہیں ہوں گے؟ جناب سپیکر صاحب، ڈاکٹرز کے اوپر جو ٹیکسز لگائے گئے ہیں، میں سمجھتا ہوں کہ یہ غریب عوام کے اوپر لگائے گئے ہیں، اگر ڈاکٹر پہلے ایک ہزار روپے فیس لیتا تھا تو ابھی وہ پندرہ سو روپے فیس لے گا اور آپ نے جو روٹ پرمٹ، ٹرانسپورٹ کے اوپر جو ٹیکسز لگائے گئے ہیں، کیا ٹرانسپورٹرز کرایے نہیں بڑھائیں گے اور اس سے غریب متاثر نہیں ہوگا؟ اسی طرح ایگریکلچر کے اوپر خصوصی طور پر، ہمارا صوبہ ویسے بھی زرعی طور اس کے اندر ہمیں اصلاحات کرنی چاہئیں تاکہ یہ اتنا زرخیز صوبہ ہے کہ ہم اگر ایگریکلچر کے اوپر محنت کریں تو گندم ہم اس صوبے کیلئے، اس کی ضرورت کیلئے یہاں سے پوری کر سکتے ہیں لیکن زراعت کے اوپر جب ٹیکسز لگائے جائیں گے تو کیا زمیندار متاثر نہیں ہوں گے؟ کیا وہ اس صوبے کیلئے اسی طرح محنت جس طرح وہ پہلے کر رہے تھے اور ٹیکسز لگا کر کیا انہیں Dishearten نہیں کیا گیا؟ تو میں یہ

مطالبہ کرتا ہوں وزیر خزانہ صاحب سے اور حکومت سے کہ خصوصی طور پر یہ جو زراعت کے اوپر ٹیکسز آپ نے لگائے ہیں، یہ فوری طور پر واپس کئے جائیں اور جناب سپیکر صاحب، اپنی تقریر کے دوران انہوں نے بجٹ کیلئے حکومتی ترجیحات کا جو اعلان کیا ہے، یہ تقریباً دس ترجیحات ہیں ان کی اور بالکل ابھی بڑے خفگی کے ساتھ وزیر تعلیم صاحب جو تقریر کر رہے تھے اور ناراضگی کا اظہار بھی کر رہے تھے، اصل میں سر، جو ایمر جنسی کا ایک ایسا لفظ ہے جس کو جنرل مشرف صاحب نے لگا کر پورے پاکستانی عوام کو ڈرا دیا ہے، انہوں نے بھی جو تعلیمی ایمر جنسی کا اعلان کیا ہے تو ہم یہ سمجھ رہے تھے کہ صوبے کے اندر کوئی تعلیمی انقلاب آنے والا ہے اور بہت جلد آنے والا ہے۔ چونکہ جونہی جنرل مشرف صاحب نے اس ایمر جنسی کا اعلان کیا تھا تو وہ نافذ ہو گئی تھی، ہم یہ سمجھتے تھے کہ یہ تعلیمی ایمر جنسی بھی جو حکومت نے اعلان کیا ہے جلد از جلد اس کے اوپر عملدر آمد ہو گا لیکن جناب سید جعفر شاہ صاحب نے اس دن کارکردگی تعلیمی حوالے سے جو، جو ان کی تعمیراتی تعلیم کے اندر سکولوں کی، کالجز کی اور ایڈیشنل رومز کی جو کارکردگی انہوں نے بتائی ہے، وہ صفر تھی اور وزیر صاحب نے اس کا خود بھی اعتراف کیا ہے اور ابھی یہ اپنی تقریر کے دوران جو فرنیچر کے حوالے سے اور ٹیچر ز کے حوالے سے اور جو اصلاحات کے حوالے سے بات کر رہے تھے، میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کو کامیاب کرے لیکن ایمر جنسی اور اس کے نفاذ اور پھر تعلیمی اصلاحات کے حوالے سے جو 'مین' بات تھی، جناب وزیر تعلیم صاحب! ہم آپ کو تجویز دیتے ہیں، آگے آپ بادشاہ ہیں، اگر آپ کو برا نہ لگے تو میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں آپ سے بھی اور آپ کے ذمہ دار محکمہ کے ذمہ داروں سے بھی کہ جناب سپیکر صاحب، سرکاری سکولوں کے اندر چاہے وہ پرائمری سکول ہو، مڈل سکول ہو، ہائی سکول ہو، ہائر سیکنڈری ہو، ان کے اندر جو ٹیچر ز تعینات کئے جاتے ہیں، وہ Train شدہ ٹیچر ز ہوتے ہیں اور مجھے بڑا افسوس ہے جناب سپیکر صاحب، انگلش میڈیم سکولز کی جب ہم بات کرتے ہیں تو انگلش میڈیم سکولوں کے اندر جو ٹیچر ز پڑھاتے ہیں جناب سپیکر صاحب، وہ Trained teachers نہیں ہوتے ہیں، وہ Untrained teachers ہوتے ہیں اور یہاں پہ چالیس پچاس، تیس ہزار سے اوپر اوپر تنخواہ ایک ٹیچر کو ملتی ہے جبکہ انگلش میڈیم سکولوں میں پانچ سے دس ہزار سے زیادہ کسی ٹیچر کی تنخواہ نہیں ہوتی لیکن میں منسٹر صاحب سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ انگلش میڈیم سکولوں کے ریزلٹس بہ نسبت سرکاری سکولوں کے کیوں بہتر آتے ہیں؟ اور یہ اس

کیلئے آپ کو سوچنا ہوگا اور اپنے محکمے سے پوچھنا ہوگا کہ چونکہ سرکاری سکولوں کے اندر Train شدہ ٹیچرز کے ہونے کے باوجود اگر ریزلٹس اچھے نہیں آرہے ہیں، میری اپنی یونین کونسل کے اندر ہائی سکول ہے جس کا تین فیصد جناب سپیکر صاحب، ریزلٹ آیا ہے اور جو بات میں نے پہلے بھی ایک دو دفعہ آپ سے کی تھی کہ بہت سے ایسے سکولز ہیں جہاں پہ سائنس ٹیچرز نہیں ہیں، سکولوں کے اندر ٹیچرز کی کمی ہے۔ جناب سپیکر صاحب، فرنیچر کی جو انہوں نے بات کی ہے، میں اپنے حلقے کے سینکڑوں سکولز بتا سکتا ہوں جناب سپیکر صاحب، جہاں پہ بچے ننگے فرش کے اوپر بیٹھ کر تعلیم حاصل کرتے ہیں سردیوں اور گرمیوں میں۔ جناب سپیکر صاحب، میں وزیر تعلیم صاحب سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ آیا اراکین اسمبلی اور وزراء صاحبان کے اگر بچے سرکاری سکولوں میں داخل کروا دیئے جائیں تو میں سمجھتا ہوں کہ پھر ہم سکولوں میں ضرور جائیں گے، اپنے بچوں کا پوچھنے کیلئے وہاں پہ ہم جائیں گے اور سکولوں کی حالت بہتر ہو گی۔ جناب سپیکر صاحب، یہاں پہ جو سرکاری سکولوں کے ٹیچرز ہیں، ان کے بچے انگلش میڈیم سکولوں میں پڑھتے ہیں تو پھر سرکاری سکولوں کی کیا حالت ہو گی، اس نظام کو کون ٹھیک کرے گا؟ جناب سپیکر صاحب، میں سمجھتا ہوں کہ جو سراج الحق صاحب نے اپنی تقریر کے دوران یہ بات، دس پوائنٹس دیئے ہیں صوبے کے اندر اچھی حکومت کیلئے اور اللہ کرے کہ اللہ تعالیٰ ان کو کامیابی نصیب فرمائے لیکن جب ہم کوئی بات کرتے ہیں جناب سپیکر صاحب! تو حکومت کی طرف سے ہمیں وہی جو ایک سال پہلے ان کا رویہ تھا، ہم یہ سمجھتے تھے کہ یہ بیچارے نئے ہیں اور کوئی بات نہیں ہے لڑائی کیلئے آتے ہیں تو سیکھ جائیں گے لیکن ایک سال کے بعد بھی نہیں سیکھ سکے، اب بھی لڑائی کرنے کیلئے اٹھ کھڑے ہوتے ہیں بنچوں کے اوپر، میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ جی ہم تو یہ بات کہتے ہیں، ہم نے کبھی نہیں کہا ہے، ہم یہ بات کبھی نہیں کہتے ہیں کہ آپ الیکشن کیوں نہیں کرواتے ہیں، بلدیاتی الیکشن آپ کیوں نہیں کرواتے ہیں؟ آپ نے خود نعرہ لگایا تھا کہ ہم 90 دنوں کے اندر اندر بلدیاتی الیکشن کروائیں گے، ہم یہ کہتے ہیں کہ آپ نے جو وعدہ کیا تھا عوام کے ساتھ، صوبے کے عوام کے ساتھ، وہ کم از کم آپ پورا کریں۔ جناب سپیکر صاحب، صنعتوں کی بحالی اور چھوٹی صنعتوں کی ترقی اور مزدوروں کے حقوق کے تحفظ کی بات کی ہے سراج الحق صاحب نے، یقیناً اگر ہمارے صوبے کی صنعتوں کو ٹھیک کر لیں اور صنعتیں بحال ہو جائیں تو ایک بہترین ذریعہ آمدنی اس صوبے کی آمدن میں اضافے کا باعث

بنتا ہے۔ تو جناب سپیکر صاحب، میں ایک اور بات آپ کے نوٹس میں لانا چاہتا ہوں۔ یہاں پہ سراج الحق صاحب نے اپنی تقریر میں صحافیوں کی فلاح و بہبود کیلئے جو بات کی ہے کہ صحافت ریاست کا چوتھا ستون ہے اور یہ معاشرے کا آئینہ ہے اور حکومت کی کوتاہیوں کی نشاندہی کرتی ہے اور ساتھ انہوں نے مردان اور پشاور کیلئے جو میڈیا کالونی کی تکمیل کیلئے فنڈ بھی رکھا ہے تو میں ان سے مطالبہ کرتا ہوں کہ ایبٹ آباد بھی اگر اس صوبے کا حصہ ہے تو ایبٹ آباد کے اندر بھی میڈیا کالونی کیلئے زمین سابقہ حکومت نے خریدی تھی تو کیا وہاں پہ بھی آپ اس میڈیا کالونی کے قیام کیلئے فنڈز رکھیں گے یا رکھنے کا۔۔۔۔۔

ایک رکن: وہ تمہارا مسئلہ نہیں ہے، ہم اس کو بنالیں گے۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: اچھا، بڑی مہربانی۔ میں شکریہ ادا کرتا ہوں جناب! اس پر آپ کا۔۔۔۔۔

(شور)

جناب سپیکر: ملک صاحب! تشریف رکھیں، آپ تشریف رکھیں۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر صاحب! ملک صاحب ماشاءاللہ جی، ملک صاحب کی کوئی بات نہیں ہے، یہ کہہ سکتے ہیں، آج کل ادھر بیٹھے ہوئے ہیں اور یہ ڈیسک بھی بڑی زور زور سے بجاتے ہیں، ڈیسک بھی بڑی زور سے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: (قہقہہ) جی بات جاری رکھیں۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر صاحب! میں گزارش کرتا ہوں حکومت سے کہ صوبے کے وسائل میں اگر ہمارا حصہ ہے تو میں یہ مطالبہ کرتا ہوں کہ میرے حلقے میں رجوعیہ ایک ایسا مقام ہے جہاں پر سمال ڈیم کیلئے فزیبلٹی رپورٹ تیار کی گئی تھی لیکن ابھی تک اس کی منظوری نہیں ہوئی تو میرے حلقے میں سمال ڈیم رجوعیہ کی منظوری دی جائے اور ایک تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال کا وزیراعلیٰ صاحب نے جب ایبٹ آباد تشریف لے گئے تھے، وہاں پر اعلان بھی کیا تھا حویلیاں تحصیل ہیڈ کوارٹر کے ہسپتال کا لیکن وہ اے ڈی پی میں میں نے نہیں دیکھا ہے، اس کا بھی جو وعدہ انہوں نے کیا تھا، وہ پورا کریں اور ساتھ ہی میرے حلقے حویلیاں کے اندر، وزیر صحت صاحب یہاں پہ بیٹھے ہوئے ہیں، ایک کیٹگری بی ہسپتال منظور ہوا تھا، ابھی تک وہاں پہ اس ہسپتال میں Equipments جو پچھلے سال کی اے ڈی پی میں شامل تھے اور اس سال بھی اے ڈی پی میں

رکھے گئے ہیں لیکن Equipments وہاں پہ نہیں بھیجے گئے ہیں تو مریضوں کو ایبٹ آباد آنا جانا پڑتا ہے تو اس کیلئے فوری طور پر Equipments وہاں پر دیئے جائیں اور جناب سپیکر صاحب، جو ہزارہ ڈویژن کا سب سے بڑا مسئلہ ہے کہ جب ہم ایبٹ آباد سے پشاور کی طرف آتے ہیں تو دو تین گھنٹے حسن ابدال تک ہمارے لگ جاتے ہیں، چونکہ اس وقت مرکز میں پاکستان مسلم لیگ نون کی حکومت ہے اور صوبے میں تحریک انصاف کی حکومت ہے تو میں، وزیر اعلیٰ صاحب چونکہ ذمہ دار ہمارے صوبے کے وزیر اعلیٰ صاحب ہیں، میں ان سے درخواست کرتا ہوں کہ ایکسپریس وے جو ہزارہ ڈویژن کے عوام کا ایک دیرینہ مسئلہ ہے، اس کو پورا کرنے کیلئے مرکزی حکومت اور صوبائی حکومت دونوں ملکر اس منصوبے کا فی الفور آغاز کریں تاکہ ہزارہ کے عوام کو ایک مصیبت سے ان کی جان چھوٹ جائے۔ بڑی مہربانی سر۔

جناب سپیکر: شکریہ، شکریہ جی۔ جناب شہرام خان ترکئی۔

جناب شہرام خان {سینیئر وزیر (صحت وانفارمیشن ٹیکنالوجی)}: شکریہ جناب سپیکر۔ بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر، بجٹ پر بحث ہو رہی ہے اور سارے معزز اراکین کل بھی، آج بھی انہوں نے باقاعدہ اپنی تجاویز، تنقید، یہ اب اپنی رائے آپ نے دی ہے جس کا ہم احترام کرتے ہیں۔ ہمارا کل بجٹ جیسا کہ اس پورے ہاؤس کو معلوم ہے کہ 404 billion rupees ہے۔ ہمارے وسائل، ہماری لاء اینڈ آرڈر سیچویشن یہاں کے ٹوٹل آپ پورے Scenario کو دیکھیں اور ہمارے بجٹ کو دیکھیں تو اس حساب سے جتنا ہو سکتا تھا، صوبائی حکومت نے ہر چیز پر نظر رکھتے ہوئے اس کو Accommodate کیا ہے، ہر اس سیکٹر کو جہاں پر ضروری تھا۔ جناب سپیکر، اگر میں ہیلتھ سے شروع کر لوں کیونکہ میرا ڈیپارٹمنٹ ہے Then overall میں بات کرلونگا کہ ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ میں اور ایجوکیشن منسٹر صاحب نے اپنی بات کر دی کہ ہم اس Race میں نہیں پڑتے جس طرح اس ہاؤس میں کہا گیا کہ کتنے کالجز بنیں گے، کتنے سکولز بنیں گے؟ ایک Race میں ہم چلے جاتے ہیں اور بلڈنگز پر بلڈنگز بنائی جارہی ہیں لیکن افسوس مجھے اس بات پہ ہوتا ہے کہ آج As a Health Minister یا ایجوکیشن منسٹر نے جس طرح کہا کہ سکولز ہیں ٹیچرز نہیں تھے، اس میں ہاسپٹلز تھے ڈاکٹرز نہیں تھے اور کچھ میں ابھی بھی نہیں ہیں اور ہم پھر بھی ہاسپٹل پر ہاسپٹل بناتے جارہے ہیں کہ جی مجھے سٹار لگے گا جب میں اناؤنس کرونگا کہ میں نے کیا، کہتے ہیں کیٹگری ڈی سے

کیٹگری سی کر دیا، بی کر دیا، اعلان کر دیا Political gain کیلئے اور وہاں Existing facilities ہیں، ان کو اگر میں Equipments نہ دے سکوں جس طرح سر دار نلوٹھا صاحب نے کہا اور بہت سارے معزز اراکین نے، تو اس پر روزانہ ڈیبیٹ ہوتی ہے، ہر دوسرے تیسرے دن جب اجلاس ہوتا ہے تو اس پر ہیلتھ اور ایجوکیشن پر ہوتی ہے تو اس بات پر مجھے خوشی ہے کہ جب دیکھتے ہیں کہ جی ہر بندہ Focus ہے ہیلتھ پہ اور ایجوکیشن پہ لیکن یہ بات ہم سارے کیسے بھول سکتے ہیں کہ ان ہاسپٹلز میں پورا ہاؤس، اپوزیشن ہو یا حکومت ہو، پہلی بات یہ کرتے ہیں کہ جی میرے حلقے میں ہاسپٹل ہے ڈاکٹر نہیں ہے، Equipments نہیں ہیں اور ساتھ میں دوسرے کا اعلان کر دوں تو یہ میں اس قوم کے ساتھ بھی زیادتی کر رہا ہوں۔ یہ جو جتنے پیسے ہیں، Tax payers کے ہیں، ان کے ساتھ بھی ناانصافی کر رہا ہوں۔ Need basis پر بالکل ہونا چاہیئے۔ آج تور غر میں جہاں پہ، ان کے ایم پی اے صاحب ادھر نہیں ہیں، اس پہ مسئلہ ہے لیکن یہ ہے کہ ہم نے Need basis پہ وہاں پہ اناؤنس کیا ہے۔ یہ وہ بات ہے جو پہلے نہیں تھی اور ہم کہتے ہیں کہ Existing facilities کو Strengthen کیا جائے، اس کیلئے اس بجٹ میں ہیلتھ میں خصوصاً پیسے رکھے گئے ہیں کہ ہم وہاں پر جتنے Equipments اور چیف منسٹر صاحب کی طرف سے کلیئر انسٹرکشنز ہیں کہ اس کو Strengthen کریں، ادھر ڈاکٹرز دیں، پیرامیڈیکس دیں، سٹاف دیں، Equipments دیں، ان کی حالت ٹھیک کریں اور اس کو ان شاءاللہ This financial year میں ہم کر کے رہینگے ان شاءاللہ۔ اس کے علاوہ سیلری اور نان سیلری میں تقریباً 25.23 بلین ہمارا بجٹ ہے اور ڈیویلپمنٹل سائڈ پر ہمارا ہے کچھ All together 11.283 billion۔ اب اس میں کچھ Ongoing schemes ہیں جو ہم چاہتے ہیں کہ جلد از جلد کمپلیٹ ہو جائیں اور کچھ نئی سکیمز ہیں جو Existing facilities میں جو ہمارے Tertiary care کے جتنے ہاسپٹلز ہیں، ان کو Strengthen کیا جائے۔ کوئی Facilities، ان کو کوئی اور ڈیپارٹمنٹ چاہیئے ہو گا، فیکلٹی چاہیئے ہو گی، ان کو Provide کی جائے تاکہ Health facilities اور Health services improve ہوں یہ اس بجٹ میں اس کو Focus کیا گیا ہے۔ جناب سپیکر، Measles پر بات ہوئی، میں یہ کلیئر کروں یہاں پہ کہ Measles کی ایک Impartial Facts Finding Committee بنائی گئی اور اس میں انہوں نے انکوائری کی، پہلی دفعہ حکومت نے وہ انکوائری

پوری ڈیٹیل کے ساتھ پھر اس پر ڈسکشن ہوئی اور پھر اس میں ہم نے کچھ Steps لیے جہاں پر Negligence تھی جس طرح سکندر شیر پاؤصاحب نے فرمایاCriminal negligenceجو میں نے اپنی سپیچ میں کہا تھا، جو پریس کانفرنس کی تھی کہ ایک بچے کی جان کو نقصان پہنچنا، یہ انتہائی افسوس ناک ہے اور وہاں پر چار بچوں کی جانوں کو نقصان پہنچا، وہ کسی کے بچے تھے، وہ اس قوم کے بچے تھے اور اس پر جو Culprits تھے، جو Responsible تھے تو تین کے خلاف ایف آئی آر 302 کی Launch کی گئی، چودہ ڈاکٹرز کو Suspend کیا گیا، کیوں Suspend کیا گیا؟ کیونکہ یہ ان کی (تالیاں) Responsibility تھی اور وہاں پر Negligence برداشت نہیں کی جاسکتی۔ سکول میں تعلیم صحیح نہ ہو، اس سے کسی کی جان کو نقصان نہیں پہنچتا، کسی اور ڈیپارٹمنٹ میں وہ سروسز پوری نہ ہوں، کوئی اس سے مرتا نہیں ہے لیکن ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ، ہیلتھ ہاسپٹلز میں ایک معمولی غلطی سے بہت سارے لوگوں کی جانوں کو نقصان پہنچ سکتا ہے اسلئے ہم نے یہ Strict action لیا۔ اس کے علاوہ جہاں پہ ہم جارہے ہیں، جس طرح Manage کر رہے ہیں کہ جتنے بھی ڈاکٹرز ہیں، ان کی حاضری کیلئے اور ہیلتھ سسٹم کو Improve کرنے کیلئے پہلی دفعہ ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ HMIS introduce کروارہا ہے Health Management Information System، اس بجٹ میں ہے جو کہ چیک اینڈ بیلنس ہو گا اور اس کے ساتھ ساتھ ہم بائیومیٹرک سسٹم بھی ہاسپٹلز میں Introduce کروارہے ہیں ان شاء اللہ تاکہ ہمیں پتہ چلے کیونکہ یہ سارے جتنے بھی ممبرز ہیں، یہ جب اپنے حلقوں میں جاتے ہیں تو زیادہ شکایت یہی کرتے ہیں کہ ڈاکٹرز غیر حاضر تھے تو اس کیلئے، اور تیسری بات جس طرح ایجوکیشن میں ایجوکیشن منسٹر نے کہا کہ ہم Independent Monitoring Unit اور کل میں تھا بھی نہیں، ایک کہ دو آنریبل، انہوں نے ریکویسٹ بھی کی تھی اور میں ان کا شکر گزار بھی ہوں کہ انہوں نے اپنا Concern show کیا کہ ہم Independent Monitoring Unit ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ میں Introduce کروارہے ہیں ان شاء اللہ (تالیاں) This financial year ان شاءاللہ اسلئے کہ سسٹم Strengthen ہو، ہماری اور کیا انٹرسٹ ہے، میری کیا ہوسکتی ہے حکومت کی اور اس ہاؤس کی کیا ہوسکتی ہے کہ اس پر Focus کیا جائے۔ جناب والا، بہت ساری باتیں اور بھی کی گئیں، NTS پر بات کی گئی، NTS پر میں یہ کہہ دوں کہ

تنقید یہ کی گئی کہ تین سو روپے لیے جاتے ہیں اور NTS کو پیسے دیئے جارہے ہیں، ان کو پیسے دیتے ہیں لوگ، اگر میں یہ کہہ دوں، یہ زیادتی نہیں ہوگی صحیح ہوگا کہ تین لاکھ روپے پر نوکری بکنے والے آج تین سو روپے پر ان کو انصاف مل رہا ہے، یہ ٹھیک ہے کہ غلط ہے؟ (تالیاں) آٹھ ہزار ٹیچرز بھرتی ہوئے ہیں، پورے ہاؤس کو ہم کہتے ہیں کہ جا کر چیک کریں، ایجوکیشن منسٹر کہہ رہا ہے کہ ہمیں بتائیں کہاں پر Fault ہے، کسی نے گڑبڑ کی ہو تو ہمیں پوائنٹ آؤٹ کریں، ہم ایکشن لینگے اور انصاف کے ذریعے آٹھ ہزار ٹیچرز پہلی دفعہ ٹیچرز مطلب ان میں سفارش کی کوئی گنجائش ہی نہیں ہے، میرٹ پر آئینگے تو بچوں کے Future کو Secure بنائیں گے اور یہی پولیس میں ہوا ہے کہ پولیس میں بھرتیاں پیسوں پر ہوتی تھیں، میں پھر Repeat کرتا ہوں کہ پیسوں پہ ہوتی تھیں، آج NTS کے ذریعے ہو رہی ہیں، وہ ETEA اور NTS خواکوئی ٹیسٹ ہو لیکن انصاف ہونا چاہیئے ان لوگوں کیلئے جن کا Approach نہیں ہے ان ممبران تک، منسٹرز تک، چیف منسٹر تک یا ان لوگوں تک جو Influential ہیں، کوئی بھی بندہ ہے پولیس میں جا کر ٹیسٹ دے سکتا ہے، اس کو انصاف ملے گا۔ کہیں پر کوئی غلطی ہوگی، کوئی کمزوری ہوگی تو حکومت ایکشن لے گی، کسی کے ساتھ گزارہ نہیں کیا جائیگا۔ آیا اگر یہ غلط ہے تو ہم غلطی کر رہے ہیں اور ہمیں فخر ہے پھر اس غلط کام پر کیونکہ یہ ٹھیک کام ہے اور ہم نے ٹھیک سمجھ کر اس کو آگے لایا۔ (تالیاں) یہ بھی میں کہہ دوں کہ اس NTS اور ETEA جو بھی ہے، اس کو ہم سٹڈی کر رہے ہیں، اس کو ہم ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ میں Introduce کروا رہے ہیں، کیوں؟ کیونکہ اگر ایک ٹیکنیشن، کلاس فور ٹھیک ہے، ممبرز پارلیمنٹ جتنے بھی بیٹھے ہوئے ہیں، چیف منسٹر صاحب کی طرف سے ہے کہ ان کو دیدیا جائے، ان کا حق ہے اور ہم دے رہے ہیں لیکن اس سے اوپر جتنے بھی لوگ ہیں ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ میں، ٹیکنیشن، میڈیکل ٹیکنیشن یا کوئی اور ٹیکنیشن، وہ سفارش پر بھرتی ہوگا تو وہ کیا انصاف کریگا، وہ کیا ٹھیک کام کریگا اور وہی ہوگا پھر بہت سارے لوگوں کی جانوں کو نقصان ہوگا، اس کو Redo کرنے کیلئے جو ہوا ہے اس کو تو پھر Redo نہیں کر سکتے لیکن آنے والے وقتوں کیلئے میرٹ کو آگے لانا، یہ اس حکومت کی Priority ہے اور اس پر کوئی Compromise نہیں ہوگا، میں پھر یہ کہہ دوں میرا ایک بندہ، میرا سفارشی ٹیکنکل پوسٹ پر ایک بھی نہیں ہوگا، ہوگا تو انصاف کے ساتھ ہوگا ورنہ بالکل نہیں ہوگا، یہ میری Commitment ہے۔ (تالیاں)

جناب والا، Unemployment کی بات کی گئی، ہم مانتے ہیں کہ یہاں پر بے روزگاری عروج پر ہے اور پورے ملک میں ہے لیکن خیبر پختونخوا فرنٹ لائن صوبہ ہے، آج پھر آپریشن سٹارٹ ہو گیا، وہاں اس کی بات کیا کرنا کہ حکومت کو Confidence میں نہیں لیا گیا اور مشورہ نہیں کیا گیا، پھر بھی یہ حکومت، یہ لوگ، یہ پولیٹیکل پارٹیز اپنی آرمی، اپنے لوگوں کے ساتھ کھڑی ہے لیکن میں یہ کہدوں کہ یہاں پر جو حالات ہیں، بزنس کمیونٹی ساری باہر جا رہی ہے اور ابھی جو یہ پچھلے چند مہینوں سے یہ Peace talks ہو رہی تھیں، اس میں یہاں پر Improvement آنا شروع ہو گئی تھی، وہ آج پھر رک گئی ہے، وہ پھر یہاں سے واپس جائیں گے۔ خیبر پختونخوا کون آئیگا، جب ہمارے اپنے لوگ یہاں سے باہر جائیں گے تو باہر کے لوگوں کو ہم اس حالت میں کیسے بلائیں گے؟ پھر بھی خیبر پختونخوا کی حکومت، وزیر اعلیٰ صاحب نے اس پر کام، کافی ڈسکشن بھی کی ہے کہ ہمارے جتنے انڈسٹریل زونز ہیں، کرک میں ہیں، کوہاٹ میں ہیں، جہاں پر وہ گیس کے Reservoirs ہیں ادھر اس کو Establish کر رہے ہیں۔ گدون میں ہے، ملاکنڈ میں کر رہے ہیں، ہزارہ میں کر رہے ہیں اور باقی جگہوں پر کہ سستی بجلی ہم فراہم کریں گیس کے تھرو اور وہاں پر Industrialization ہو، یہاں پہ انڈسٹریز آئیں، وہاں پر Jobs creation ہو گی تب ہی جا کر ہو گا ورنہ اس پورے ہاؤس کو میں کہہ دوں کہ دس نہیں اگر ہزار کلاس فور بھی بھرتی کر لیں تو یہ مسئلہ حل نہیں ہونے والا اور ہزار کوئی بھرتی نہیں کر سکتا، تو اسلئے کارخانے آئیں گے، فیکٹریاں آئینگی تو Unemployment کم ہو گی اور Job opportunities زیادہ ہونگی اور لاکھوں Jobs create ہونگی ان شاءاللہ۔ اس کے علاوہ میں یہ بھی کلیئر کر دوں کہ Youth کیلئے، Youth کی بات کی گئی، آئی ٹی ڈیپارٹمنٹ میں ہم نے ایک پلان بنایا ہے فیمیل ایجوکیشن کیلئے کہ فیمیل کو ہم کمپیوٹر کورسز کروائیں گے، فیمیل ایم پی ایز جو ہیں، ان کے ہیلتھ کے ساتھ Obviously، اور اس پہ چیف منسٹر صاحب نے میٹنگ چیئر کی تھی اور ہم سارے دو تین منسٹرز ایجوکیشن بھی تھے اور بھی تھے ٹیکنکل ایجوکیشن والے کہ کمپیوٹر کورسز کروائیں تاکہ وہ اپنی فیمیلیز کو سپورٹ کر سکیں کیونکہ یہاں پہ بے روزگاری مرد حضرات کو نہیں تو کلچر ایسا ہے فیمیل کہاں سے کریں گی؟ تو اسی لئے اگر وہ نہیں جا سکتیں، ان کو ٹیکنالوجی، ان کو نالج دیا جا سکتا ہے۔ اس کے علاوہ ایک اور بات Youth کیلئے خوشخبری ہے، پہلی دفعہ جو پاکستان میں کہیں پہ نہیں ہے، آئی ٹی

ایکسیلنس سنٹرز ہم بنا رہے ہیں خیبر پختونخوا میں، جو Youth کو ایجوکیشن دے گی آئی ٹی میں جو کہ ورلڈ کلاس ہو گی ان شاءاللہ۔ جس کیلئے ہماری بہت ساری بڑی کمپنیوں سے بات بھی چل رہی ہے اور ان کو ہم Convince کر رہے ہیں کہ ہم بنائیں گے بلڈنگ اور آپ آکے ہمیں اس کو چلا کر دیں، ہمیں سپورٹ کریں اور اس کو ہم Youth کیلئے کر رہے ہیں۔اس سے یہ فائدہ ہو گا کہ ایک تو سرٹیفیکیٹ روٹین کا نہیں ہو گا، It's not the quantity of the education کہ نمبرز زیادہ بڑھائے جائیں It's the quality that matters کہ کوالٹی ایجوکیشن ہونی چاہیئے۔ان کے پاس ایک سرٹیفیکیٹ ہو جو پوری دنیا میں Recognize ہو، جو باہر کی دنیا میں جا کے وہ خود Job کر سکتا ہے، یہاں پہ اپنی کمپنی بنا سکتا ہے، گھر بیٹھے E-lancing کے تھرو بزنس کر سکتا ہے، دس اور بندوں کو اپنے ساتھ ملا سکتا ہے۔ یہ خیبر پختونخوا کی حکومت کر رہی ہے جو پہلے کبھی نہیں تھا جو ابھی بھی پورے پاکستان میں نہیں ہے، یہ الحمد للہ اس حکومت کا کارنامہ ہے اور کرنے جا رہی ہے ان شاء اللہ۔ جناب والا، ایجوکیشن ایمرجنسی کی بات کی گئی، ایجوکیشن ایمرجنسی کی بات کی گئی، نلوٹھا صاحب نے کہا ہے ایمرجنسی سے لوگ بڑے گھبراتے ہیں۔ یہ اچھی ایمرجنسی ہے، یہ پولیٹیکل ایمرجنسی ہے اور یہ ایجوکیشن کیلئے ہے کہ لوگوں کو صحیح تعلیم دی جاسکے اور میں یہ کہہ دوں کہ ایجوکیشن، کوالٹی ایجوکیشن کا ہونا بہت ضروری ہے کیونکہ جس طرح ایجوکیشن منسٹر نے کہا کہ اپنے بچوں کیلئے ایک طرح سوچنا اور غریب کے بچے کیلئے دوسری طرح سوچنا، یہ انصاف نہیں ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ جو انہوں نے Steps لیے ہیں، وہ بالکل آپ کے سامنے ہیں، اس میں میں زیادہ بات نہیں کروں گا، پرائمری سکول پہ میں کہتا چلوں کہ پہلی دفعہ چھ، دو کمروں پہ ایک پرائمری سکول ہوتا تھا جس میں چھ کلاسز ہوتی تھیں، اس حکومت نے یہ کیا انصاف کیا؟ دو کی بجائے پرائمری سکول کو چھ کمروں کا کر دیا اور جس میں چھ ٹیچرز بھی ہوں گے، چھ کلاس رومز چھ ٹیچرز۔ دو کلاس رومز، دو ٹیچرز چھ کلاسز، یہ کہاں کا انصاف ہے؟ یہ پہلی دفعہ یہ حکومت کرنے جا رہی ہے تو یہ تبدیلی نہیں ہے، اچھا Step ہے یا نہیں ہے؟ دوسری بات جناب والا، ٹیکسز کی بات کی گئی، ٹیکسز واقعی اس عوام پہ Already بہت بوجھ ہے لیکن یہ بھی میں کہہ دوں کہ ٹیکس کے بغیر ہم کیسے چلیں گے، یہ ملک کیسے چلے گا؟ امیر سے لے کر غریب کو دینے کا Concept اب Implement نہیں ہو گا تو کب Implement ہو گا؟ اگر پانچ ایکڑ سے زیادہ زمین پہ کچھ ٹیکس لگ رہا

ہے جو مجھ پہ بھی لگے گا، سب پہ لگے گا، اس کو Appreciate کرنا چاہیئے۔ مانتے ہیں کہ ٹیکس کا بوجھ زیادہ ہو گا لیکن یہ ہو گا کہ حکومت کو سپورٹ ملے گی اور دوسری بات یہ ہے کہ وہ پیسے شفاف طریقے سے پھر واپس لوگوں پہ لگائے جائیں گے ان شاء اللہ۔ جناب والا، صحت کے انصاف کی بات کی گئی، "صحت کا انصاف" ایک ایسا پروگرام ہے جو کہ آج جو Restrictions لگی ہیں، اس پہ اگر آپ دیکھیں تو اس کو حکومت Foresee کر رہی تھی، ہم دیکھ سکتے تھے کہ چھ مہینے میں یا چار مہینے میں Restrictions نہ لگ جائیں، آج پورے ملک میں وہ Restrictions ہیں، کیوں ہیں؟ پولیو کی وجہ سے۔ اب پشاور کو Reservoir کہا گیا کہ جی پولیو کا Reservoir ہے، WHO نے Identify کیا۔ پولیٹیکل لیڈرشپ نے اس کو Own کیا On ground گئے اور سارے میرے خیال سے تقریباً سارے ممبران جتنے بھی تھے، انہوں نے سپورٹ بھی کیا ہے، پولیٹیکل پارٹیز نے بھی سپورٹ کیا ہے۔ اس کے نام پہ مسئلے ہیں کہ "صحت کا انصاف"، بہر حال جو مقصد ہے، مقصد یہ تھا کہ بچوں کی صحت کے ساتھ انصاف کیا جائے، ان کو ان کا حق دیا جائے کیونکہ اگر ایک بچہ معذور ہو گیا تو یہ اس کی اور اس کی فیملی پہ کیسے گزرتی ہے، یہ انہی کو پتہ ہو گا، اللہ کسی کو نہ دکھائے اور پشاور کو پولیو فری قرار دیا گیا جو Recent جو اس میں ٹیسٹس آئے تھے اور اور جو آئیں گے، اس میں بھی پتہ چلے گا لیکن یہ ہے کہ بارڈر کے ساتھ ہمارے ٹرائبل ایریاز میں وہاں پہ مسئلے ہیں۔ جناب والا، بجلی کی بات کی گئی، رائلٹی کی بات کی گئی کہ اس میں Increase ہوا ہے، دکھایا گیا ہے، ہم یہ بات کرتے ہیں کہ 1991 میں چھ ارب پہ اس کو Cap کیا گیا تھا، ہم یہ چاہتے ہیں اور ہم یہ سمجھتے ہیں کہ یہ انصاف نہیں ہے، ہمارا حق زیادہ بنتا ہے اور ہمارا شیئر زیادہ بنتا ہے اور اس کو ہمیں دیا جائے تو اس کو Replicate کیا، اس کو اس بجٹ میں لایا گیا ہے کہ ہم اپنی بات سے مکرے نہیں ہیں، ہم نے اپنا حق پہلے بھی مانگا ہے، اب بھی مانگ رہے ہیں اور بعد میں بھی مانگیں گے اور وہ اسلئے مانگ رہے ہیں کہ وفاق ہم پہ احسان نہیں کر رہا ہے بلکہ ہمیں ہمارا حق دیا جائے اور وہ ان لوگوں پہ خرچ کیا جائے، اسی وجہ سے یہ بات آئی ہے۔ دوسری بات یہ ہے اور پھر اپنی بات ختم کرتا ہوں، Jobs کی بات بھی ہو گئی، IMU کی بات بھی ہو گئی، تقریباً روڈز کی میں تھوڑی سی بات کر دوں۔ (مداخلت) سر کونو له راځم جی۔ ڈیویلپمنٹل پہ زیادہ بات کی گئی کہ جی روڈز کہیں پہ کم ہیں کہیں پہ زیادہ ہیں، اگر ہم لسٹ اٹھا کے دیکھ لیں،

کوہاٹ، ہنگو، چارسدہ، نوشہرہ، صوابی، مردان، سوات کو دیکھ لیں، لوئر دیر کو دیکھ لیں، آگے آپ ہری پور کو دیکھ لیں، ایبٹ آباد کو دیکھ لیں تو اس میں فنڈز کی جو تقسیم ہے، اس کو آپ دیکھ لیں سپیکر صاحب! وہ بنیادی وہ ہے۔ اب اگر کوہاٹ میں ہے تین بلین، پشاور میں 1.7 بلین، اس طرح ہنگو میں 2.5 بلین، اسی طرح مردان میں 850. ملین اور آگے بڑھیں ایبٹ آباد میں One billion ہے کہ دس بلین، دس ہزار، دس بلین کے پراجیکٹس ہیں جس کو آگے ہزارہ کیلئے، اس طرح ہری پور کیلئے ہیں، بنوں کیلئے، تو مطلب یہ ساری چیزیں اگر آپ سامنے رکھیں تو انصاف ہی ہوا ہے اور دوسری بات میں یہ کہہ دوں، میں ایک اور بات کہہ دوں اور پھر اپنی باتیں ختم کرتا ہوں کہ یہ Need basis پہ ہوا ہے، یہ کسی کا ذاتی روڈ نہیں ہے کہ میرا گھر بن رہا ہے یا کسی اور کا گھر بن رہا ہے، یہ لوگوں کیلئے ہے اور اسی وجہ سے اس کو Replicate کیا گیا ہے اور اس کو ایک حساب کتاب کی بنیاد سے کیا گیا ہے۔ تو میرے خیال سے ایک اچھا بجٹ ہے، کچھ میں کمی ہوگی، آنریبل ممبرز جتنے بھی ہیں، تجاویز دیں، فنانس منسٹر بیٹھے ہوئے ہیں، ان کو دیکھیں گے، اس کو سمجھیں گے، جو چینجز ضروری ہونگی، وہ Accordingly اپنی سپیچ میں وہ بات کریں گے لیکن یہ ہے کہ آخری بات کہتا چلوں And then I will finish کہ پہلی دفعہ 10 روپے آٹا سستا، 40 روپے گھی سستا، 10 روپے آٹا سستا، 40 روپے گھی سستا Per Kilo کے حساب سے، یہ غریب کیلئے ہی ہے، یہ ہمارے لئے نہیں ہے۔ میں پھر Repeat کرتا ہوں، یہ غریب کیلئے ہے ہمارے لئے نہیں ہے۔ تو یہ ایک ایسا کام ہے جو پورے صوبے کے غریب عوام کیلئے ہے اور اس سے 40 لاکھ لوگوں کو تقریباً فائدہ ہوگا تو یہ پورا ہاؤس اس کو سپورٹ کرے۔۔۔۔

جناب سپیکر: شکریہ، شکریہ جی۔

سینیئر وزیر صحت و انفارمیشن ٹیکنالوجی: تھینک یو ویری مچ، سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: میڈم انیسہ زیب، میڈم انیسہ زیب۔ جی جی، انیسہ زیب۔

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ شکریہ جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: اس کے بعد آپ کو ٹائم دیدیں گے۔ جی جی۔

جناب سکندر حیات خان: جناب سپیکر صاحب، د ریکارډ درست کولو د پاره یو تصحیح کول غواړم چې بعض اوقات فنانس منسټر هم دا غلطي کوي چې زمونږ

دا نټ هائیډل پرافټ چې دے کنه جی، هغې ته دوئ رائلټی وائی۔ جناب سپیکر، This is net hydel profit, royalty is something د دې تصحیح کول غواړم different, net hydel profit is something different۔ دا بعضې فنانس منسټران هم دا غلطئ کړې دی خو خیر ما اووئیل چې صرف تصحیح وکړم۔

جناب سپیکر: ہاں انیسہ زیب، میڈم انیسہ زیب۔اس کے بعد آپ۔

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: شکریہ جناب سپیکر، آپ کا بہت شکریہ کہ آپ نے مجھے ٹائم دیا، میں نے ٹائم سیٹ کر دیا ہے اسلئے I hope کہ آپ کو۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: بہت مہربانی ہو گی جی۔

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: آپ کو بیچ میں Interruption کرنے کا موقع نہیں ملے گا۔ نہیں نہیں خیر ہے ہم اس کو Apply کریں گے۔جناب سپیکر، جو سال 14-2013 کا بجٹ گزر گیا، سال گزرنے والا ہے اور اس کیلئے 15-2014 کا بجٹ آیا ہے، میں جناب امیر صاحب اور ہمارے وزیر خزانہ سراج الحق صاحب کو چھٹا بجٹ پیش کرنے پہ مبارکباد ضرور پیش کروں گی۔انہوں نے ماشاءاللہ بڑا اپنی طرف سے روحانی بجٹ پیش کیا ہے لیکن جس طریقے سے لیڈر آف اپوزیشن سے لے کے (قہقہے) لیڈر آف اپوزیشن سے لے کے سکندر حیات خان شیر پاؤ اور پھر اس کے بعد نلوٹھا صاحب اور جتنے مقررین ہیں، انہوں نے اس کے تمام Aspects، تمام رخوں کا جائزہ لیا ہے۔ میں بالکل Train کی طرح جو نکات ہیں، وہ بیان کروں گی تاکہ یہ بھی نہ ہو کہ تمہیدوں میں اور اختراع میں ٹائم لگ جائے۔ جناب سپیکر، خود وزیر خزانہ صاحب نے صفحہ اول پر اپنی بجٹ تقریر میں یہ بات مانی ہے کہ اس سال جو موجودہ سال گزر رہا ہے، اس میں اہم فیصلے کئے گئے ہیں یعنی بجٹ میں اور کوئی خاص کام نہیں ہوا، اس سال بس فیصلے بہت اہم کئے گئے ہیں اور انہوں نے نبی مہربان ﷺ اور خلفائے راشدینؓ کی Example دی ہے اور یہ Claim کیا ہے کہ ان کے نقش وقدم پر ہم چلیں گے لیکن جب آگے جا کے ہم Resource distribution دیکھتے ہیں تو پھر یہ بات بہت بڑا دعویٰ لگتی ہے جناب سپیکر! اور یہ ایسا نہیں ہے۔ قوانین کے متعلق کہا گیا ہے بار بار، شاہ فرمان صاحب نے کل بھی وہی بات کی اور آج بھی اٹھ کے وہ بات کی کہ ہم نے یہ فلاں قانون بنایا ہے، ہم نے رائٹ آف انفارمیشن، رائٹ آف سروسز، Conflict of Interests اور بہت سارے Acts بنائے ہیں، سی ایم

کے آفس میں ایک کمپلینٹ سیل چل رہا ہے لیکن باہر سڑکوں پہ لوگ کیوں دن بدن نکل رہے ہیں؟ جناب سپیکر، کیا وجہ ہے کہ سرکاری محکمے اور ان کے اہلکار اس وقت ہڑتالوں پہ ہیں اور کیا وجہ ہے کہ عوام کے جو مسائل ہیں، اگر آپ اخبارات واقعی پڑھیں تو ان میں مسائل جو ہیں، وہ دن بدن بڑھ رہے ہیں۔ میں قوانین کے حوالے سے صرف ایک قانون جس کی واقعی میں بھی ممبر رہی اور اس بات سے قطعاً ہم اختلاف نہیں کرتے کہ اپوزیشن کا اس میں Input نہیں تھا، جو پہلا لوکل گورنمنٹ کے قانون سے لے کے آخری قانون تک ہمیشہ اپوزیشن نے اپنا Solid input دیا ہے اور ان کو منظوری سے Approve کروایا لیکن یہ جو بعد میں عملدرآمد ہے اور اس کے حوالے سے جو مسائل ہیں، میں احتساب کمیشن کی ہی ایک مثال دیتی ہوں، صفحہ تین پہ جناب وزیر موصوف کہتے ہیں کہ احتساب کمیشن جو ہے، وہ قائم ہے اور ساتھ ہی نچلی سطح پر انٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ بھی کام کرے گا، یہ اس قانون میں نہیں ہے جناب سپیکر! اس قانون میں جو اس وقت آپ کا ایکٹ ہے، اس میں انٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ نے ضم ہونا ہے، اس نے جس وقت یہ اپنی کارروائی ساری ہو جائے گی، سرچ کمیٹی اپنا کام کرلے گی، کمشنرز اور ڈی جیز، یہ سب اپوائنٹ ہوں گے تو پھر آخری چیز یہ ہے کہ انٹی کرپشن لاء Repeal ہوگا اور وہ اس میں ہے لیکن اب صورتحال مختلف ہے، کیا کوئی تبدیلی کر دی گئی ہے، کیا بغیر امنڈمنٹ کے ایکٹ میں کوئی تبدیلی کر دی گئی ہے؟ یہ ضرور میرا خیال ہے کہ ٹریژری بنچز کو بتانا چاہیئے۔ پٹواری کلچر کی Elimination، خاتمے کا جناب وزیر صاحب نے ذکر کیا، بالکل ہوگا، ضرور اگر وہ کہتے ہیں تو ہوگا لیکن پبلک سے جو ہم رائے سنتے ہیں اور آج پورے صوبہ بھر کے پٹواری اور گرداور مکمل ہڑتال پہ ہیں، لوگوں کو اپنے فرد لینے میں، ڈومیسائل لینے میں بھی انتہائی مشکلات ہیں، تو کیا وجہ ہے کہ اگر پٹواری کلچر ختم ہے تو پھر چاہیئے تھا، واقعی ختم ہونا چاہیئے، میں Appreciate کروں گی لیکن ان کو آپ نے پانچ سو روپے سٹیشنری الاؤنس بڑھا کے بہت بڑا تیر مار دیا، آج بھی ان کا ٹریول ایجنٹ، وہ ٹریول الاؤنس پچاس پیسے ڈیلی ہے یعنی افسوس کا مقام ہے، چاہیئے یہ تھا کہ ان کی بھی Pays کو Revise کیا جاتا، ان کے جو Perks ہیں، ان کو بھی Realistically revise کیا جاتا۔ جناب سپیکر، 27 ارب روپے پولیس کو دیئے، بہت اچھا کیا، زیادہ دینا چاہیئے تھے کیونکہ اس سال میں جو کل میرے بھائی عنایت اللہ خان نے 80 ارب روپے کی Reappropriation کا ذکر کیا، اس میں پولیس والوں کو بھی ایک محکمے سے اپنا

پیسہ Reappropriate کر کے دوسری مد میں ڈالنا پڑا کیونکہ ان کے پاس اپنے بجٹ کیلئے پیسے نہیں تھے، کیوں ضرورت پڑی اگر آپ ان کو فنڈز چاہیئے تھے، ہمیں پتہ ہے ہماری سیچویشن لاء اینڈ آرڈر کے حوالے سے سب سے زیادہ، آپ بورڈ آف انویسٹمنٹ اور ٹریڈ کی بات کرتے ہیں، اس کا کچھ بتائیں تو سہی، کچھ بتا دیتے، دو لفظ بتا دیتے کہ اس بورڈ آف انویسٹمنٹ اور ٹریڈ نے اتنی بڑی اس خیبر پختونخوا کیلئے مدد کی۔ لوکل گورنمنٹ الیکشنز ،بالکل ٹھیک ہے، قانون تیار، حکومت تیار، اسکی Delimitations تیار لیکن بائیو میٹرک کا کیوں اتنا آپ نے وہ کر دیا ہے جب آپ کو پتہ ہے کہ بائیو میٹرک کی وجہ سے لوکل گورنمنٹ الیکشن لیٹ ہو سکتا ہے؟ آپ کو پشاور کے گرد و نواح میں کی جانے والی Walk exercise بھول گئی ہے جس میں شام تک بار بار بوڑھے اور ہمارے بزرگ شہری پھر دوبارہ دوبارہ انگوٹھے ڈال رہے تھے کیونکہ وہ پرنٹ نہیں آرہے تھے اور اس کی تقریباً جو Findings آئیں کہ وہ ممکن نہیں ہے، اس کا مطلب یہ ہے کہ اصل میں Intention نہیں ہے آپ کا کہ لوکل گورنمنٹ کے آپ الیکشنز کریں اور آپ نے پانچ ارب روپے اس کیلئے رکھے لیکن پھر آپ کو یہ پیسے بھی کلیئر کٹ جو 30 فیصد آپ Claim کر رہے ہیں، وہ آپ کو علیحدہ کر دینے چاہیئے تھے۔ ویلفیئر انڈومنٹ فنڈ جرنلسٹس کیلئے بہت اچھا عمل ہے، پانچ کروڑ روپے لیکن اتنے بڑے صوبے اور اتنے زیادہ جرنلسٹس، میڈیا کی Expansion دیکھیں تو اس کم اماؤنٹ کی بجائے تھوڑا سا اس کو بڑا کرتے اور پھر اس کو چاہیئے بھی یہ کہ اس کا Benefit تمام صوبے کے میڈیا کے ساتھ تعلق رکھنے والے جو لوگ ہیں، ان تک ہو۔ Clean and Green Peshawar کا ہم ایک عرصے سے ذکر سن رہے ہیں، میرے بھائی اس وقت یہاں منرلز منسٹر شاید بیٹھا بھی ہو گا جو فوکل پرسن ہیں، آفریدی صاحب، ضیاء اللہ آفریدی، ان کو فنڈز بھی ریلیز کر دیئے گئے۔ پشاور تو اور زیادہ گندا ہو گیا ہے جناب، باہر جا کر دیکھیں، نہ Clean ہے نہ Green ہے اور اب آپ کہتے ہیں کہ ہم اس دفعہ 29 ارب روپے دیں گے، (تالیاں) 29 ارب روپے میں سات ارب، 7.46 ارب آپ اس سال 69 پراجیکٹس کیلئے جاری کریں گے۔ ماس ٹرانزٹ سسٹم پچھلی سپیچ میں بھی آپ کی موجود تھا، ایک سال میں آپ نے ماس ٹرانزٹ سسٹم کو نہیں کیا اور آپ تنقید کر رہے ہیں فیڈرل گورنمنٹ اور پنجاب گورنمنٹ پہ کہ وہ جلد از جلد Too estimate کر رہے ہیں یا وہ اتنی زیادہ Amount too کر رہے ہیں،

آپ کم اماؤنٹ میں واقعی اس سال میں Completion کرنی چاہیئے تھی آپ کو۔ Monetization plan committees، Austerity plan committees، کمیٹیوں کے حوالے سے بہترین کام کر رہے ہیں جناب، کمیٹیاں اور قانون سازیاں، بالکل قانون سازیاں بھی لیکن وہ Mechanism نہیں ہے جس کے تحت ان قانون پر اب کیا جائے۔ اب آپ نے ایک نیا طریقہ رکھا Budget ceiling کہ Goals and Targets رکھے جائیں گے اور وہ فنانس ڈیپارٹمنٹ کی ویب سائٹ پہ ہو گا اور پھر وہ ڈیپارٹمنٹس کی Discretion کے اوپر Resource distribution کو Monitor کیا جائے گا۔ جناب عالی، جب یہ اس طرح کی کمیٹیاں جس طرح آپ نے Reforms Implementation Cell پہلے بنایا، اب آپ نے ایک نیا Mechanism, Change Management Unit بنا دیا، ان چیزوں پہ میرا خیال ہے کہ زیادہ آپ کی توجہ مرکوز ہو رہی ہے اور عملدرآمد جو ہے وہ کم ہے۔ میں اس کے ساتھ جناب سپیکر! جو آپ کی بجٹ سپیچ میں جناب سراج الحق صاحب نے اپوزیشن پارٹیوں کے حوالے سے اپیل کی ہے کہ وہ جونٹ ہائیڈل پرافٹ ہے، اس کے حوالے سے وہ آکے تعاون کریں، بالکل ہم ہر جگہ اس تعاون کیلئے تیار ہیں لیکن آپ نے Mechanism set کیا ہے، اپوزیشن پارٹیز سے آپ تعاون لینے کیلئے آپ نے کس جگہ کوئی ایسی جوائنٹ کنسلٹیشن کی ہے کہ جب آپ وفاق کے پاس جارہے ہوں تو آپ اس چیز کو Decide کریں؟ جناب اعلیٰ، مجھے پتہ ہے کہ باتیں بہت زیادہ ہیں اور وقت کم ہے لیکن Fiscal space، کہتے ہیں گورنمنٹ جو ہے چھ ارب روپے، چالیس روپے گھی پہ اور دس روپے آٹے پہ، بہت اچھا ماشاءاللہ، اللہ کرے کہ یہ چیز جاری رہے لیکن اس سال ہو گیا، اگلے سال کیا کریں گے؟ آپ کا Deficit کا بجٹ ہے، آپ صرف پیسے کو تقسیم کر رہے ہیں، نہ Growth، نہ Productivity، پھر اس کے بعد آپ کے پاس Affectees کیلئے، مستحقین کیلئے کیا سسٹم ہے، کیا آپ اپنے اپنے جو تین مخصوص اضلاع ہیں، ان کے عوام کو Affectees men بنائیں گے یا اس کو کوہستان، ٹانک، دیرا پر اور چترال تک کو بھی اس کا Benefit ملے گا؟ جناب سپیکر، کیش جو آپ Claim کر رہے ہیں کہ Balance management پہ آپ کو بونس ملا ہے 1.5044، اسلئے ملا کہ آپ نے پیسے نہیں استعمال کئے اور دوسرے صوبے اپنے ترقیوں کے کام کر رہے ہیں تو وفاقی حکومت نے خوش ہو کر کہا کہ بالکل شاباش، تو آپ نے وہ پیسہ استعمال نہیں کیا

لہذا آپ نے ایک ارب روپے وہاں سے لے لیے لیکن آپ نے یہاں پر اربوں روپے Lapse کر دیئے اور اب ان کی آگے کوئی Throw forward liability بھی نہیں ہے۔ جناب عالی، سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ، مائی ڈیئر ڈاکٹر مہر تاج روغانی کل بھی بہت خوش تھیں کہ خیر ہے، لیکن ویمن ڈیویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ بھی اس کے ساتھ ہے، اس کو آپ کو زیادہ دینا چاہیئے تھا تا کہ واقعی سوشل ویلفیئر کے حساب سے کھلا، لیکن میں بڑے افسوس سے کہوں گی کہ جناب وزیر اعلیٰ صاحب! آپ کے حوالے سے یہ Impression، تاثر ہو رہا ہے کہ آپ کوئی اتنے Pro women نہیں ہیں، آپ صرف Politicking کر رہے ہیں اور Power politics کے Domain میں آگے جا رہے ہیں، (تالیاں) You are not really helping the women of this society۔ (تالیاں) جناب سپیکر، جعفر شاہ صاحب نے جو صفروں کو گن لیا، اب مجھے یہ نہیں بتانا پڑے گا کہ کتنے پراجیکٹس جو ہیں، وہ صفر ہیں لیکن جو تین اضلاع کو خاص طور پر پوائنٹ آؤٹ کیا، یہ ہمارے اپنے علاقے ہیں، نوشہرہ مجھے بہت عزیز ہے، اپر دیر میں ضرور رکھا جانا چاہیئے، صوابی میرا ہمسایہ ہے اور آپ کیلئے بھی جناب سپیکر! کوئی خاص، کل کلیئر ہو گیا تھا کہ آپ کے حلقے کو بھی کچھ خاص نہیں ملا، اس پہ بھی ہمیں بڑا افسوس ہوتا ہے کہ آپ کو ملنا چاہیئے تھا جناب سپیکر، (تالیاں) آپ کو ملنا چاہیئے تھا لیکن کسی Fair distribution میں وزیر اعلیٰ صاحب کی پہلی سپیچ آج بھی یاد کرتی ہوں، کوئی ڈیڑھ دو گھنٹے انہوں نے سپیچ کی تھی بجٹ کے بعد اور انہوں نے پتہ نہیں لگتا ہے، ابھی بھی تیار کی ہوئی ہے اس کیلئے اور انہوں نے کہا کہ ہم پہلے سے تیار Plans کے ساتھ آئے ہیں، ہمیں کوئی ضرورت نہیں، آج بھی کمیٹیاں بن رہی ہیں، آج بھی ورکنگ گروپس بن رہے ہیں، آج بھی وہ کچھ تیار نہیں ہیں، No mechanism has been set اور انہوں نے کہا کہ میں ان علاقوں کو ترقی دوں گا، اس میں وہ یہ نہیں ہے کہ ہمارے علاقوں میں ترقی ہو گی، بے شک جس کی لاٹھی اس کی بھینس، جو وزیر اعلیٰ ہیں اس کا حق بنتا ہے کہ ضرور اپنے حلقے کو کریں لیکن یہ تو چینج کے ساتھ آئے ہیں، تحریک انصاف کے نام میں انصاف ہے، جماعت اسلامی کے نشان میں انصاف ہے اور عوامی جمہوری اتحاد میں عوام اور جمہوریت کی آواز میں انصاف ہے، تو کہاں گیا وہ انصاف؟ کدھر گئی وہ Fair distribution، کیوں پشاور، صوابی، نوشہرہ اور اپر دیر تک ہر چیز محدود ہے جناب

سپیکر؟اور پھر میں آپ کو یہ بتاؤں کہ ایک پراجیکٹ، ہمیں وزیراعلیٰ صاحب نے کہا تھا کہ آپ Proper projectلائیں، ہم نے Gender Empowerment and Mainstreaming Scheme کے تحت پی اینڈ ڈی اور فنانس ڈیپارٹمنٹ کوOnboardلے کے تمام خواتین جو ادھر بھی بیٹھی ہیں، یہاں پہ بھی اس پر انہوں نے کام کیا کہ ہم صوبے میں GEMS کے نام پہ ایک سکیم لائیں گے، ہر حلقے میں خواتین کی Empowerment اور Mainstreaming کیلئے کام ہو گا، افسوس کہ وہ سکیم بھی انہوں نے اے ڈی پی میں شامل نہیں کی اور آؤٹ کر دی۔Foreign assistanceآپ کا ہمیشہClaimرہا، ہمیشہClaimرہا کہ ہم امریکی امداد نہیں لیتے۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> شکریہ۔

<u>محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی:</u> ہم بیرونی امداد نہیں لیتے تو جناب عالی، یہ بڑے بڑے دعوے نہیں کرنے چاہئیں، آج وہ کہتے ہیں، عاطف خان صاحب دو دفعہ کہہ چکے ہیں کہ 760 سکولز ہم نے جو زلزلے کے ہیں، وہ یہاں پہ ہم Rebuilt کریں گے، تو 300 ملین میں تو مجھے نہیں لگتا کہ وہ 760 سکولز کی بجائے صرف 60 سکولز بھی کر سکیں، I don't know۔ میں جناب سپیکر، اچھا One tree، یہ اشتیاق ارمڑ صاحب بیٹھے ہیں کہ مارکس دیں گے ہم، ایک بچہ ایک پودا لگائے گا تو اس کو کتنے مارکس؟ کچھ پتہ نہیں ہے، اس کا مطلب ہے اب صرف پودے لگانے پہ ہی شاید سارے مارکس پورے کر دیں اور ویمن ہیلتھ ورکرز جناب سپیکر، بہت افسوس ہے آج اخبار میں بھی ہے کہ ان کو ریگولرائز نہیں کیا، تمام صوبوں نے یہ کر دیا ہے، آپ یہ جو ویسے دے رہے ہیں، صرف پیسے لٹا رہے ہیں جس کیلئے بھی کوئی طریقہ نہیں، ان ویمن ہیلتھ ورکرز کو آپ ریگولرائز کر دیتے تو کتنی دعائیں تھیں اس ایک عورت کے ساتھ، اس کا پورا کنبہ وابسطہ ہوتا ہے، تو آپ نے یہ نہیں کیا اور پھر میں یہاں پہ کہوں کہ آئی ڈی پیز کے حوالے سے، وہ کہتے ہیں ہمیں کسی نے اس میں نہیں لیا، بھئی آپ کی اپنی پارٹی کے ممبرز پہلے اس میں موجود تھے مذاکراتی کمیٹیوں میں، انہوں نے آپ کو بتا دیا تو آپ کو کم از کم، وژن اس کو کہتے ہیں لمبا وژن جو شاہ فرمان صاحب آج کہہ رہے تھے، وژن اس کو کہتے ہیں کہ آپ کو نظر آ رہا ہو، وفاقی حکومت نے آئی ڈی پیز کیلئے اپنی گنجائش رکھی، اب آپ کا بجٹ میرے حساب میں کہ Futile exercise ہے، اب تمام جیسے ماضی میں ہوا کہ بجٹ سارے جو ہیں تہہ و بالا ہو گئے اور

آپ کو وہ تمام ریسورسز اب آئی ڈی پیز کی طرف ڈالنا پڑیں گے۔ آپ نے تنخواہیں بڑھا دیں دس فیصد، آپ نے پنشن بھی بڑھائی، بہت تھوڑی لیکن چلو کچھ، لیکن افسوس کہ اس کے اوپر ٹیکس بھی لگا دیا، یعنی پہلے سے پسے سے پسے ہوئے عوام، اور جناب وزیر اعلیٰ صاحب نے اپ گریڈیشن کی 16 ہزار افراد کی، تو جناب سپیکر! ہزاروں افراد ان ہی کیٹگریز کے ویسے رہ گئے، کیا ہوا؟ کیا یہ Across the board ہے یا یہ اجازت دیں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: شکریہ جی، شکریہ جی۔

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: میں صرف وفاقی حکومت کے حوالے سے یہ بتاؤں کہ وفاقی حکومت نے بھی زیادتی کی ہے اس پراونس کے ساتھ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: میڈم! شکریہ۔

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: وفاقی حکومت نے بھی، آپ نے اپنا کیس صحیح Plead نہیں کیا اور یہی وجہ ہے کہ آپ کے پراجیکٹس کو کوئی نگاہ نہیں ہوئی۔ آپ کے کیش ڈیویلپمنٹ لونز جو ہیں، انہوں نے باقی صوبوں کیلئے معاف کئے ہیں، کیا وجہ ہے کہ خیبر پختونخوا جیسے ایک تکلیف دہ حالت میں ہے اور جناب سپیکر، ایک شعر اگر آپ اجازت دیں، آخری۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ہاں، بسم اللہ۔

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: آخر میں چھوٹا سا شعر ہے اگر آپ نے داد دی تو میں خوش ہوں گی:

نتیجہ پھر وہی ہوگا سنا ہے چال بدلے گا

پرندے پھر وہی ہوں گے شکاری جال بدلے گا

(تالیاں)

بدلنا ہے تو دن بدلو بدلتے کیوں ہو ہندسوں کو

مہینے پھر وہی ہوں گے سنا ہے سال بدلے گا

چلو ہم مان لیتے ہیں مہینہ پانچ سالوں کا

آپ کا مہینے کا ٹارگٹ تھا،

چلو ہم مان لیتے ہیں مہینہ پانچ سالوں کا
بتاؤ کتنے سالوں میں ہمارا حال بدلے گا
(تالیاں)

بہت شکریہ۔

جناب سپیکر: جناب چیف منسٹر صاحب، چیف منسٹر صاحب بات کرنا چاہتے ہیں۔ جناب چیف منسٹر صاحب۔

جناب پرویز خٹک (وزیر اعلیٰ): میں چونکہ تقریر نہیں کرنا چاہتا، میں ایک دو چیزوں کی وضاحت چاہتا ہوں۔ میں ایک تو انیسہ زیب کی شاعری کی داد دیتا ہوں (تالیاں) اور ان کو اچھی طرح پتہ ہے کہ ہمارے دل میں کیا ہے؟ ہمارے دل صاف ہیں، ہماری نیت صاف ہے، ارادے ٹھیک ہیں، ان شاء اللہ تعالیٰ سب کچھ بدلے گا۔ یہ بار بار کہا جا رہا ہے کہ فنڈز دیر چلے گئے، فنڈز جو ہیں، وہ نوشہرہ چلے گئے ہیں، فنڈز جو ہیں وہ صوابی چلے گئے، یہ بجٹ کتاب اگر آپ کھول کر دیکھیں تو نہ کوئی نیا کالج، نہ نئی کوئی بلڈنگ ان تین ضلعوں میں بنی ہے، جو کچھ ہے سارے صوبے کیلئے ایک برابر ہے۔ نہ کوئی ہسپتال نیا بن رہا ہے، نہ کوئی ایسی چیز بن رہی ہے، جو کچھ ہے پرانا آ رہا ہے، کوئی 'ایکسٹرا' چیز نہیں ہے۔ صرف روڈز کی مد میں جاتا ہوں جو سارے صوبے کو، اپوزیشن کو بھی دیئے ہیں اور اپوزیشن لیڈر کو بھی ہم نے سکیمیں دی ہیں اور کچھ ممبرز کو دی ہیں کچھ رہ گئے ہیں، ان کو بھی Accommodate کریں گے اور حکومتی بنچ کو دی ہیں۔ اب اگر اس کی Comparison دیکھیں تو اگر صرف Cost دیکھیں، ایلوکیشنز اگر کم ہیں لیکن ان شاء اللہ تعالیٰ یہ ایلوکیشنز بھی بڑھیں گی، اور بھی بڑی مد ہیں، ان شاء اللہ یہ سکیمیں کمپلیٹ جلدی ہوں گی۔ صرف کوہاٹ کو دیں گے تو It is three billions کے اس میں روڈز رکھے گئے ہیں۔ ہنگو کو ڈھائی بلین، پشاور کو 1.7 بلین، پی ڈے اے کے علاوہ جو Seven بلین یا 29 بلین کے پراجیکٹس ہیں۔ چارسدہ 1.6 بلین، نوشہرہ 1.7 بلین، صوابی 858 ملین، بلین بھی نہیں ہے، مردان 850 ملین، دیر لوئر 1.1 بلین، دیر اپر 1.1 بلین اور اگر میں جاؤں ہزارہ کو ایبٹ آباد کو، ہری پور کو، تو آپ کو تو جناب! 10 ہزار ملین کی ایلوکیشن رکھی ہے، وہ Cost رکھی جو اس میں ایبٹ آباد بائی پاس بھی ہے اور بھی سارے ہیں، تقریباً 10 ارب روپے کی سکیمیں رکھی گئی ہیں، ہو سکتا ہے وقت اس پہ لگ جائے لیکن سب سے زیادہ ایبٹ آباد کو اور ہری پور کو 1.7 بلین، تو یہ کونسا انصاف ہے کہ کتاب کو

نہیں دیکھتے ہو، الزامات لگاتے ہو؟ میں کہتا ہوں کتاب پڑھا کریں اور اس کے بعد بات کیا کریں تو اچھا ہو گا۔ مہربانی۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: میڈم مہرتاج روغانی، ڈاکٹر مہرتاج روغانی۔

جناب شہرام خان {سینئر وزیر (صحت وانفارمیشن ٹیکنالوجی)}: سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: جی جی، شہرام خان۔

ڈاکٹر مہرتاج روغانی (معاون خصوصی سماجی بہبود): واه خدایه بس د دې نه پس نه پاخم بنه۔ (قہقہے) Thank you Mr. Speaker, it's my turn, if you don't mind۔

سینئر وزیر (صحت وانفارمیشن ٹیکنالوجی): یو خبره کوم۔ ډاکټر صاحبه! یو خبره کوم بیا تاسو خبره کوئ۔ یو-----

جناب سپیکر: ڈاکٹر مہرتاج روغانی۔

Special Assistant (Social Welfare): I am not a good orator like Aneesa Zeb and it's not in response to her. اس کے جواب میں نہیں ہے Sorry, it was regarding "Sehat Ka Insaf" but anyway I am thankful to you کہ یہ سوشل ویلفیئر کا آپ نے ذکر کیا ہے And all the time you care, you know that's very good کہ آپ اس کا وہ کرتی ہیں، میرے ساتھ ہر وقت Tea room میں بھی ڈسکس کرتی ہیں I am really grateful۔ میں صرف "صحت کا انصاف" Please I want to clarify about the "Sehat Ka Insaf"، بہت زیادہ کنفیوژن ہے اس میں، مجھے کراچی اور لاہور سے بھی Pediatricians کے Ring آتے ہیں This "Sehat Ka Insaf" is not only for polio, please remember ہماری Immunization کا جو ریٹ ہے، وہ آج کل Less than fifty ہے، Immunization میں Diphtheria ہے، Tetanus ہے، Pertussis ہے، ہیپاٹائٹس بی ہے، نمونیا ہے، Six diseases ہیں تو Sehat ka Insaf is not only for polio، یہ جو ہم وہ دیتے ہیں، یہ جو باسکٹ، اس میں پمفلٹ ہے، اس میں Awareness

اس پہ پیسہ خرچ ہوا ہے لیکن It is for the awareness program ہے تو پلیز یہ ہاؤس سمجھ لے،
of the six deadly diseases، اس کے Against ہے۔ نمبر دو، اس میں ہم یہ Bucket,
soap and water دیتے ہیں، بنگلہ دیش میں سٹڈی ہوئی ہے، وہاں پر Diarrhea کے ریٹ میں 50
پرسنٹ کی کمی صرف Hand washing سے اور Clean water سے، ٹھیک ہے Clean water ہم
نہیں دے سکتے لیکن ہم نے اس میں Towel and soap دیا ہے And awareness of the
peoples تو یہ Please remember کہ یہ "صحت کا انصاف" میں جب سے یہ آیا، یہ اس ہاؤس میں
بار بار ہوتا ہے It's not only against the polio, it's against the six diseases
which I told you، اس میں Diphtheria خناق کو کہتے ہیں، Tetanus آپ کو پتہ ہے And
hepatitis, ten percent of the peoples are suffering from hepatitis، اس
ہال میں ٹیسٹ کروائیں، اس میں ہم میں ہیپاٹائٹس کے Positive ہونگے Honestly I tell you اور
نمونیا کے اور Meningitis کے، تو یہ This Sehat ka Insaf is awareness program
for all these diseases, not only for polio. Thank you very much.

(Applause)

<u>جناب سپیکر:</u> شہرام خان۔

<u>جناب شہرام خان (سینئیر وزیر صحت و انفارمیشن ٹیکنالوجی):</u> شکریہ جناب سپیکر۔ صرف ایک بات کلیئر کرنا چاہتا ہوں، انیسہ زیب صاحبہ نے ایک بات کی ہے، ایل ایچ ڈبلیوز کی بات کی ہے، میں یہ کلیئر کردوں کہ جی یہ آرڈیننس کے ذریعے 21st of May کو ان کو ہم نے Permanent کر دیا، ریگولرائز کر دیا اور اس کیلئے Already Bill اسمبلی بھیج دیا گیا ہے، باقی جو روٹین کے مطابق ایکٹ کے ذریعے اس کو لایا جائے گا ان شاء اللہ، شاید بجٹ سیشن میں ہو نہیں سکتا تھا Otherwise this would have been brought into the this Session۔ میں پھر کلیئر کردوں، ایل ایچ ڈبلیوز جو ہیں، ان کو ریگولرائز صوبائی حکومت نے کر دیا ہے اور دوسری بات میں یہ کردوں کہ یہ اسی حکومت کا کارنامہ تھا کہ ڈاکٹرز کو سروس سٹرکچر بھی دیا گیا ہے جو کہ پہلے کبھی نہیں ہوا۔

<u>جناب سکندر حیات خان:</u> جناب سپیکر!

جناب سپیکر: سکندر خان! ایک منٹ، میں آج بہت صحت مند ڈسکشن، بہت Reasonable discussion کو Appreciate کرتا ہوں دونوں سائڈ سے اور بہت اچھی ڈیبیٹ ہوئی اور میرے خیال میں اس قسم کی ڈیبیٹ سے جو ہے نا گورنمنٹ سسٹم میں بھی Improvement آئے گی اور اس اسمبلی کو بنیادی جو عوام نے مینڈیٹ دیا ہے، وہ بھی یہی ہے کہ عوام کے مسائل کو صحیح معنوں میں اجاگر کیا جائے۔ میں آج کی ڈسکشن سے بہت مطمئن ہوں اور بہت Appreciate کرتا ہوں دونوں سائڈ سے۔ تھینک یو۔ چار بجے تک کیلئے Adjourn کرتے ہیں، ان شاءاللہ چار بجے۔

(اس مرحلہ پر ایوان کی کارروائی بعد از دوپہر چار بجے تک کیلئے ملتوی ہوگئی)

دوسری نشست

(وقفہ کے بعد دوسری نشست شروع ہوئی اور جناب سپیکر مسند صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب سپیکر: اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ۔ آج میرے خیال میں بہت اچھی ڈسکشن رہی ہے اور بہت تیاری کے ساتھ، میری تمام اپنے معزز اسمبلی سے ریکویسٹ ہوگی کہ اس قسم کی ڈیبیٹ بہت صحت منداور بہت سود مند ہے کیونکہ اس کی وجہ سے صحیح معنوں میں نشاندہی ہوتی ہے تو میں بالکل Appreciate کرتا ہوں جو ڈیبیٹ ہوئی ہے اور میری ریکویسٹ بھی ہوگی کہ باقی ہمارے ممبران صاحبان پوری تیاری کرکے آیا کریں تاکہ اپنے حلقوں کی صحیح نمائندگی کریں۔ میں جناب اعظم درانی صاحب سے ریکویسٹ کرونگا کہ وہ بات کریں۔ آپ نے دومنٹ کا کہا تھا، دومنٹ بات کریں۔

سالانہ بجٹ برائے مالی سال 15-2014 پر عمومی بحث

جناب اعظم خان درانی: نَحْمَدُہٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ۔ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ۔ جناب سپیکر! میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے مجھے موقع دیا 15-2014 بجٹ پر تقریر کرنے کا۔ جناب سپیکر، یہ میرا پہلا بجٹ سیشن ہے اور گورنمنٹ کا دوسرا بجٹ سیشن ہے لیکن جو میں سن رہا ہوں، جو میں نے سنا، ان دو دنوں میں، ہر طرف سے تنقید اور آہ وزاری شروع ہے، ہونا تو یہ چاہیئے تھا کہ بجٹ تقریر سے پہلے، اس بک کی بائنڈنگ سے پہلے، اس اسمبلی میں اس پہ ڈسکشن کیلئے اور سارے ممبران سے رائے لی جاتی، اگر وہ اس میں شامل ہوتے تو آج یہ نوبت نہ آتی۔ جناب سپیکر، ہم جس صوبے میں رہ رہے ہیں، یہ انتہائی پسماندہ صوبہ ہے، غربت کے لحاظ سے ہم Bottom line پہ ہیں اور معدنی وسائل کے لحاظ سے ہم سارے صوبوں سے ٹاپ پہ ہیں لیکن یہ المیہ کیوں ہے؟ جناب سپیکر، یہ سوالیہ نشان ہے۔ ہر ایک گورنمنٹ نے اس پہ توجہ دینی ہے لیکن اس صوبے کو جو مسائل درپیش ہیں، جو چیلنجز درپیش ہیں، وہ بہت بڑے بڑے ہیں، مثال کے طور پر دہشتگردی، مہنگائی، بے روزگاری، بھتہ خوری اور ایک طرف ہمارا یہ بجٹ۔ جناب سپیکر، میں نے آپ سے کہا تھا کہ میں دومنٹ لونگا لیکن مجبوری ہے، تھوڑا دومنٹ کا اضافہ ہوگا، یہ بھی زیادتی ہے۔ جناب سپیکر، جب ہم تقریر سنتے ہیں اپنے معزز کی تو اس کے اہداف اور سوچ کے مطابق سہہ فریقی اتحاد اس صوبے میں خلفائے راشدین اور

جمہوری طرز حکومت کرنا چاہتے ہیں اور اس کا خیال ہے لیکن اس صوبے میں جتنے بھی یہ لوگ رہتے ہیں، اس بجٹ میں ان کا حق ہے، ہم کہتے ہیں کہ جب تقسیم کرتے ہو تو وہ نقطہ نگاہ سامنے رکھو، میں چند چیزیں آپ کے نوٹس میں لانا چاہتا ہوں بجٹ کے حوالے سے، روڈز سیکٹر میں، پبلک ہیلتھ میں، تعلیم میں، صحت میں، ایریگیشن میں، ان میں زیادہ سے زیادہ بجٹ رکھنا چاہیئے تھا لیکن تقسیم منصفانہ ہونی چاہیئے۔ جناب سپیکر، میں آپ کو ایک مثال دیتا ہوں، پبلک ہیلتھ کے جو ہمارے منسٹر صاحب ہر تقریر میں یہ کہتے ہیں کہ میں جب تقسیم کرتا ہوں تو Basic needs پر کرتا ہوں، جہاں پر بنیادی ضروریات ہوں، وہاں پر میں تقسیم کرتا ہوں۔ شکر ہے وہ ابھی گئے۔ جب میں نے اے ڈی پی دیکھی تو اس میں ضلع بنوں میں 50 ملین تھے، لکی میں 50 تھے، کرک اور کوہاٹ میں 30 30،40 40 ملین تھے، تورغر میں 10 ملین تھے اور میرے موصوف منسٹر صاحب کے ضلع میں، میں صوابی کا ذکر نہیں کرونگا کیونکہ اس میں وہ سہ فریقی اتحاد ہے، سپیکر صاحب کا اس میں نہیں ہے لیکن 318.18 ملین میرے منسٹر صاحب کے حلقے میں تھے تو جناب سپیکر! یہ بھی انصاف نہیں ہے۔ میں نے چیف منسٹر صاحب سے ایک ریکویسٹ کی تھی، یہ میں ایک تجویز دے رہا ہوں سراج الحق صاحب کو کیونکہ یہ اس پہ آنا ہے، یہ سسٹم، وفاقی گورنمنٹ نے اور مختلف این جی اوز نے صوبے بھر میں ٹیوب ویلز بنائے ہیں اور وہ ٹیوب ویلز کام بھی کر رہے ہیں، کمیونٹی کے ہیں لیکن بدحالی اور مہنگائی کی وجہ سے وہ بل ادا نہیں کر سکتے، تو میں نے چیف منسٹر صاحب سے ریکویسٹ کی کہ میرے حلقے میں بھی ایسے ٹیوب ویلز ہیں، اس نے سیکرٹری صاحب کو لکھا تھا کہ Takeover the scheme جناب سپیکر، آج تک اس پر کوئی عمل نہ ہوا۔ میں ریکویسٹ کرتا ہوں سراج الحق صاحب کو کہ یہ پراسیس ان پہ آنا ہے، پوسٹیں انہوں نے Sanction کرنی ہیں، یہ Takeover کرینگے، یہ میری تجویز ہے کہ اگر گورنمنٹ کروڑوں روپے لگا رہی ہے ٹیوب ویلز پر، صاف واٹر پر تو یہ کیوں نہیں Own کرتے؟ اسی طرح اس نے ایک پوائنٹ اٹھایا اپنی بجٹ سپیچ میں کہ ہم کوشش کرتے ہیں کہ ہر ایک محکمے میں، خاصکر ایجوکیشن میں ہم اپوائنٹمنٹس اور بھرتیاں اور تبدیلیاں وہاں پر کریں جو اس کے نزدیک ہوں۔ آج آپ کے سامنے میں نے منسٹر صاحب سے کہا، ڈائریکٹر صاحب بھی بیٹھے ہوئے ہیں، قیصر صاحب بھی ہیں، میں نے ایک Proposal دی تھی ان کو، اس نے Corrigendum بھی ایشو کیا لیکن کچھ میں ہوا، کچھ 19 کے پرنسپلز

ڈی آئی خان میں اور ضلع بنوں میں اسی طرح سکولز پڑے ہیں، میری یہ ریکویسٹ ہے کہ ایجوکیشن کی ایمرجنسی کے تحت اس کو فوراً بنوں شفٹ کیا جائے اور ایک Proposal دے رہا ہوں کہ میرے ضلع میں ڈی ای او میرے خیال میں 17 کا یا 18 کا ہے اور میرا ایک پرنسپل ہے، دو تین سکولوں کا وہ 20 کا ہے، آیا یہ قانونی طور پر اس کا وزٹ کر سکتا ہے یا نہیں؟ میرے خیال میں 19 کا بندہ 20 گریڈ کی سرزنش نہیں کر سکتا اور نہ اس سکول کا وزٹ کر سکتا ہے۔ اگر سارے ڈی ای اوز گریڈ 20 کے ہو جائیں اور وہ ٹھیک ٹھاک بندہ ہو اور یہ نچلے لیول پہ جتنے بھی پرنسپلز وہاں رہتے ہیں، ان کے بھی ٹرانسفرز کے احکامات ان کو سونپے جائیں تو یہ زیادہ بہتر ہو گا اور اس میں آسانی آئے گی اور ڈیوٹی بھی یہ لے سکتے ہیں۔ اس میں ایک نکتہ اور آتا ہے، اس میں ڈپٹی ڈی ای اوز ان کے ساتھ ہوتے ہیں، ان کو بھی پروموٹ کیا جائے تاکہ 16 یا 17 میں وہ چلے جائیں یا 18 میں وہ چلے جائیں، پھر اس قانون میں بہتری آسکتی ہے۔ ہم تو باہر سے ان کیلئے مانیٹرنگ کا سسٹم بنا رہے ہیں، ہمارے پاس اپنا سسٹم ہے ہر ایک ضلع میں اور ٹھیک ٹھاک سسٹم ہے، اس کو فعال کیا جائے۔ اگر ہم ان پہ اعتبار نہیں کرینگے تو یہ صوبہ چلانے کیلئے ہم کہاں سے بندے لائیں گے؟ جناب سپیکر، میری یہ ریکویسٹ ہے کہ اس سسٹم کو، ان تجویزوں کو سراج صاحب نوٹ کریں اور ان پہ غور کریں۔ جناب سپیکر، جس صوبے میں ہم رہ رہے ہیں، اس کا Depend زراعت پر ہے 70/80 پرسنٹ، سارے غریب لوگ اسی میں بستے ہیں اور زراعت ان کی انکم کا ذریعہ ہے۔ ایک طرف ہم کہتے ہیں کہ ہم ٹیکس نہیں لگاتے، دوسری طرف اگر ہم تنخواہیں ان کی بڑھاتے ہیں تو دس پرسنٹ کے حساب سے اور وزراء حضرات کی اور اراکین اسمبلی کی ہم نے 100 پرسنٹ تک بڑھادیں، میں یہ تجویز دیتا ہوں کہ اس پہ غور کیا جائے کہ دس کی بجائے اس کو بیس کر دیا جائے۔ جناب سپیکر، یہ وہ لوگ ہیں جو دن رات کام کرتے ہیں اور یہ اتنے زیادہ نہیں ہیں، دو ڈھائی لاکھ یہ بندے ہونگے، اگر ان کی تنخواہ میں تھوڑا سا اضافہ ہو جائے تو جناب سپیکر! یہ اور بھی اچھا کام کرینگے۔ ایک طرف جناب سپیکر، ہم دعوے کرتے ہیں کہ ہم اس صوبے کو ماڈل صوبہ بنائیں گے، دوسری طرف ڈیویلپمنٹ کا ایک پیسہ بھی نہیں لگا ہمارے ضلع میں تو جناب سپیکر! منسٹر صاحب نے، سراج الحق صاحب نے ڈیڑھ ارب روپے کا Bonus claim کیا ہے، اب میں حیران ہوں کہ یہ وفاقی گورنمنٹ نے ہمارے ساتھ مذاق تو نہیں کیا، طنزیہ انداز میں تو نہیں لیا؟ میری سوچ کے مطابق ایک سال کا پیسہ ہم نے

خرچ نہیں کیا اور میں سمجھتا ہوں کہ باقی تین صوبوں سے ہم ایک سال ڈیویلپمنٹ سیکٹر میں پیچھے رہ گئے۔ جناب سپیکر، اگر دیکھا جائے، میں نے اے ڈی پی دیکھی تو ہر ایک۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: وہ آپ کے دومنٹ ہو گئے اسلئے۔۔۔۔۔

جناب اعظم خان درانی: شکریہ جناب سپیکر۔ جناب سپیکر، ایک کنسلٹنسی میں جو آپ نے پہلے کہا تھا 100 ملین کا 10 ملین کا، اب میرے خیال میں تین کروڑ ہے، یہ تو اچھی بات ہے پہلے بھی سی ایم صاحب سے ریکویسٹ کی تھی کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن نے لیکن اس نے نہیں مانا تھا اور آج وہ نکتہ ہے کہ ساری پراگریس میاں صاحب نے جو پیش کی، جعفر شاہ صاحب نے وہ زیرو تھی، یہ میرے خیال میں کنسلٹنسی کی وجہ سے تھی اور میں ریکویسٹ کرتا ہوں کہ اگر تین سے بھی یہ ذرا اوپر لے جائیں نا تو یہ بہتر ہوگا۔ جناب سپیکر، اب میں ایک چیز آپ کے نوٹس میں لانا چاہتا ہوں کہ میں ضلع بنوں سے تعلق رکھتا ہوں، منسٹر صاحب بھی بیٹھے ہوئے ہیں، ہنس بھی رہے ہیں، میں نے ان سے پہلے بھی بات کی تھی، میرے ساتھ ناانصافی ہو رہی ہے، انصاف کی گورنمنٹ، (مداخلت) نہیں، منسٹر بلدیات، (قہقہہ) ! میرے ساتھ ناانصافی ہو رہی ہے، انصاف کی گورنمنٹ میں بشمول ترازو، جب یہ تولتے ہیں تو ایک طرف زیادہ دیتے ہیں دوسری طرف وہ ترازو خالی ہوتا ہے۔ ایم سی میں ایک کروڑ روپے اس میں اپنے رکن کی وساطت سے ٹینڈرز لگائے، اسی طرح ڈسٹرکٹ کونسل میں تین کروڑ 72 لاکھ روپے ہمارے ضلع کا فنڈ تھا، اس میں اس ایم پی اے کا حق نہیں تھا؟ میرے ساتھ ملک ریاض بیٹھے ہیں، اس کا حق نہیں تھا؟ فخر اعظم صاحب بیٹھے ہیں، اس کا حق نہیں تھا؟ ایک ایم پی اے کو صرف ملا ہے جناب سپیکر، اگر یہ انصاف ہے تو ٹھیک ہے۔ اب جب حوالہ دیتے ہیں شاہ فرمان صاحب تو وہ کہتے ہیں کہ ہم آئے ہیں اور چینج لائینگے، میں نے یہ وعدہ نہیں کیا تھا پچھلی گورنمنٹوں نے کہ ہم اس طرح کرینگے۔ آپ نے ایک نعرہ لگایا کہ ایک ماڈل صوبہ بنائینگے، انصاف ہوگا، شفافیت ہوگی، کسی کے ساتھ تعصب نہیں ہوگا، تو یہ کیا ہے؟ جناب سپیکر، میں آپ سے ریکویسٹ کرتا ہوں کہ پچھلے بجٹ میں جو کچھ ہوا، ٹھیک ہے ہم سہہ لینگے لیکن آئندہ اس کا ازالہ کیا جائے۔ شکریہ جی۔

جناب سپیکر کی جانب سے اعلان

جناب سپیکر: میں اعلان کرنا چاہتا ہوں۔ایک تو یہ ہے،ان شاءاللہ تعالیٰ کل اجلاس صبح دس بجے شروع ہوگا اور دو بجے تک اجلاس رہیگا اور ہم نے تمام پارلیمانی پارٹی لیڈرز سے مشاورت کے بعد یہ فیصلہ کیا ہے، قائد حزب اختلاف صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا سے اور دیگر پارلیمانی پارٹی کے سربراہوں سے صلاح ومشورہ کے بعد یہ فیصلہ کیا گیا کہ بجٹ اجلاس کے موجودہ پروگرام میں تبدیلی کر کے مورخہ 22جون بروز اتوار کو چھٹی کی جائیگی۔سالانہ بجٹ برائے 15-2014 کے مطالبات زر اور فنانس بل پر رائے شماری دو دنوں میں یعنی مورخہ 21اور 23جون کو کی جائیگی۔ ضمنی بجٹ پر بحث کیلئے صرف ایک دن مورخہ 24جون مقرر کیا جاتا ہے جبکہ ضمنی بجٹ کے مطالبات زر پر رائے شماری کیلئے مورخہ 25جون مقرر کیا جاتا ہے۔مزید برآں یہ بھی فیصلہ کیا گیا کہ اجلاس کی صرف ایک ہی نشست ہوگی جو کہ صبح دس بجے سے لیکر دو بجے دوپہر تک جاری رہیگی، لہذا تمام ممبران اسمبلی اور جملہ کابینہ سے گزارش کی جاتی ہے کہ اجلاس میں اپنی بروقت شرکت کو یقینی بنائیں۔

(تالیاں)

سالانہ بجٹ برائے مالی سال 15-2014پر عمومی بحث

جناب سپیکر: عسکر پرویز صاحب۔

جناب عسکر پرویز: تھینک یو مسٹر سپیکر، میں آپ کا شکر گزار ہوں، آپ نے مجھے موقع دیا کہ اس بجٹ کی بحث میں حصہ لے سکوں۔جناب سپیکر،اس اسمبلی میں آنے سے پہلے میری اپنی کمیونٹی کے جو مشران ہیں، بڑے ہیں، ان کے ساتھ اکثر بحث ہوتی رہتی تھی اور وہ لوگ مجھے اکثر کہتے تھے کہ اقلیتوں کو برابر کے حقوق نہیں ملتے آپ لوگوں کو، ہم لوگوں کو وہ چیزیں نہیں دی جاتیں جو ایک عام شہری کو حاصل ہوتی ہیں لیکن میں ان کو ہمیشہ یہ بات کہتا تھا کہ نہیں ہم لوگوں کو برابر کے حقوق بھی حاصل ہیں، ہم لوگوں کو اپنے حقوق کے بارے میں شاید اتنی آگاہی نہیں ہے جس کی وجہ سے ہم لوگ پیچھے رہ گئے ہیں۔ ہم لوگ شاید تعلیم میں پیچھے ہیں اور میں ہمیشہ اس چیز کو Defend کرتا تھا کہ نہیں ہم لوگوں کو برابر کے حقوق حاصل ہیں،اس کی 'مین' وجہ شاید یہ تھی کہ تمام سٹوڈنٹ لائف میں لڑکپن تک شاید ہمارے گھر والوں نے اور ہماری فیملی نے اتنی خوبصورت دنیا ہمارے ارد گرد ڈیزائن کی ہوئی تھی اور اس کے بعد بھی انہوں نے اتنی

اچھی ہماری تربیت کی کہ ہم لوگ اپنے آپ کو Navigate کر سکیں اس سسٹم میں، جب میں نے سیاست بھی جوائن کی تو میرا تعلق بھی جمعیت علماء اسلام (ف) سے تھا اور اس پارٹی نے بھی مجھے اتنی محبت اور عزت دی جس کا ثبوت یہ ہے کہ میں 29 سال کی عمر میں یہاں پر ممبر صوبائی اسمبلی بھی بن گیا اور اس پارٹی کے اندر بھی مجھے کبھی اس قسم کا کوئی فرق محسوس نہیں ہوا کہ ان لوگوں نے میرے ساتھ کبھی کوئی فرق کیا ہو لیکن جناب سپیکر، اسمبلی میں آنے کے بعد بھی میرا یہ جو Perception تھا، وہ مضبوط ہوتا چلا گیا۔ پہلا بجٹ جب پچھلے سال پیش ہوا، محترم وزیر خزانہ صاحب نے پیش کیا، اس پر میرے کچھ تحفظات تھے، میں نے ان کا اظہار اسی طریقے سے بجٹ تقریر میں کیا تھا تو محترم وزیر نے کھڑے ہو کر کہا تھا کہ آپ لوگ اپنے آپ کو اقلیت نہ کہا کریں، یہ اچھا نہیں لگتا، آپ لوگ ہمارے بھائی ہیں، اس ملک کے شہری ہیں، برابر کے حقوق آپ کو حاصل ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ چیف ایگزیکٹیو صاحب نے کھڑے ہو کر کہا تھا کہ اس اسمبلی کے ایک عام ممبر کو جو چیزیں Available ہونگی، آپ کو اس کے ڈبل پوائنٹس یا جو چیزیں بھی ہونگی، وہ آپ کو Double available ہونگی۔ اس سے اگلے دن انہوں نے کھڑے ہو کر یہ Commitment بھی کی تھی کہ ڈبل کے علاوہ میں اس سے بھی بڑھ کر یہ بات کرتا ہوں کہ آپ جو کہیں گے، اس کے مطابق کیا جائیگا جیسے آپ کہیں گے، میرا دل باغ باغ ہو گیا، میں نے کہا واہ کیا بات ہے۔ اس کے کچھ ہی دنوں کے بعد محترم وزیر جو ہیں، ہمارے اوقاف ڈیپارٹمنٹ کے، انہوں نے ہمیں بلایا اور انہوں نے ہمیں کہا کہ آپ کیلئے پچھلے سال چار کروڑ 70 لاکھ روپے اقلیتوں کیلئے فنڈز مختص کئے گئے ہیں، یہ آپ تینوں ایم پی ایز آپس میں برابر بانٹ لیں۔ اس کے کچھ ہی دنوں کے بعد ہمارے ایک جو اقلیت کے ممبر ہیں، سردار سورن سنگھ صاحب، ان کا As a Special Assistant for Minority Affairs آرڈر بھی ہو گیا تو مجھے اور بھی بہت خوشی ہوئی اور میرا یہ Perception مزید مضبوط ہو گیا اور میری ان لوگوں کے ساتھ مزید یہ بحث کرنا شروع ہو گئی کہ نہیں ہم لوگ یہاں پر بہت محفوظ ہیں، ہم لوگوں کو برابر کے حقوق حاصل ہیں لیکن شاید وہ آخری اچھی خبر تھی جو مجھے اس اسمبلی میں ہوتے ہوئے ملی، اس کے بعد میری تمام امیدوں کے غبارے سے ایسی ہوا نکلی اور اب تک میری تمام امیدیں جو ہیں، وہ دم چھوڑ چکی ہیں۔ جناب سپیکر، میرا اس اے ڈی پی سے زیادہ Concern اس وجہ سے ہے کیونکہ ایک عام ایم پی اے کو جب اے ڈی پی ملتی ہے تو اگر Average

اور منصفانہ تقسیم ہو جائے تو میرا خیال ہے کہ ایک ایم پی اے کو ایک اے ڈی پی کے اندر روڈز بھی مل جاتے ہیں، سڑکیں بھی مل جاتی ہیں، پرائمری سکولز بھی مل جاتے ہیں، کالجز بھی مل جاتے ہیں تو اگر اچھا بجٹ اور منصفانہ تقسیم ہو جائے تو تقریباً ایک ایم پی اے کو 70 سے 80 کروڑ کا بجٹ مل جاتا ہے لیکن جناب سپیکر، ہم جو اقلیت کے ممبران ہیں، ہم لوگوں کو نہ روڈز ملتے ہیں، نہ پرائمری سکول ملتا ہے، نہ ہمیں کالجز ملتے ہیں اور ہم لوگوں کو ایسی کوئی سہولت موجود نہیں ہوتی ہے اور خاص طور پر تعمیر سرحد پروگرام کے خاتمے کے بعد ہم لوگوں کا تمام Emphasis اور لوگوں کی تمام ڈویلپمنٹ صرف اس چیز کے اوپر منحصر ہے جو کہ Auqaf, Hajj Religious and Minority Affairs کے حصے میں جو Minority Affairs کو Annual Development Program میں حصہ دیا جاتا ہے اور جناب سپیکر! Annual Development Program میں اوقاف ڈیپارٹمنٹ کو جو حصہ ملتا ہے، وہ پورے بجٹ کا 0.1 percent ہے، مطلب اگر بجٹ 100 روپے کا ہے تو اس میں سے 0.1 percent جو ہے، وہ اوقاف ڈیپارٹمنٹ کیلئے مختص ہے اور اس 0.1 percent میں سے بھی 50 percent جو ہے، وہ Religious Affairs کو ملتا ہے اور 50 percent وہ Minority Affairs کو ملتا ہے، مطلب 0.1 percent کا بھی آدھا۔ اب جناب سپیکر، خیبر پختونخوا کی ٹوٹل آبادی جو ہے، وہ ہے دو کروڑ 60 لاکھ، تکلیف کی بات یہ ہے کہ جو ڈیپارٹمنٹ جس نے خیبر پختونخوا کی Demography کو Express کرنا ہے، اس کا Concern ہے، اس کی ویب سائٹ کے اوپر لکھا ہوا ہے کہ اقلیتوں کی تعداد پورے صوبے میں 70 ہزار ہے۔ جناب سپیکر، میں سب سے پہلے تو یہ بتانا چاہتا ہوں کہ آبادی کبھی بھی Round figures میں ہو ہی نہیں سکتی، آبادی، کہنے کو میں کہہ سکتا ہوں کہ بھئی ہاں پاکستان کی آبادی جو ہے، وہ 18 کروڑ ہے لیکن Actually وہ 18 کروڑ نہیں ہے، جب آپ Statistics دیتے ہیں تو آپ اس کو Integrate کرکے فگرز کے اندر دیتے ہیں، 18 کروڑ Round میں کبھی بھی آبادی نہیں ہو سکتی۔ تو اس 70 ہزار کے فگرز سے بھی پتہ چلتا ہے کہ ہماری حکومت نے اقلیتوں سے کس حد تک لینا دینا ہے، وہ 70 ہزار لکھ کر کیونکہ جتنا میں جانتا ہوں، ہماری آبادی جو مختلف علاقوں میں، صرف پشاور کے اندر، کوہاٹ کے اندر جو لوگ مقیم ہیں، جو لاہوری کے اندر مقیم ہیں، جو اکیڈمی کے اندر مقیم ہیں، تقریباً تیس چالیس ہزار تو ہم لوگ صرف

پشاور میں Christians آباد ہیں، تو یہ کیسے کہا جاسکتا ہے کہ پورے صوبے کے اندر صرف ہم لوگ 70 ہزار لوگ ہیں اور وہ بھی Round figures میں؟ خیر میں واپس بجٹ کی طرف آتا ہوں، اس میں 0.1 percent اگر دو کروڑ 60 لاکھ کی آبادی کے اندر اگر ہم لوگ تین لاکھ لوگ بھی صوبے کے اندر اقلیتوں کے موجود ہیں تو وہ تقریباً 2 percent of the total population of Khyber Pakhtunkhwa ہم لوگ بنتے ہیں تو At least 2 percent بجٹ کا شیئر تو کم از کم ہمیں مینارٹی کے حق میں دیدینا چاہیئے تھا لیکن 0.1 percent اوقاف ڈیپارٹمنٹ کو دیا گیا اور اس میں سے بھی 0.1 percent کا بھی 50 percent جو ہے، وہ مینارٹی کے حوالے کیا گیا۔ اب جناب سپیکر، جو پچھلے سال ٹوٹل چار کروڑ 70 لاکھ روپے جو ہیں، وہ Minority Affairs کیلئے مختص کئے گئے تھے، اب جب نیا بجٹ آیا ہے تو افسوس کی بات یہ ہے کہ ان چار کروڑ 70 لاکھ روپے میں سے ڈیپارٹمنٹ یا حکومت صرف 30 لاکھ روپے خرچ کر چکی ہے، وہ کیپیٹل سائڈ میں نہیں، صرف ریونیو سائڈ میں اور اس 30 لاکھ روپے کی بھی سٹوری یہ ہے کہ شاید سپیشل اسسٹنٹ صاحب پھر سیونگ کیلئے کہہ دیں کہ مجھے پتہ ہے لیکن میں یہ بات گارنٹی کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ وہ 30 لاکھ روپے کس طرح خرچ ہوئے ہیں؟ وہ سپیشل اسسٹنٹ صاحب کو خود بھی نہیں پتہ۔ اب یہ جو سکیمیں تھیں، وہ پچھلے سال اے ڈی پی کا نمبر تھا 253 "Improvement and Rehabilitation of Catholic Church Peshawar Cantt"، 50 لاکھ روپے مختص تھے، وہ نئی اے ڈی پی میں 47 نمبر سکیم ہے، اسی سکیم کو دوبارہ Replicate کر دیا گیا ہے، سکیم کے پیسے خرچ نہیں کئے جاسکے۔ 248 نمبر سکیم تھی پچھلے سال Annual Development Program میں "Improvement of Minority Education Institutions"، ایک کروڑ روپے مختص تھے، نئی سکیم ہے، اس کو سکیم نمبر دیا گیا 49، ایک کروڑ روپے، ایک کروڑ روپے پچھلے سال میں خرچ نہیں کئے جاسکے۔ "Welfare for Minority in KPK" سکیم کا نمبر تھا 249، پچھلے سال آٹھ ملین روپے مختص کئے گئے تھے، اس سال 50 نمبر سکیم ہے، پیسے خرچ نہیں کئے جاسکے پچھلے سال۔ پچھلے سال 251 نمبر سکیم تھی "Improvement, Rehabilitation of Residential and Worship Places of Minorities in KPK"، 11 ملین روپے مختص کئے گئے تھے، اس سال سکیم نمبر 51، پچھلے سال اس میں سے ایک روپیہ بھی خرچ نہیں کیا

جاسکا، اب نئے سال میں تقریباً جناب سپیکر! سات کروڑ 70 لاکھ روپے مختص کئے گئے ہیں تو اس کا مطلب ہے کہ پچھلے سال چار کروڑ 70 لاکھ روپیہ حکومت نے اقلیتوں کیلئے مختص کئے تھے۔ اگر یہ پچھلی سکیمیں جن کے پیسے خرچ نہیں کئے جاسکے، ان کو اگر نکال دیں تو اس سال نئے سال میں اس حکومت نے پورے صوبے کی Minorities کو صرف 36 ملین روپے کا فنڈ فراہم کیا اور چونکہ باقی فنڈز جو ہیں، وہ Lapse، ختم ہو چکے ہیں، نہ تعمیر سرحد پروگرام ہے، نہ ہمیں اے ڈی پی میں کسی اور چیز کا حصہ ملتا ہے۔ ایک عام ایم پی اے کو تو ڈسٹرکٹ ڈیویلپمنٹ فنڈ میں بھی اور دوسری مد میں بھی کافی پیسے مل جاتے ہیں لیکن ہمارا سارا Emphasis اسی تین کروڑ روپے پر ہے تو اسلئے میں اس کا زیادہ ذکر کروں گا، میں زیادہ ٹائم نہیں لوں گا کیونکہ میں نے صرف اس کے اوپر ہی بات کرنی ہے۔ جناب سپیکر! صرف یہاں پر یہ معاملہ ختم نہیں ہوا، جناب سپیکر! ہم لوگوں کو منسٹر صاحب نے ایک میٹنگ کیلئے بلایا ہے اور آپ کو کہا کہ آپ تینوں یہ جتنے بھی پیسے ہیں، یہ آپ آپس میں برابر میں تقسیم کرلیں۔ اس کے بعد جب سپیشل اسسٹنٹ صاحب کا آرڈر ہوا تو انہوں نے ہمیں میٹنگ کیلئے بلایا اور انہوں نے کہا کہ یہ پیسے برابر کے تقسیم نہیں ہوسکتے، اس میں 60 لاکھ روپے میں رکھوں گا، آپ لوگوں کو 40،40 لاکھ روپے دیئے جائیں گے، باقی دونوں ایم پی ایز کو۔ اس کے بعد چرچ میں دھماکہ ہوا تھا، ہمارے منسٹر صاحب او قاف جو ہیں وہ چرچ دھماکے والی Place کے اوپر جب تشریف لے گئے تو وہاں پر اعلان کرکے آئے کہ 10 لاکھ روپے میں اس چرچ کی 'ری کنسٹرکشن' کیلئے دیتا ہوں۔ اب جناب سپیکر، وہ اعلان کرکے آئے، طریقہ کار تو یہ تھا کہ وہ ایک سمری بناتے، سی ایم صاحب کو موؤ کرتے، ان سے ریکویسٹ کرتے، ان سے پیسے لیتے اور چرچ کو Provide کردیتے، ان لوگوں نے ہم لوگوں کو بلایا اور کہا کہ بھئی چار چار لاکھ روپیہ آپ اپنی اے ڈی پی کے فنڈ سے کٹوا دیں اور مجھے دیں تاکہ میں چرچ کو ٹرانسفر کرسکوں کیونکہ میں وہاں پر اعلان کرکے آیا ہوں۔ جناب سپیکر، اس بجٹ کو آپ غور سے دیکھیں تو اس میں تقریباً تمام باتیں جو ہیں وہ Repeat کی گئی ہیں، یہ بجٹ جو ہے وہ الفاظ کو اس طریقے سے Manipulate کیا گیا ہے، اس کی ایک میں مثال دیدوں گا۔ یہ منسٹر صاحب کی ایک تقریر ہے میرے ہاتھ میں، اس میں صفحہ نمبر 54 پر لکھا ہوا ہے، "اسلئے 15-2014 سے اجرت کی کم از کم شرح 12 ہزار روپیہ ماہوار مقرر کی جارہی ہے، آئندہ 12 ہزار روپیہ ماہوار سے کم تنخواہ پر ملازم رکھنا قابل سزا جرم تصور ہوگا"۔

په چیئرمینانو کښې وکړلو کنه، داسې دنیا کښې یو مثال نشته څکه چې په 21 اضلاع کښې د جماعت اسلامی چیئرمینان لګیدلی دی، دا نور ټول هسې فارغ یو موږ پکښې. سپیکر صاحب، دا ډیره د افسوس خبره ده چې انصاف هغې ته وئیلې کیږی چې بالکل برابر، وفاق نه خو موږ ګیله کوؤ چې موږ ته پیسې نه راکوی، موږ ته فنډ نه راکوی، موږ سره بې انصافی کوی او تاسو چې کومه بې انصافی کوئ، تاسو ته به څوک ګیله کوی بیا، تاسو ته خو موږ دلته خبرې وکړو په یو غوږ ئې واؤرئ او په دې بل ئې اوباسئ، بهر چې رااوځو وخاندو او وایو چې ډیر ښه ډیبیټ وشو، (تالیاں) سپیکر صاحب، عمل خو پکار دے کنه، د عمل د پاره به چا ته درومو، د عمل د پاره به چرته دریم کس راولو؟ چې دا کوم بجټ بک دے، دا کوم بجټ تقریر وشو چې کوم تاسو درې پارټئ دی، جماعت اسلامی، شهرام خان ترکئ اور تحریک انصاف، د دریواړه انصاف چې جمع کړئ درې ضلعې شوې پکښې بس، او چند مخصوص کسان، چند منسټران چې هغه پکښې خوشحاله شول او شاه فرمان بیا جګ شی چې څه قسم کښینی بیا جګ شی وائی چې اطلاعات تک رسائی، رائټ ټو انفارمیشن بل، رائټ ټو انفارمیشن، شاه فرمان صاحب! زه تا نه دا پته کوم چې په کے پی کے هاؤس کښې روم نمبر چار چې تر اوسه پورې ئې نوټیفیکیشن نه دے شوے، تاسو دې سره څه۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: بیټنی صاحب! بجټ ته راشئ.

<u>جناب محمود احمد خان</u>: بجټ، موږ دا ریکویسټ کوؤ چې زما د ضلعی د پاره یو یو کروړ په روډ کښې ایښودلې شوې دی چې د ټولو نه پسمانده ضلع ده، نور یو شے پکښې نشته، نور څه پکښې اووایم درته؟ ٹھیک ہے یو کروړ روپئ، دا مذاق نه دے د دغې صوبې سره او دغه هاؤس سره مذاق نه دے؟ چھ کلومیټر روډ ئې ایښودلے دے، د دغې کال د پاره یو کروړ نو پینځه کاله به دا سکیم چلیږی، دا دوړې او دغه چې وی، بد دعا به موږ ته کوی څکه وائی چې تا خو روډ راکړے وو او داسې نه وو خبر چې روډ کښې یو کروړ روپئ درته ایښې دی. پسې راتیر شه جناب سپیکر! چې کوم د چینج نعره شوې وه چې موږ به په بجټ کښې او په هر

څه شی کښې به انصاف راولو، هغه مونږ ته هیڅ څه هم داسې نشو ښکاره چې په هغې کښې به انصاف راشی۔ ما په اول بجټ کښې وئیلی وو چې زما ضلع کښې د اوبو ډیر زیات تکلیف دے او ډیر زیات مسئله ده ما ته لیکن پوره د اے ډی پی کتاب کښې زما د ټانک ذکر نشته پکښې د اوبو لحاظ سره ځکه د څښکلو اوبه چې دا د انسان ضرورت دے، دا د انسان بنیادی اول حق دے، د هغه حقه ئے مونږ محروم کړو، هغه دې وجې نه چې پته نشته چې دا مونږ سره کومه رویه، کوم سلوک کیږی، مونږ خو دا کله وربا ندې نه پوهیږو چې دا زما ضلع په دې صوبې کښې وی که نه؟ زه خو داسې پکښې کنفیوز شوم ځکه چې کوم ناروا کیږی، که په اول بجټ کښې شوی دی او که په دغه بجټ کښې شوی دی، زما د ضلعې سره شوی دی۔ سپیکر صاحب، زه دوه خبرې کوم چې ټانک کښې تقریباً ایک لاکھ 66 هزار ایکړ زمکه ده چې هغې کښې خالی 20 هزار قابل کاشت ده ایریګیشن لحاظ سره او فصل 13 هزار ایکړ باندې کیږی، اوس مونږ ته څومره ضرورت دے د اوبو د ایریګیشن لیکن مونږ چا ته فریاد وکړو؟ په دغه اے ډی پی بک کښې، په دغه هغه کښې داسې شے نشته پکښې چې مونږ دغه اوبو د پاره به دا وشی۔ دغسې که سکولونه وګورئ، کالج دے هغې کښې نیم کښې فورس پروت دے او نیم کښې کالج، یک یو کالج دے ټانک کښې، بل پکښې کالج نشته۔ دلته دوئ وائی چې ایمرجنسی ده، ایمرجنسی خو په مونږ باندې ده چې یک یو کالج دے، په هغې کښې نیم کښې فورسز پراته دی او نیم کښې سبق وئیلے شی او د زنانه یک یو کالج دے پکښې، نور پکښې هیڅ شے نشته۔ مونږ سپیکر صاحب، دا ریکویسټ کوؤ چې نه ټیکنیکل کالج شته پکښې، نه کامرس کالج شته پکښې زما ضلعې کښې، دا یو شے نشته، ووکیشنل مرکز خالی دوه دی، هغه اوس هم نوټیفیکیشن وشو چې د چا 100 نه هغه کم وی، ووکیشنل خو اوس شته چې دا بل ټریننګ والا دے چې دا هم بند کړو، هغه خو ئے بند کړو۔ ډی ایچ کیو هاسپټل دے، ډیر ښکلې هاسپټل جوړ شوے دے خو د Equipments پکښې کمے دے، څنګه رنګ چې منسټر صاحب اووئیل چې مونږ دا کوشش کوؤ او دې باندې مونږ خوشحالیږو چې تاسو دا کوشش وکړئ چې کوم سامان پکښې کم وی، خاصکر چې دا مشینری پکښې کمه ده او د ډاکټرانو کوم کمے دے پکښې چې دا هم

پکښې پوره شی، نور خو دا آمبریلا سکیم دے، آمبریلا سکیم حساب کښې به تاسو خپلې طریقې باندې هرې ضلعې ته چې په کومې طریقې بجټ ورکوئ خو دا ټانک هم پکښې یادوئ او یو تورغر، ځکه دغې صوبې کښې دا دوه ضلعې دی چې تنها ایم پی اے ګان ئے دی، بل ایم پی اے پکښې هم نشته۔ ورسره ورسره سپیکر صاحب، د روږ ز خبره وشوه، منسټر صاحب اووئیل چې دا په Need basis شوې ده، که دا په Need basis وی او واقعی چې دا خالی د دغې صوبې او د دغه ضلعو ته تاسو خیال کړے وی چې دا په Need basis شوې ده، بیا پکار ده چې زما په ضلع کښې هم دغسې 15 یا 20 کلومیټر جوړیدے څنګه رنګ چې عنایت صاحب باندې ایک ارب پانچ کروړ روپئ پکښې جوړیږی او ورسره محمد علی د هغې ضلع باشنده دے او هغه ته 15 کروړ ورکړلې کیږی، دا ډیره د افسوس خبره ده سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب، اطلاع تک رسائی چې شاه فرمان صاحب اووئیل، زه بحیثیت یو خبره کوم بیا سپیچ ختم کوم، بحیثیت یو ممبر، ایم پی اے، دوئ وائی چې هر سړے تللے شی او دغه انفارمیشن اخستلې شی، ما ټیلیفون ورته کړے دے دلته چې دا کوم بکنګ کوی، ما ورته وئیل دا ریکارډ ما ته راکړه چې دغه کمرو کښې څوک څوک دی؟ هغوی وئیل چې دا ته سیکرټری صاحب سره خبره وکړه، چې سیکرټری ته مې ګهنټې وکړه، هغه هم دروغ اووئیل، بیا دے څنګه رائټ ټو انفارمیشن وائی چې دغه عام سړے غریب سړے چې کوم ریړئ چلوی، ریړئ باندې سودا خرڅوی، بیا هغه به رائټ ټو انفارمیشن څنګه رااخلی؟ زه سپیکر صاحب! چې کوم بجټ پیش شوے دے، نورو ټولو پارلیمانی لیډرانو خبرې وکړې، زما ضلعې سره ډیر ناروا شوې ده، ډیر پکښې زیاتے شوے دے۔ زه دا ریکویسټ کوم په اخری کښې تاسو ته سپیکر صاحب! چې سراج الحق صاحب ځکه چې دے خو د یو جماعت امیر هم دے، زمونږ فنانس منسټر دے، دوئ به زړه ستر ګرځوی، دوئ غر دی، مونږ به لوټې ټیګې وررولو، دوئ به زړه ستر ګرځوی ځکه چې مونږ هم د دغه هاؤس ممبران یو۔ زه په اخری کښې یو شعر وایم بیا ئے ختم کوم، وائی:

ے خلقو راته وئیل چې مبارک شه یار دراوکتل
ما ته ئے په سترګو کښې وئیل چې سره ګورو به

(قہقہے اور تالیاں)

جناب سپیکر: فخر اعظم۔

جناب فخر اعظم وزیر: اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیمِ۔ جناب سپیکر صاحب، زه ستاسو شکریه ادا کوم چې تاسو ما ته موقع راکړه۔ ما نه مخکښې زمونږ سینیئر کسانو ډیرې ښکلې خبرې وکړې او خبرې ډیرې Comprehensive وشوې نو ما ته پکښې څه پاتې نه دی خو زه بیا څه تجویز درکوم چې هغه تنقید برائے اصلاح دے، هغه تنقید برائے تنقید نه دے۔ دا بجټ چې 404 ارب روپئ والا دے نو څوک وائی چې عوام دوست دے، څوک وائی چې د عوامو خلاف دے خو دا خو به ټائم، وخت ثابتوی ان شاء اللّٰه خو چې دا یو کال کښې مونږ څه وکتل یا څه تجربه مو وشوه، زه په دې باندې څه خبرې کول غواړم۔ ټولو نه اول چې د دې ګورنمنټ دا دعویٰ ده چې مونږ پټواری کلچر ختم کړو او اوس به انتقال ټیکس د دوئ نه اخلی، دا یو ښه ډیویلپمنټ دے او مونږ دا شے Appreciate کوؤ خو ورسره ورسره چې یو بل شے وشو چې د هغې وجې عوامو ته تکلیف ملاؤ شو او ډیر زیات هغه دغه دے چې هر پټواری هغه خپله موضعو ته لاړل چې هلته لاړل نو یو انتقال پسې یا یو ډومیسائل پسې یو کس د پینځه ورځو ځی او راځی، یو کس به پینځه ورځې ځی او راځی په یو ډومیسائل پسې، په یو انتقال پسې، دا مونږ منو چې ورسره تاسو مطلب دے یو ښه Step هم واخستو خو ورسره دا غضب مو ورکړو۔ نو دا اپیل مې دے دې هاؤس ته جناب سپیکر صاحب! چې پټواریان دا ټول هغه خپل تحصیل ته راوغواړی چې څه رنګه مخکښې کوم روایات وو، چې دا کوم دوئ په یو تکلیف کښې مبتلاء دی چې د دغې نه خلاص شی ځکه چې کوم موضع کښې دی، هلته نه ورته بلډنګ شته او هلته د دوئ د ریکارډ ضائع کولو خطره هم ده، نو چې دوئ یو تحصیل ته راشی۔۔۔۔

جناب سپیکر: فخر عالم صاحب! بجټ، بجټ باندې که پلیز خبره کیږی نو ښه به وی۔

جناب فخر اعظم وزیر: سر! دا بجټ دے کنه سر، دا بجټ لکه چې، نو دغې سره به عوام ته ریلیف ملاؤ شی۔ دویمه خبره دا ده چې څه رنګې د ګورنمنټ دا نعره وه

د تهانه کلچر چې مونږ تهانه کلچر ریفارم کوؤ او د دغې د پاره مونږ پولیس ته 27 ارب روپئ په دې بجټ کښې ورکړې، 27 ارب، نو دا یو کال کښې چې مونږ څه وکتل لکه دا د ګورنمنټ دعویٰ ده چې مونږ 27 ارب روپئ هم ورکوؤ او چې کوم ایف آئی آر دے، دا به آن لائن کیږی او دغې نه علاوه زمونږ چې کوم د پولیس اهلکاران دی، هغه مو معطل کړل ځکه چې کرپټ دی، نو زه دا وایم چې که معطل شوی دی چرته نو ایس ایچ او معطل شوے دے یا کانسټیبل معطل شوے دے، اوسه راهسې ډی ایس پی، ایس پی، ډی آئی جی ته څوک لاس نه وروړی نو دا ټول ګناه ایس ایچ او کړے وی؟ چیج به هله راځی چې تاسو کله بالا افسرانو ته ګوتئ واچوئ، چینج به هله راځی په پولیس کښې چې چرته ایس پی معطل شی، ایس ایچ او سره کانسټیبل سره چینج مینج نه راځی ځکه چې غټ مګرمچھ چې ته اونیسې، بیا به چینج راځی، نو اوسه راهسې یو کال کښې غټ مګرمچھ نه دے نیولے شوے، که شوی دی، کانسټیبل دے، حولدار دے، ایس ایچ او دے۔ بل طرف ته چې څه رنګه تاسو د پیسې ذکر کوئ، پیسې ورکړې دی، دا مونږ منو خو د هغه سره زما په حلقه کښې څلور تهانړی دی او هغه تهانړه کښې زه چې کوم ګاډی د یو کال نه وینم، هغه د سابقه ګورنمنټ والا دی، نه هلته ګاډی ملاؤ شوی دی، نه نور Facility تاسو ورکړی دی نو مونږ دا وایو چې دا 27 ارب روپئ دا په ځائې باندې اوس ولګی، پولیس ته ورکړې شی چې هغې باندې دوئ مطلب هغه خپل ګاډی هم واخلی او هغه خپل چې کوم ضرورتونه دی هغه پرې پوره کړی۔ چې څه رنګې د تعلیم خبره ده، تعلیم هم ما نه مخکښې زما دې ملګرو ډیری Comprehensive قصې کړې دی او زمونږ معزز منسټر صاحب جوابونه هم ورکړی دی او لکه دې طرف ته تعلیم کښې 114 ارب روپئ تاسو په دې بجټ کښې ورکړې دی او ایمرجنسی مو نافذه کړې ده او ورسره ورسره یکسان تعلیم نظام هم تاسو رائج کړے دے۔ دا ټهیک خبرې دی، دا د هغه تعلیم د ریفارمیشن د پاره صیح دی خو زه دې باره کښې څه تجاویز درکوم۔ پهلا خبره خو دا ده چې نقل ډیر زیات دے، نقل، Cheating، خاصکر جنوبی اضلاع کښې Cheating ډیر زیات دے او هلته د نقل د وجې زمونږ بچیان تباه شول او که دا حال ئے وی نو Next هغه به صرف کلاس فور ته محدود شی او دا اوس دې یو

کال کېږي چې دا کوم تاسو ایجوکیشن نظام راوستے دے نو هغه نقل اوس هم روان دے ، هغه نقل اوس هم کیږی، زبردست کیږی او په دې باندې ټول کنټرولر، اسسټنټ کنټرولر خبر دی او بل طرف ته چې کوم د سکولونو د اساتذه حاضری ده، هغه ټهیک نه ده۔ نو زه دا وایم چې د نقل چې کوم لعنت دے چې دا ختم شی زمونږ په معاشره کښې نو دغلته نه به زمونږ دا تعلیمی نظام ټهیک شی ځکه چې که مونږ زیات یکسان نظام تعلیم راؤړو او نقل دغسې روان وی نو دا هیڅ فائده نه کوی او ورسره ورسره چې څه رنګې چې معزز منسټر صاحب خبره کړې ده چې مونږ بهوت سکولونه آباد کړی دی، بالکل دا خبره یو حده پورې صحیح ده۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: شکریه جی، شکریه۔ ټائم دغه دے او بجټ باندې، جی جی۔

جناب فخر اعظم وزیر: هسې ما خو ډیرې خبرې کولې خو زه به اخری خبره وکړم چې نن سبا د شمالی وزیرستان آپریشن شروع شوے دے او د شمالی وزیرستان آپریشن ډائریکټ په بنوں باندې اثر دے ، نه ئے په پیښور باندې شته او نه ئے په کوهاټ شته، نه ئے په ډی آئی خان شته، ټولو نه اول په بنوں باندې دے او Bannu is a gateway to Waziristan چې که چرته آئی ډی پیز راځی، هغه به ځی بنوں ته او که چرې راکټ راځی هغه به راځی بنوں ته او که چرته خودکش کیږی، هغه به کیږی په بنوں کښې، نو زه وایم چې بنوں ته سپیشل توجه د ورکړی او دا آئی ډی پیز باره کښې د سپیشل د پیکج اعلان وکړی او اوس اوس د وکړی ځکه چې ډائریکټ اثر په بنوں باندې دے ، نورو اضلاع باندې که څه اثر وی نو هغه 'انډائریکټ' دے او په بنوں باندې ډائریکټ اثر دے۔ نو سر، دا زما ریکویسټ دے ګورنمنټ ته چې دې باره کښې د دوئ سیریس شی ځکه چې اوسه پورې دوئ داسې څه شے نه دے کړے چې کله نه د شمالی وزیرستان آپریشن سټارټ دے نو بنوں ته دوئ توجه نه ده ورکړې، نو زه دا وایم چې دغه باره کښې د د سپیشل پیکج اعلان وکړی ځکه چې شمالی وزیرستان د بنوں نه صرف په پندره سوله کلومیټر باندې دے ، نو چې په پندره او سوله کلومیټر باندې یو شے وی او هلته آپریشن سټارټ وی نو ډائریکټ Impact په بنوں باندې وی۔ نو دې باره کښې سر، زما هاؤس ته اپیل دے او سی ایم صاحب هم ناست دے چې د سپیشل پیکج اعلان د وکړی خاصکر ځکه چې ګرمی هم ده، روژه هم راروانه ده او د آئی

ډی پیز د پاره څه هم خاص نشته، مطلب دا دے چې څه خاص ګورنمنټ ورله څه ورکړی نه دی۔

جناب سپیکر: شکریہ جی۔ ٹائم شارٹ ہے اوراس کے بعد کریم خان،اس کے بعد علی امین، کریم خان۔

جناب عبدالکریم: زه به سحر بیا وکړم جی، سبا له بیا، سبا له۔

جناب سپیکر: علی امین گنڈاپور۔

جناب علی امین خان (وزیر مال): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریہ جناب سپیکر، سب سے پہلے تو میں اپنے معزز ارکان کا بے حد مشکور ہوں کہ جو صرف تنقید برائے تنقید نہیں کر رہے ہیں بلکہ ساتھ ساتھ جو گورنمنٹ کی پازیٹیو چیزیں ہیں، جو اچھے اقدامات ہیں، اچھے ریفارمز ہیں، ان کی تعریف بھی کر رہے ہیں اور جہاں تک انہوں نے ایک بات کی محکمہ مال کے حوالے سے کہ محکمہ مال میں پٹواری کلچر کا خاتمہ ہے، وہ لینڈ ریکارڈ کو کمپیوٹرائز کئے بغیر نہیں ہو سکتا، اس پر ان شاءاللہ کام ہو رہا ہے اور بہت جلد اس ایوان میں ان شاءاللہ اس کیلئے جو 12 اضلاع ہمارے بقایا ہیں، ان میں بھی ان شاءاللہ قرارداد پیش کرینگے اور ان شاءاللہ یہاں سے منظور ہو گی اور ان شاءاللہ دو سالوں کے اندر اندر پورا صوبہ مکمل طور پر جی آئی ایس کے ذریعے کمپیوٹرائزڈ ہو جائیگا اور اس طریقے سے پٹواری کلچر سے مکمل نجات مل جائیگی۔ میں یہ بھی یہاں پر کہنا ضروری سمجھتا ہوں کہ جب ہم نے حکومت سنبھالی تو اس وقت کاغذوں میں تو اس صوبے میں دس سال سے یہ نظام کمپیوٹرائزڈ ہو رہا تھا لیکن ہمیں Percent 001. بھی کوئی ایسی دستاویز یا کوئی ایسی چیز نہیں ملی جس سے کچھ لیکر آگے چلتے، تو زیرو سے سٹارٹ لیا اور ماشاءاللہ پائلٹ پراجیکٹ ہم نے مردان کو شروع کیا اور آٹھ مہینے میں مردان کا ہم نے 90% کام ان شاءاللہ کر لیا ہے۔ اس کے علاوہ جناب یہ کہتے ہیں کہ پٹواری اپنے موضع میں اگر جاتا ہے تو وہاں پر مسئلہ آتا ہے عوام کو کہ عوام تحصیل میں آتے ہیں اور پٹواری ان کو نہیں ملتا، تو بعض موضع بہت بڑے ہیں، بعض تحصیلیں ذرا بڑی ہیں، اس کیلئے ان شاءاللہ ہم کام کر رہے ہیں۔ کچھ اور پٹواری ہم وہاں پر لگا کر مسئلے کو حل کر رہے ہیں لیکن تحصیل بھی بعض بہت بڑی ہیں اور تحصیل کافی دور پڑتی ہیں، تو پٹواری کا اپنے موضع کے اندر رہنا زیادہ ضروری ہے کیونکہ بہت سے لوگ پٹواری کو ملنے کیلئے تحصیل آتے ہیں کافی دور سے، اور وہاں پر پٹواری موجود نہیں ہوتا تو ان کو تکلیف ہوتی ہے اور موضع میں پٹواری کی موجودگی، ہمارا جو سسٹم ہے ریونیو کا، لاء ہے، اس کے مطابق پٹواری کو موضع میں ہی ہونا چاہیئے۔ اس کے علاوہ ٹیکس کے

حوالے سے کچھ ہمارے معزز اراکین نے بات کی ہے، تو قومیں جب بھی بنتی ہیں، ٹیکس دے کر ہی بنتی ہیں، اگر قوم نے اپنے پاؤں پر کھڑا ہونا ہے، صوبے نے پاؤں پر کھڑا ہونا ہے تو وہ ٹیکس دینگے، امیر آدمی ٹیکس دیگا، اس سے غریب آدمی کی کفالت ہوگی اور ساتھ ساتھ صوبے میں ترقیاتی کام ہونگے۔ تو چونکہ ٹیکس کے بارے بار بار بات آئی ہے، میں یہ کہنا ضروری سمجھتا ہوں یہاں پر کہ ہم نے ٹیکس لگایا ضرور ہے لیکن ساتھ ٹیکسوں کو کم بھی کیا ہے، اس کی نشاندہی یہاں پر کوئی نہیں کر رہا ہے۔ ایگریکلچر ٹیکس کو ہم نے، پہلے ہمارا 80 ہزار روپے سے شروع ہوتا تھا ایگریکلچر ٹیکس، اب ہم نے اس کو چار لاکھ کر دیا ہے تاکہ ان لوگوں کو Taxable کیا جائے، ٹیکس کے اندر لایا جائے کہ جو لوگ زیادہ پیسہ کما رہے ہیں، امیر لوگوں کو ٹیکس کے اندر لایا جائے۔ اس کے علاوہ ہمارا Selling tax تھا بلڈنگز کا، 10 روپے سکوائر فٹ تھا اور اس میں فلور کی کوئی اس میں کیٹگری نہیں تھی، ابھی ہم نے اس کو کیٹگری وائز کر دیا ہے کہ ہر فلور کا علیحدہ ٹیکس ہے۔ اس کے علاوہ ہم نے سیلز ٹیکس کو کم بھی کیا ہے، اس کی کوئی نشاندہی یہاں پر نہیں کر رہا ہے لیکن ساتھ ساتھ یہ بتانا ضروری سمجھتا ہوں کہ ہم نے جو غریب لوگوں کیلئے ایک بہت بڑا پیکج اس بجٹ میں دیا ہے، اس کی ان کو بہت تعریف کرنی چاہیئے کیونکہ ہمارا زیادہ تر صوبہ غریب ہے اور اس میں چھ ارب روپے ہم نے دیئے ہیں جس میں چھ لاکھ فیملیز کو ہم لوگ ریلیف دینگے آٹے اور گھی کی مد میں اور اس سے تقریباً 40 لاکھ لوگ مستفید ہونگے۔ تو میں یہاں پر اس ایوان میں یہ کہنا ضروری سمجھتا ہوں کہ یہ سارا ایوان، اگر کسی کا دل جلتا ہے اس بات کے اوپر کہ میرے حلقے میں مجھے فنڈ کم ملا ہے تو بالکل ہمارے بھی حلقے ہیں، ہمیں بھی بہت احساس ہے، وہاں پر ہر بندے کی خواہش ہے کہ میرے حلقے میں کوئی بھی کمی نہ ہو، نہ ہسپتال میں، نہ سکول میں اور نہ روڈز میں لیکن بہت سے ممبران ایسے ہیں کہ جو اس سے پہلے بھی اسمبلیوں میں آتے رہے ہیں اور بیٹھے رہے ہیں، جو سابقہ نظام ہمیں ملا ہے، ایک ٹائم میں سارے ضلعوں میں کام شروع نہیں ہو سکتا اور نہ سارے مسائل حل ہو سکتے ہیں۔ اس وقت ہمارا جو بڑا مسئلہ ہے، جس پر ہمیں بحث کرنی چاہیئے اور اس ایوان کو ملکر ایک آواز اٹھانی چاہیئے، وہ یہ ہے کہ 140 ارب روپیہ واپڈا اور وفاق کو واجب الادا ہے ہمارے صوبے کا، ہمیں اکٹھا ہونا چاہیئے اور ایک آواز اٹھانی چاہیئے اس کیلئے اور اس کو یہاں پر لانا چاہیئے۔ اگر آپ ہمارے ساتھ اکٹھے ہوں اور اس کو لانے میں کامیاب ہوئے تو ہم وعدہ کرتے ہیں کہ ان شاء اللہ آپ کی کمیاں جو ہیں

بجٹ کے اندر، وہ ہم پوری کر دینگے اور امید رکھتے ہیں کہ چونکہ یہ صوبہ ہمارا ہے اور اس صوبے کے عوام نے ہمیں ووٹ نہیں دیا، اس سارے ایوان کو ووٹ دیا ہے اور ان کا حق بنتا ہے، اس ایوان کے اندر صرف ذاتیات یا ذاتی حلقے کی بات نہیں بلکہ پورے صوبے کی بات ہونی چاہیئے اور وفاقی حکومت سے یہ ڈیمانڈ کرنی چاہیئے۔ ساتھ ساتھ جو یہ آئی ڈی پیز کا ایک مسئلہ بن گیا ہے، جو آپریشن شروع ہو گیا ہے یہاں پر، جس میں ہمارے صوبے کو بتایا تک نہیں گیا اور ہمیں میڈیا کے تھرو پتہ چلا اس بات کا کہ جی آپریشن شروع ہو گیا ہے، تو اس کے اوپر ہمیں ایک لائحہ عمل بنانا چاہیئے مل بیٹھ کر، اکٹھے ہو کر تا کہ یہ جو لوگ ہمارے صوبے میں آ رہے ہیں، ان کیلئے بہترین ریلیف کا بندوبست کر سکیں، ان کی مہمان نوازی کر سکیں اور اس جنگ میں جو ہم ایک عرصے سے گرفتار ہیں، اس سے نکل سکیں۔ اس کے علاوہ میں یقین دلاتا ہوں آپ کو ان شاء اللہ کہ محکمہ مال میں اگر مسائل آئے ہیں تو اس کی وجہ یہ تھی کہ اس سے پہلے پٹواری Monthly دے رہے تھے، بھتہ دے رہے تھے، جب ان کا بھتہ بند ہوا تو انہوں نے مختلف طریقے سے بلیک میلنگ بھی کی، آج بھی بہت سے پٹواری ہڑتال پر ہیں، کبھی کہتے ہیں تنخواہ بڑھاؤ، کبھی کہتے ہیں مراعات بڑھاؤ لیکن ہم آپ سے وعدہ کرتے ہیں ان شاء اللہ کہ پٹواری کلچر کا مکمل خاتمہ کرینگے اور بلیک میل بھی نہیں ہونگے اور آپ سے یہ بھی گزارش ہے کہ ابھی چونکہ ہر ضلع میں ہو رہا ہے، آپ کے حلقے میں، آپ جائیں اور جو ہمارے Vendors ہیں، جو اس کو کمپیوٹرائزڈ کر رہے ہیں، ان کی سپیڈ چیک کریں، کام کی سپیڈ چیک کریں، ان کی سپیڈ اگر کم ہے، یہ آپ ہمیں بتائیں، نشاندہی کریں تا کہ ہم کام کو تیزی سے کر کے مکمل طور پر اکٹھے ہو کر جلد از جلد اس مسئلے کا حل نکالیں۔ شکریہ۔

جناب سپیکر: جناب فیصل زمان۔

راجہ فیصل زمان: پہلے تو میں سراج الحق صاحب کو مبارکباد پیش کرتا ہوں سر، اگر وہ سن لیں میری بات۔ اصل میں آپ نے بجٹ بک دیکھی ہو گی سر، (تالیاں) تو پرانا جو Precedent تھا ہمارا، اس میں بجٹ بک کے ساتھ حلقہ Reflect ہوا کرتا تھا، میں آپ کو مبارکباد اس بات پر دیتا ہوں کہ آپ نے حلقے کو ہٹا کے ڈسٹرکٹ لکھ دیا ہے کہ اس میں سب کچھ Cover ہو جائیگا۔ اب صوابی ہے، تو سارا ذمہ ہم نے سپیکر صاحب پر ڈال دیا ہے کہ ادھر چلا گیا ہے (قہقہے) تو اس میں ہم نے یہ نہیں

دیکھا، نوشہرہ ہے تو سارا نزلہ ہم نے چیف منسٹر صاحب کو قرار دیا ہے، سارا ادھر چلا گیا ہے، ادھر کے اور ایم پی ایز بھی ہیں لیکن آپ نے حلقہ وائز نہیں کیا کہ ہمیں ان کے حلقے کا پتہ لگتا کہ کونسے حلقے میں کتنا فنڈ گیا، کونسے حلقے میں کتنا فنڈ گیا؟ عاطف بھائی نے جو باتیں بتائیں، ان سے میں Agree کرتا ہوں، ان کی نئی سوچ اچھی ہے ریکروٹمنٹ کے حوالے سے کہ School based ہوگی، ٹیچرز ٹریننگ اچھی چیز ہے، فرنیچر بھی ہے لیکن میں یہ چاہونگا کہ آپ فرنیچر کی ڈسٹری بیوشن کم از کم ایسے طریقے سے کریں کہ اس میں بھی انصاف کا پہلو ذہن میں رکھ کے کریں جو آپ کی اپنی پالیسی ہے۔ دوسرا آپ نے کہا کہ ہم Incentives دینگے، اس میں بھی جو پسماندہ ڈسٹرکٹس ہیں، ان کو ذہن میں رکھیں اور سب سے بڑی رکاوٹ جو میں سی ایم صاحب کو بتانا چاہتا ہوں، ان کے نوٹس میں لانا چاہتا ہوں کہ آپ کو جو پچھلے بجٹ میں آئی ہے آپ نے کنسلٹنسی کا جو سسٹم رکھا، وہ آپ کیلئے سب سے بڑی رکاوٹ بنی، اس کی وجہ سے آپ کا ٹائم پیریڈ ضائع ہوا ہے، Ongoing سکیموں میں پیسہ چلا گیا ہے اور خاص طور پر New schemes میں پیسہ اس وجہ سے نہیں جا سکا کہ ہم Decide نہیں کر سکے کہ یہ بک ہم ڈیپارٹمنٹ کے حوالے کریں یا کنسلٹنٹ کے حوالے کریں؟ میں اب بھی کہتا ہوں سر! کہ آپ اپنے ڈیپارٹمنٹ پر اعتماد کریں، اچھے لوگوں کو آگے لائیں، ان سے کام لیں اور ان کے اوپر چیک اینڈ بیلنس رکھیں اور ان سے اچھا کام لے سکیں۔ یہ جو پروفیشنل ٹیکس لگایا گیا ہے، ابھی پروفیشنل بہت کم لوگ ہمارے پاس رہ گئے ہیں حالات کی وجہ سے، اس ٹیکس کے بعد کہیں وہ بھاگ نہ جائے، تھوڑا ان پر بھی چیک رکھ لیجئے گا، کچھ حالات کا پتہ نہیں لگتا۔ Immovable Property Tax جو آپ نے لگایا ہے لیکن ہر گھر پہ جب لگے گا غریب آدمی پر تو وہ آپ کیلئے Problem create کریگا، اس پہ آپ نظر ثانی کریں۔ میں ایگریکلچر ٹیکس دینے کیلئے تیار ہوں لیکن یہ جب 70% لوگوں کو Affect کرتا ہے تو اس پر بھی آپ نظر ثانی ضرور کریں کہ اس پر ہم کیا نظر ثانی کر سکتے ہیں۔ مرکز کے حوالے سے کہا گیا کہ آپ کے تعلقات خراب ہیں تو آپ ہی کی اسمبلی کا ایک ممبر جو اللہ کے کرم سے گورنر بن گیا ہے، آپ ان کو As a bridge use کریں اور آپ ہم کو بھی Use کریں، استعمال کریں اور ہمیں لیکر، میں تو چاہونگا مہتاب عباسی صاحب کو As a bridge between Provincial Government and the Federal Government آپ استعمال کر کے اپنے حقوق ان کو

ساتھ رکھ کر لینے کی کوشش کریں۔اس کے بعد تھوڑی سی میری ریکویسٹ ہوگی سی ایم صاحب سے بھی کہ Elected بندے کے نام پر ڈائریکٹیوز جاتے ہیں تو ہمیں خوشی ہوتی ہے، ہمیں کوئی اس پر خفگی نہیں لیکن Unelected بندے کو جب فنڈز جائیں گے تو ظاہری بات ہے بندے کا تھوڑی سا یہ ہوتا ہے کہ میں جس حلقے میں ہوں، وہاں Unelected بندے کو فنڈز جائیں،اس پر تھوڑی سی اس دفعہ رکاوٹ ہونی چاہیئے اور خاص طور پر جو سکیمیں چلی گئی ہیں، وہ تو چلی گئی ہیں، میں عاطف صاحب سے بھی اور فرمان شاہ صاحب سے بھی، شاہ فرمان صاحب سے، یہ دو تین ڈیپارٹمنٹس ہیں، روڈز ہیں، ہمیں ان تین ڈیپارٹمنٹس کے علاوہ۔۔۔۔

جناب سپیکر: ویسے فیصل صاحب! بڑی زیادتی ہے کہ آپ اتنے مقبول ترین آدمی کا نام بھی نہیں جانتے۔

راجہ فیصل زمان: سر! یہ کبھی ہمارے لئے تو شاہ بھی ہے اور فرمان بھی ہیں، تو ہم آگے لگائیں یا پیچھے لگائیں کام تو چلتا ہے ہمارا، (قہقہے) ہمارے بڑے محترم ہیں۔ سر، میں کہونگا کہ کم از کم آمبریلہ میں تو ہمارا خیال رکھ دیا جائے اور کچھ نہیں ہے، وہ کہتے ہیں کہ Beggars are not chooser، کم از کم ہمیں آمبریلہ میں Accommodate کیا جائے اور اس میں میں توقع کرونگا کہ ہمارے ساتھ زیادتی نہیں ہوگی۔ ہمیں ادھر سی ایم صاحب نے کھڑے ہو کر ایک دفعہ کہا تھا اپنی سپیچ میں کہ آپ سب میرا ساتھ دیں، جو بند سکولز ہیں، میں ان کو کھولونگا، جن ہسپتالوں میں پوسٹیں نہیں ہیں، میں پوسٹیں Create کرونگا، تو میں ان کو کہونگا کہ ہر حلقے میں آج پندرہ پندرہ، بیس بیس سکولز ایسے ہیں جو بنے ہوئے ہیں، وہاں پوسٹیں سینکشن نہیں ہیں۔ فنانس کا پراسیس ایسا ہے کہ وہاں پر سکولوں کی پوسٹیں سینکشن ہو جائیں تو یہ بھی آپ کی ایک نیک نامی ہو جائیگی، یہ میری تجویز ہے۔ مینارٹیز کے حوالے سے فنڈز، میرے بھائی نے سب سے اچھی تقریر میرے بھائی نے کی ہے، وہ جو مینارٹیز کا منسٹر ہے، اس نے بڑی جذباتی تقریر کی ہے، میں اس سے بڑا خوش ہوں اور سورن سنگھ سے، اور ادھر میری ایک بہن نے بات کی ہے، میں Women Empowerment کے حوالے سے بات کرونگا کہ تحریک انصاف کو سب سے زیادہ ووٹ لیڈیز سے ملا ہے لیکن انہوں نے لیڈیز کیلئے کچھ نہیں رکھا، مجھے ان کیلئے دکھ ہے، میں یہ بات آن دی فلور کرونگا جی، (تالیاں) اور آخری بات میں اپنے گنڈاپور صاحب سے کرونگا جو میرے منسٹر بھی ہیں، میں ان کو یہ

ضرور کہونگا کہ پٹواری کلچر کو ختم بھی کرنا ہے لیکن پٹواری کو سرے سے ختم تو نہیں ہم نے کرنا،ان کے جو جائز مطالبات ہیں،وہ آپ ضرور مانیں،اگر کوئی ناجائز بات ہے تواس کو آپ نہ مانیں۔ہم ضرور کہیں گے کہ اگرانکی کوئی حق کی بات ہے،وہ اگر ہڑتال پر ہیں توانکی کوئی ایسی بات جو آپ سمجھتے ہیں کہ ٹھیک نہیں،اس کو نہ مانیں لیکن ایک ہٹ دھرمی میں آپ کا پورا صوبہ Freeze ہوا ہے،کسی کو کوئی چیز مل نہیں سکتی۔ انہوں نے اپنے اپنے صدر بنائے ہوئے ہیں اور ایک آپ کی نیک نامی تو نہیں ہورہی،توہم چاہتے ہیں کہ آپ کی عزت ہواور ہم اس عزت میں آپ کے ساتھ ہونگے۔میں ایک دفعہ پھر آپ کا سپیکر صاحب! شکریہ ادا کرتاہوں۔شکریہ۔

جناب سپیکر: سردار ظہور صاحب۔

سردار ظہوراحمد: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ إِيَّاكَ نَعۡبُدُ وَإِيَّاكَ نَسۡتَعِينُ۔ (تالیاں) جناب سپیکر صاحب،آپ کا بہت شکریہ کہ آپ نے بجٹ بحث میں مجھے حصہ لینے کا موقع دیا۔ يَـٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ لِمَ تَقُولُونَ مَا لَا تَفۡعَلُونَ۔ (ترجمہ): اے مسلمانو! تم وہ بات کیوں کہتے ہوں جو کرتے نہیں۔ جناب سپیکر،بجٹ کے ابتداء میں انتہائی محترم وزیر خزانہ صاحب نے یہ بات Quote کی کہ "ہماری حکومت جمہوریت پر یقین رکھتی ہے،ہم نے اقتدار میں مدینہ منورہ کی اسلامی ریاست اور نبی اخرالزمان حضرت محمد ﷺ اور خلفائے راشدین کے عہد زرین کو اعلیٰ ترین نمونے کے طور پر سامنے رکھا ہے۔ہم آج اس عہد کی تجدید کرتے ہیں کہ ہم اپنے ملک اور بالخصوص صوبہ خیبر پختونخوا کو سیاسی،معاشی اور معاشرتی استحصال سے پاک معاشرے میں تبدیل کریں گے"۔جناب سپیکر،مدینہ منورہ کی یہ اسلامی فلاحی ریاست تو انصاف اور مساوات پر مبنی تھی،کیا کے پی کے کی مخلوط حکومت نے گزشتہ بجٹ اور رواں مالی سال کے بجٹ میں ان ساری باتوں کو ملحوظ خاطر رکھا؟ جناب سپیکر،نبی اخرالزمان ﷺ کے دور میں ایک مسلمان اور ایک یہودی ان ﷺ کے دربار میں ایک مقدمہ لیکر پیش ہوئے۔حضور پاک ﷺ نے دونوں کو سنا۔یہودی نے اپنا مؤقف ٹھوس شواہد کے ساتھ پیش کیا اور مسلمان اپنا مؤقف صحیح طریقے سے پیش نہ کرسکا،تو حضور پاک ﷺ نے یہودی کے حق میں فیصلہ دیدیا اور اس بات کو نہیں دیکھا کہ یہ مسلمان ہے بلکہ انصاف اور مساوات کو مقدم رکھا جو ان ﷺ کا طرہ امتیاز تھا۔جناب سپیکر،محترم وزیر صاحب نے

مزید کہا کہ "خیبر پختونخوا قدرتی اور انسانی وسائل سے مالامال صوبہ ہے لیکن اس کے باوجود ہمارے عوام غربت اور پسماندگی کا شکار کیوں ہیں؟" آگے اس کی بنیادی وجہ بھی بتادی، "اس کی بنیادی وجہ وسائل کی غیر منصافانہ تقسیم، ناقص منصوبہ بندی، بے روزگاری، ناخواندگی، لاقانونیت، بدعنوانی، رشوت ستانی، اقرباءپروری، کمزور احتسابی نظام اور بہترین طرز حکمرانی کا فقدان ہے"۔ جناب سپیکر، وسائل کی غیر منصفانہ تقسیم کے حوالے سے بہت باتیں ہوئیں اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ ہماری اپوزیشن نے ہر اس پہلو پر بات کی جس کو بار بار Quote کرنا میں بہتر نہیں سمجھتا۔ میرا تعلق ڈسٹرکٹ مانسہرہ کے ہیڈکوارٹر سے ہے، مانسہرہ ون سے ہے، جناب سپیکر! میری Constituency earthquake کے بعد جتنی متاثر ہوئی، نہ صرف مانسہرہ کے تمام حلقوں سے، بالاکوٹ سے، پی کے 56 سے بلکہ الائی سے، کوہستان سے اور بٹگرام سے جتنے Affectees تھے، آکر مانسہرہ کے ارد گرد آباد ہوئے۔ جناب سپیکر، میں نے بارہ دفعہ سی ایم صاحب سے بھی درخواست کی کہ ہمارا انفراسٹرکچر بالکل تباہ ہے، سڑکیں ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہیں اور سب سے بڑا مسئلہ ہمارے پینے کا صاف پانی جو نہ ہونے کے برابر ہے بلکہ میں یہ کہونگا کہ بہت سے لوگوں نے دیکھا بھی ہے کہ مانسہرہ شہر کے باسی گٹر کا، سیوریج لائن کا گندا پانی پینے پر مجبور ہیں۔ جناب سپیکر، اس کے علاوہ بے ہنگم آبادی کی وجہ سے جو Affectees وہاں پر آئے ہیں، قبرستان کی اراضی نہیں، لوگ قبرستان جن کے ذاتی قبرستان ہیں وہاں پر جھگڑے روزانہ ہوتے ہیں، لوگ جنازے سڑک پر رکھتے ہیں یا اپنے دور دراز مقامات بٹگرام، کوہستان یا بالاکوٹ کی طرف لے جانے پر مجبور ہیں۔ جناب سپیکر، میری Constituency کا جغرافیہ آپ دیکھیں کہ بہت سے اضلاع بھی اس کے ساتھ لگتے ہیں، بہت سے علاقے اس کے ساتھ لگتے ہیں اور سارا لوڈ میری Constituency پر ہے۔ جناب سپیکر، نہ صرف وہاں پر قبرستان بلکہ کھیلوں کے میدان بلکہ اسی طرح ہماری Electrification ہے، وہ بھی زبوں حالی کا شکار ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ ہمارے روڈز بالکل ختم ہو چکے ہیں اور اسی طرح ہمارے کچھ ایریاز ہیں جہاں پر کالج کی اشد ضرورت ہے۔ بہر حال مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ اس اے ڈی پی کے اندر جناب سپیکر، مجھے کچھ بھی نہیں ملا، میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ وہ ناانصافی ہے، غیر مساویانہ سلوک ہے اور بہر حال سب نے اپنا اپنا رونا رویا۔ میں بجٹ کے حوالے سے کچھ باتیں کرتا ہوں، بے روزگاری کے خاتمے کیلئے اقدامات جو بجٹ میں ہوئے، یہ ٹھیک ہے

، یہ کہا گیا ہے، 50 ہزار سے لیکر دو لاکھ تک کا قرضہ، میں اس کا خیر مقدم کرتا ہوں لیکن اس کے ساتھ یہ اپیل بھی ضرور کرونگا کہ قرضہ بے روزگاری کے خاتمے کا حل نہیں اور نہ ہی تمام لوگوں کو سرکاری محکموں میں کھپایا جاسکتا ہے اور نہ ہی اس طرح بے روزگاری کا خاتمہ ہو سکتا ہے۔ میں نے پچھلے سال بھی اپنی بجٹ تقریر میں یہ بات کی تھی کہ ہمیں چاہیئے کہ ہمارا جو زراعت ہے جس سے ہماری تقریباً70 سے 80 فیصد آبادی منسلک ہے، اس میں انقلابی طور پر اصلاحات لائی جائیں، چونکہ 70، 80 فیصد آبادی اس کے پی کے کی بہت بڑی آبادی ہے، یہاں جدید اصلاحات لائی جائیں اور یہاں ایسے مواقع پیدا کئے جائیں کہ ہم ان بے روزگار لوگوں کو کم از کم 50% بے روزگار لوگوں کو زراعت کے ساتھ منسلک کر سکیں تاکہ ہماری ملکی زراعت بھی ٹھیک ہو، ہمارے ملک کی اجناس کی کمی بھی دور ہو اور جدید تقاضوں سے اس کو ہم آہنگ کیا جائے۔ جناب سپیکر، اسی طرح تھانہ کلچر میں تبدیلی کافی حد تک ہوئی لیکن ابھی بھی میں یہ سمجھتا ہوں کہ سیاسی دباؤ تھانہ کلچر میں موجود ہے، اس کی کئی مثالیں میرے پاس ہیں لیکن میں اس کو بار بار، اس دن بھی میں نے اسمبلی میں بات کی تھی، ان کو بار بار Quote کرنا نہیں چاہتا لیکن ضرورت اس بات کی ہے کہ کم از کم تھانہ کی سطح سے سیاسی دباؤ بالکل ختم کر دیا جائے، اس کیلئے ہم سب کے ساتھ مل بیٹھنے کو تیار ہیں۔ میرا تعلق مسلم لیگ (ن) سے ہے، نہ آج تک ہم نے تھانوں میں کبھی کسی کی سفارش کی اور نہ ہی ایسا کرنا چاہتے ہیں، ہم نے سب کو فری ہینڈ پہلے بھی دیا، تمام ایم پی ایز صاحبان نے کہ ہماری طرف سے کسی کی سفارش نہیں ہو گی لیکن اس کے باوجود بھی تھانوں میں مداخلت جاری ہے۔ جناب سپیکر، محصولات کے حوالے سے بات کرونگا، محصولات کے اندر شفافیت کی اشد ضرورت ہے، محصولات جس سے ہمارے بجٹ کیلئے Per day revenue ہوتا ہے، Fund generate ہوتا ہے، اس میں اصلاحات کی اشد ضرورت اسلئے ہے کہ مثال کے طور پر ہمارے ہاں مختلف قسم کے آکشنز ہوتے ہیں جو ڈسٹرکٹس کی سطح پر، جو میونسپل کمیٹیوں کی سطح پر آج بھی وہی فرسودہ سسٹم موجود ہے جناب سپیکر! آج بھی اگر کوئی اوپن آکشن میں، میں آپ کو مثال دیتا ہوں، ناران کی انٹری فیس کا آکشن پانچ مہینے کیلئے پانچ لاکھ میں ہوا۔ جناب سپیکر، اس سے پندرہ دن کے بعد دوبارہ ناران انٹری کا آکشن ہوا، وہ ایک سال کا ہوا 24 کروڑ روپے میں، نئی پارٹی آئی لیکن آپ یقین مانیں اس بندے کو Approval نہیں دی جا رہی، ایسے حالات ہیں، کون لوگ اس کے ذمہ دار ہیں کہ

کہاں پانچ لاکھ تھے کہاں 10 ہونے چاہیے تھے وہاں 24 لاکھ روپے۔ جناب سپیکر، جب میں نے ان سے پوچھا کہ یہ نئے لوگ آئے ہیں، صوبے کی آمدن میں اضافہ ہوگا، اداروں کی آمدن میں اضافہ ہوگا تو آپ ان کو کیوں Approval نہیں دیتے؟ وہ جی عجیب سی منطق پیش کرتے ہیں، کہتے ہیں جی یہ ہم نے چیلنج کردیا ہے، چھ مہینے کا 10 لاکھ کر دیا ہے، یہ کوئی بات ہے ایک سال کا 24 لاکھ۔ اسی طرح کی بہت سی چیزوں کی میں نشاندہی کرونگا، میں نے پچھلے سال اسی اسمبلی کے فلور پر ایک بات Quote کی تھی جناب سپیکر، ہمارا جو لاری اڈہ تھا، اس کے حوالے سے بات کرونگا۔ اس کا آکشن جب ہوا تو میں نے کہا کہ یہ پیسے بہت کم ہیں، جناب سپیکر! انہوں نے کہا جی ہم اس کو کینسل کرتے ہیں۔ یہاں پر یوسف ایوب صاحب ہمارے اچھے دوست ہیں، انہوں نے یقین دہانی کرائی تھی کہ آکشن کینسل کرائیں گے، اس کو 'ری آکشن' کرائیں گے اور میرے 12 دفعہ جانے کے باوجود وہ آکشن کینسل نہیں ہوا، اس کو Approval دیدی بلکہ ہمارے لئے ایک اور Problem create کیا، وہ یہ پرابلم کہ انہوں نے دوبارہ اس اڈے کا ایک اور آکشن کرادیا، دو کروڑ 85 لاکھ میں اس کا آکشن ہوا اور اسی طرح یہ تقریباً چار کروڑ سے Above رقم بنتی ہے اور دوبارہ آکشن کے سلسلے میں وہ لوگ کورٹ میں گئے۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> شکریہ جی۔

<u>سردار ظہور احمد:</u> انہوں نے Stay لیا۔ جناب سپیکر! میری بات، میں دومنٹ آپ کے لونگا۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> اذان ہو جائے گی۔

<u>سردار ظہور احمد:</u> تو ہم ساڑھے چار کروڑ سے محروم ہوئے، سپریم کورٹ تک کیس گیا ہے۔ یہ غلطی کس کی ہے جو میری Constituency کا ساڑھے چار کروڑ روپیہ، میرے ایم سی کا ساڑھے چار کروڑ روپیہ ضائع ہوا؟ جناب سپیکر، اسی طرح بہت سی چیزیں ہیں جن کو مخصوص لوگوں کو، میں اسلئے کہتا ہوں کہ مواصلات کے اندر شفافیت کی اشد ضرورت ہے، از سرنو اس کا جائزہ لیا جائے۔ اسی طرح کم سے کم تنخواہ کے حوالے سے بات ہوئی، کم سے کم تنخواہ پچھلے سال بجٹ میں 10 ہزار روپے رکھی گئی، اب اس کو بڑھا کر 12 ہزار کر دیا گیا۔ جناب سپیکر، میں ایک دو چیزیں، ایک دو مثالیں آپ کے سامنے پیش کرتا ہوں، مثال کے طور پر کوئی ڈیویلپمنٹل اتھارٹی کے اندر ورک چارج جو عارضی طور پر لگائے جاتے ہیں، ورک چارج، اسی طرح ٹی ایم

اے کے اندر فکسڈ تنخواہوں پر چار ہزار روپے میں اور ورک چارج سات ہزار روپے میں لگائے جاتے ہیں، یہاں اس پر Implementation کیوں نہیں ہو رہی؟ جناب سپیکر، اسی طرح ہیلتھ کے حوالے سے بات کرونگا، ہیلتھ، الحمدللہ اس میں کافی Improvement ہوئی اور ہماری ایجوکیشن میں بھی کافی Improvement ہوئی، ہم نے سی ایم صاحب سے ریکویسٹ کی تھی، سی ایم صاحب نے اس پر ڈائریکٹیو ایشو کیا، ہمارے ضلع مانسہرہ کے ایجوکیشن سسٹم کو سی ایم صاحب نے ٹھیک کیا اور ان تمام مافیا کو جو پندرہ پندرہ، بیس بیس سال سے ایک جگہ بیٹھے تھے، ان کو ہٹایا تو ہمارا System smooth ہو گیا۔ الحمدللہ عاطف خان صاحب نے بھی بہت اچھے اقدامات کئے، ہم ان کی تعریف کرتے ہیں، ان کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں، سی ایم صاحب بھی نوٹس لیتے ہیں، ڈائریکٹ بھی کرتے ہیں لیکن افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ سی ایم صاحب کے ڈائریکٹیو پر عملدرآمد نہیں ہو رہا۔ اسی طرح میں نے چند کرپٹ لوگوں کی نشاندہی کی، میں نے کہا آپ انہیں ٹھیک کریں، منسٹر صاحب عنایت اللہ خان صاحب بیٹھے تھے، ان سے ایک نہیں تین، ایک سال کے اندر دس مرتبہ کہہ چکا ہوں، Written دے چکا ہوں اور اس کے باوجود وہ ان لوگوں کو ہٹانا گناہ عظیم سمجھتے ہیں، جو کرپٹ عناصر ہیں۔ میں کھل کے بات کرتا ہوں، میں اسلئے کرتا ہوں کہ میں بارہ دفعہ عنایت اللہ خان صاحب کے پاس جا چکا ہوں، سی ایم صاحب نے انکی Recommendation بھی کی، اس کے باوجود اس پر کوئی عملدرآمد نہیں ہو رہا۔ اسی طرح جناب سپیکر، ہماری دیگر بہت سی اصلاحات ہوئیں ہیں، گورنمنٹ نے، میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس بجٹ کے اندر بہت سے اچھے کام کئے ہیں، ہم تنقید برائے تنقید نہیں کریں گے، جو اچھے کام ہیں ان کو ان شاء اللہ سراہیں گے، جہاں تک ہماری خدمات ہونگی ہم اپوزیشن والے، Specially (ن) لیگ کے جو ہمارے ممبران ہیں، وہ آپ کے ساتھ ہیں، اچھے کاموں میں ہمارے اپوزیشن کے سب ساتھی آپ کے ساتھ ہیں، جہاں کرپشن ہو گی، جہاں کوئی کوتاہی ہو گی، ہم نشاندہی ضرور کریں گے۔ آپ کا بہت بہت شکریہ، مہربانی۔

جناب سپیکر: عارف یوسف صاحب۔

جناب عارف یوسف (معاون خصوصی برائے قانون و پارلیمانی امور): شکریہ جناب سپیکر۔ سر! یہ Saturday کو پبلک ہالیڈے آ رہی ہے، اس کے بارے میں ایک موشن پیش کرنی ہے:

I rise to move that proviso attached to the sub rule (1) of rule 20 of the Provincial Assembly of the Khyber Pakhtunkhwa, Procedure and Conduct of Business Rules, 1988, may be suspended under rule 240 of the said rules and this Assembly may be allowed to meet on Saturday during the budget session.

جناب سپیکر: یہ چونکہ ہم نے صبح اعلان بھی کیا تھا چھٹی کا لیکن چونکہ انہوں نے موشن موو کی تو میں آپ سے وہ جو Saturday کو Routine میں چھٹی ہوتی ہے، ہم نے چونکہ بجٹ اجلاس میں، تو اس کی آپ سے Recommendation لینی ہے۔

Is it the desire of the House that the motion moved by the honourable Special Assistant, may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it.

کل دس بجے تک Adjourned کرتے ہیں۔

(اجلاس کل بروز جمعرات مورخہ 19 جون 2014ء صبح دس بجے تک کیلئے ملتوی ہو گیا)